حیوانات کی خوراک کا شرعی معیار

SHARI'AH STANDARD FOR ANIMAL FEEDS



مؤلف
مفتی سید عارف علی شاہ الحسینی

ناشر:
SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN

حیوانات کی خوراک کا شرعی معیار

SHARI'AH STANDARD FOR ANIMAL FEEDS

مؤلف
مفتی سید عارف علی شاہ الحسینی

ناشر:
SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN

کتاب کا نام: **حیوانات کی خوراک کا شرعی معیار**

مؤلف کا نام: مفتی سید عارف علی شاہ الحسینی
PhD ریسرچ اسکالر کراچی یونیورسٹی

رکن: شریعہ ریسرچ ڈیپارٹمنٹ، حلال سرٹیفکیشن مینیجر
SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN
رکن: حلال فوڈز اسٹینڈرڈائزیشن ٹیکنیکل کمیٹیز
نیشنل اسٹینڈرڈائزیشن کمیٹی برائے حلال *NSC HALAAL*
پاکستان اسٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (*PSQCA*)
وزارتِ سائنس و ٹیکنالوجی حکومتِ پاکستان

پہلا ایڈیشن: جمادی الاوّل، 1439 / فروری، 2018
ناشر: *SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN*
برائے رابطہ: 0092 - 03009061823 , 0341365655
ای میل: info@sanha.org.pk, saas.hfp@gmail.com

فہرستِ عنوانات

Table of Contents

عرضِ مؤلف

انسانی کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے گوشت ہمیشہ سے ایک اہم ترین جزء رہاہے، جسے پرانے زمانے میں انسان پالتو جانور یا شکار کے ذریعے پورا کرتا تھا، بعد میں بڑھتی ہوئی انسانی آبادی کی وجہ سے غذائی ضروریات بالخصوص گوشت کی طلب میں اضافہ ہوا، جس کو روایتی طریقے سے دستیاب جانوروں سے پورا کرنا مشکل ہو رہا تھا، لہٰذا اس کے لیے مختلف حیوانات مثلاً مویشیوں، مرغیوں اور مچھلیوں کی فارمنگ کا رواج شروع ہوا، جس میں فارمی حیوانات کو ایسی خوراک کھلائی جانے لگی، جس کے نتیجے میں کم وقت میں کم خرچے کے ساتھ مطلوبہ معیار ومقدار کو حاصل کیا جاسکے، دوسری طرف علومِ حیوانات (Animal Sciences) کی ترقی کی وجہ سے حیوانات کی خوراک میں ایسی چیزیں استعمال ہونے لگیں جو روایتی طور پر حیوانات کی خوراک کا حصہ نہیں تھیں، مثلاً فارمی مرغیوں، جانوروں اور مچھلیوں کی خوراک کی تیاری میں نباتات کے ساتھ ساتھ جمادات، حیوانات مثلاً جانوروں کے گوشت، ہڈی، چربی، آلائشوں، خون وغیرہ کا استعمال شروع ہوا۔

فارمی حیوانات کی ایسی خوراک کی تیاری، کاروبار اور کھلانے کی وجہ سے شرعی نقطہ نظر سے حلال وحرام کے سوالات پیدا ہوئے، کیونکہ شریعت میں خوراک کی بنیاد پر بعض حلال جانوروں کا استعمال ممنوع ہے۔

اس حوالے سے نہ صرف فارمی حیوانات کی حلت وحرمت ایک اہم شرعی مسئلہ ہے، بلکہ حیوانات کی خوراک (Animal Feeds) اربوں روپے کی ایک بہت بڑی

صنعت (Industry) بن چکی ہے۔ جس پر شرعی نقطہ نظر سے ابتداء سے لے کر حیوانات کو کھلانے اور اس کے بعد اس کے گوشت تک کے مراحل پر شریعت، جدید معیارات اور انڈسٹری کے تجربات کی روشنی میں تفصیلی بحث کی ضرورت ہے۔

اسی ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بندہ نے اس موضوع سے متعلق مواد جمع کرنا شروع کیا، جس کے نتیجے میں ایک مجموعہ تیار ہوا جسے کتابی شکل میں شائع کرنے کا فیصلہ ہوا جو الحمدللہ پیشِ نظر کتاب کی صورت میں آپ کے سامنے ہے۔

آخر میں بندہ SANHA حلال ایسوسی ایٹس پاکستان کے تمام اراکین کا بالعموم اور ادارے کے سربراہ مفتی یوسف عبد الرزاق اسکندر صاحب حفظہ اللہ، شریعہ امور کے مسؤل مفتی شعیب عالم صاحب زید مجدہم، شعبہ شرعی تحقیق کے اراکین مفتی محمد احسن ظفر صاحب اور مفتی محمد ابراہیم صاحب کا بالخصوص تہہ دل سے مشکور ہے جنہوں نے کتاب پر نظر ثانی فرمائی اور کتاب کی تیاری کے ہر مرحلہ پر راہنمائی فرمائی۔ ان کے علاوہ ان تمام حضرات کو بھی اللہ تعالیٰ دین و دنیا کی خیر و برکت سے نوازے جنہوں نے کتاب کی تیاری میں کسی بھی مرحلے پر تعاون فرمایا۔

کتاب مقدمہ اور چند ابواب پر مشتمل ہے جن میں حیوانات کی خوراک سے متعلق، شرعی حقوق، ضابطے، مختلف قسم کے خام مال کی سپلائی، تیاری، کاروبار، حیوانات کو مختلف قسم کی خوراک کھلانا اور اس کے نتیجے میں تیار ہونے والے حیوانات کے گوشت وغیرہ کے شرعی حکم کے حوالے سے تفصیلی بحث کی گئی ہے۔

دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے بندہ کے والدین، اساتذہ کرام اور ادارے کے ساتھیوں کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین

انتساب

اماں جی کے نام

جن کے سینے میں اللہ کا کلام محفوظ ہے اور کلام اللہ پر مشتمل جن کی لوریوں کی برکت سے دین کی نسبت اور خدمت کا موقع ملا ہے۔

اللہ رب العزت ان کا سایہ ہمیشہ کے لیے سلامت رکھے۔

آمین

مقدمہ

ذیل میں حیوانات اور ان خوراک سے متعلق چند اصول ذکر کرتے ہیں:

پہلا اصول:

حیوانات شرعی احکام کے مکلف نہیں:

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا، کائنات کو اس کی خدمت میں لگایا، عقل جیسی نعمت سے نوازا، اور اسی عقل کی وجہ سے انسان کو مکلف بنایا جس کے لیے انسان کو صرف اپنی فطرت کی بنیاد آزاد پر نہیں چھوڑا، بلکہ اس کی راہنمائی کے لیے انبیاء بھیجے۔

جبکہ انسان (اور جنات) کے علاوہ دیگر مخلوقات کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کر کے ہر چیز کو اس کی فطرت کے مطابق شعور دے کر، زندگی گزارنے کا طریقہ سکھایا، جس کے مطابق ہر چیز اپنی فطرت کے مطابق اپنا فرض (Duty) نبھانے میں مصروف ہے، ہر مخلوق کو اس کی ساخت کے مناسب زندہ رہنے کا طریقہ اللہ تعالیٰ ہی سکھاتے ہیں۔(1)

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

{ قَالَ فَمَنْ رَبُّكُمَا يَامُوسَى (49) قَالَ رَبُّنَا الَّذِي أَعْطَى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ ثُمَّ هَدَى (50)} [طه: 49، 50]

---

1 (ملخص از آسان ترجمہ قرآن: سورہ طٰہٰ، آیت: 49/50)

ترجمہ: فرعون نے کہا: "موسیٰ! تم دونوں کا رب ہے کون؟"۔ موسی نے کہا: "ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو وہ بناوٹ عطا کی جو اس کے مناسب تھی، پھر (اس کی) راہنمائی بھی فرمائی۔"۔

اللہ تعالیٰ نے انسان (وجنات) کو اپنی بندگی وعبادت کے لیے پیدا کیا، جبکہ انسان کے علاوہ کائنات سمیت زمین کی دیگر ساری چیزیں انسان کے فائدے کے لیے پیدا کیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

{هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ} [البقرة: 29]

ترجمہ: وہی ہے جس نے زمین میں جو کچھ ہے تمہارے لئے پیدا کیا، پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا، چنانچہ ان کو سات آسمانوں کی شکل میں ٹھیک ٹھیک بنادیا، اور وہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔

حیوانات کو بھی اللہ تعالیٰ نے انسان کے فائدے لیے نہ صرف مسخر کیا، بلکہ انسان کی غذائی ضروریات کا خیال رکھتے ہوئے مختلف حیوانات کا گوشت، دودھ، وغیرہ انسان کے لیے خوراک بنایا۔ چناں چہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

{ وَالْأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ وَمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ} [النحل: 5]

ترجمہ: اور چوپائے اسی نے پیدا کئے جن میں تمہارے لیے سردی سے بچاؤ کا سامان ہے اور اس کے علاوہ بھی بہت سے فائدے ہیں، اور انہی میں سے تم کھاتے بھی ہو۔

دوسری جگہ ارشاد فرمایا:

{وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهَا وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ } [المؤمنون: 21]

ترجمہ: اور حقیقت یہ ہے کہ تمہارے لیے مویشیوں میں نصیحت کا سامان ہے۔ جو (دودھ) ان کے پیٹ میں ہے، اس میں سے ہم تمہیں سیر اب کرتے ہیں، اور ان میں تمہارے لیے بہت سے فوائد ہیں، اور انہی سے تم غذاء بھی حاصل کرتے ہو۔

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا:

{اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَنْعَامَ لِتَرْكَبُوا مِنْهَا وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ} [غافر: 79]

ترجمہ: اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لیے مویشی پیدا کئے، تا کہ ان میں سے کچھ پر تم سواری کرو، اور انہی میں سے وہ بھی ہیں جنہیں تم کھاتے ہو۔

چناں چہ اسلام نے براہ راست حیوانات کو شرعی احکام کا مکلف نہیں بنایا، بلکہ فطری طور پر مختلف قسم کے حیوانات پیدا کر کے ان کو ان کی فطرت کے مطابق راہنمائی کی اور اس کے بعد تمام حیوانات اپنی جبلی و فطری شعور کے تحت زندگی گزارتے ہیں اور اپنی فطرت سے حیوانات روگردانی نہیں کرتے۔

چونکہ حیوانات شریعت کے مخاطب نہیں، اس لیے شریعت نے ان باتوں کو مقصود بالذات نہیں چھیڑا کہ حیوانات کی خوارک کیا ہوگی؟ کونسا حیوان کیا کھائے گا کیا نہیں کھائے گا؟ بلکہ انسان خصوصاً مسلمان اپنے تمام افعال واقوال میں شرعی احکام کا مکلف ہے اس لیے جہاں کہیں بھی حیوانات کی خوراک کے معاملے میں انسانی عمل

دخل (Involvement) ہوگی یا حیوانات سے حاصل ہونے والی انسانوں کی خوراک میں کوئی مسئلہ پیش آنے کا امکان ہو، وہاں پر شریعت نے راہنمائی کی ہے۔(2)

انسانی جسم کی ساخت اور مختلف حیوانات کی فطرت، گوشت کی نوعیت کو مد نظر رکھتے ہوئے شریعتِ مطہرہ نے انسانوں کے لیے ان کے حلال یا حرام ہونے کا حکم بتایا۔ چناں چہ شریعت نے ان حیوانات کو حرام قرار دیا جن کی خوارک فطری طور پر ایسی چیزیں ہیں جس کے کھانے کے بعد اس حیوان کا گوشت انسان کے استعمال کے لیے محفوظ (Safe for Human Consumption) نہیں رہتا، مثلاً تمام ایسے گوشت خور بری حیوانات (درندے) جو مستقلاً دوسرے جانوروں کا شکار کر کے کھاتے ہیں جیسے شیر، کتا، چیتا، بلی وغیرہ۔

وہ حلال حیوانات، جن کی خوارک میں مکمل یا غالب گندگی، نجس و مضر اشیاء شامل ہوتی ہیں جسے شرعی اصطلاح میں "جلالہ" کہا جاتا ہے جس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

چناں چہ اہلِ علم نے مختلف قسم کے جانوروں اور پرندوں کے حرام یا ناجائز ہونے کی وجہ یہی بتائی ہے کہ چونکہ انسان جو کچھ کھاتا ہے اس کا اثر اس کے جسم میں آجاتا ہے، لہٰذا جس قسم کے حیوانات کا گوشت انسان کھائے گا اسی حیوان کا اثر اس کی فطرت وعادت میں ظاہر ہوگا۔ (3)

---

2 البناية شرح الهداية (6/ 20): ثبوت الأحكام بالآدمية

3 تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق وحاشية الشلبي (5/ 295)
ولأن طبيعة هذه الأشياء مذمومة شرعا فيخشى أن يتولد من لحمها شيء من طباعها فيحرم إكراما لبني آدم وهو نظير ما روي أنه – عليه الصلاة والسلام – قال «لا ترضع لكم الحمقاء فإن اللبن يعدي» (ايضاً: البناية شرح الهداية (11/ 579)، المبسوط للسرخسي (11/ 220)، البحر الرائق شرح كنز الدقائق ومنحة الخالق وتكملة الطوري (3/ 238)

خلاصہ یہ کہ کون سے حیوانات حلال ہیں، کونسے حرام؟ شریعت نے اس کی پوری تفصیل مکمل وضاحت کے ساتھ بیان کی ہے، کچھ حیوانات کا نام لے کر حکم بتایا اور باقی حیوانات کی حلت و حرمت کے لیے اصول وضوابط بیان کیے۔

دوسرا اصول:

جو چیزیں انسان کے لیے حرام ہیں وہ دیگر حیوانات کے لیے حرام نہیں:

اللہ تعالیٰ نے ہر مخلوق کے لیے اس کی پیدائشی ساخت اور جسمانی ضرورت کے حساب سے مناسب غذاء مقرر کی، چوں کہ حیوانات شرعی احکام کے مکلف نہیں، اسی لیے حلال و حرام، نجس و طاہر وغیرہ احکام کا تعلق و تصور انسانوں کے لیے ہے حیوانات کے لیے نہیں؛ لہٰذا حیوانات ایسی چیزیں کھاسکتے ہیں، جو مسلمان کے لیے جائز نہیں۔

کیوں کہ انسان کے لیے جو چیزیں حرام ہیں، ضروری نہیں کہ وہ حیوانات کے لیے بھی ممنوع ہوں، بلکہ بہت ساری ایسی چیزیں ہیں جو انسانوں کے لیے انتہائی مضر ہیں لیکن وہی چیز حیوانات کے لیے بہترین غذاء ہوتی ہے۔

خلاصہ یہ کہ حیوانات کی خوراک کو حلت و حرمت کے ان اسباب کے تناظر میں دیکھنا درست نہیں، جس طرح انسان کی خوراک سے بحث کی جاتی ہے۔ (4)

---

4 عن نافع، أن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما، أخبره أن الناس نزلوا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم أرض ثمود، الحجر، فاستقوا من بئرها، واعتجنوا به، فأمرهم رسول الله صلى الله عليه وسلم «أن يهريقوا ما استقوا من بئرها، وأن يعلفوا الإبل العجين، وأمرهم أن يستقوا من البئر التي كانت تردها الناقة» (صحيح البخاري (4/ 149)

الموسوعة الفقهية الكويتية (3/ 115)

يمنع الانتفاع بماء آبار هذه الأرض بالنسبة للإنسان من طبخ وعجن، ويجوز الانتفاع به لغير الإنسان.

تیسرا اصول:

حیوانات کی خوراک کا خیال رکھنا مسلمانوں پر واجب ہے:

اس بات پر تمام فقہاء کرام متفق ہیں کہ انسانوں کے اوپر حسبِ استطاعت حیوانات کی خوراک، چارہ، پانی، راحت وغیرہ کا خیال رکھنا ضروری ہے، خصوصاً جب کسی حیوان کو انسان نے اپنے پاس قید و بند میں رکھا ہو اور اس کو اپنی مرضی کے مطابق کھانے پینے کی تلاش سے روکے رکھا ہو۔ اگر کسی شخص نے کسی حیوان کو بند رکھا ہے اور اس کے کھانے پینے کا خیال نہیں رکھتا تو اس پر سخت وعید آئی ہے۔ ایک حدیث شریف میں ہے کہ ایک عورت کو اسی وجہ سے عذاب ہوا کہ اس نے ایک بلی کو باندھ کے رکھا، اسے نہ خود کھلایا پلایا اور نہ ہی اسے آزاد چھوڑ کر کھانے پینے کا موقع دیا، جس کی وجہ سے اس عورت کو جہنم میں ڈال دیا گیا۔ (5)

یہی وجہ ہے کہ ایسا شخص جو کسی جاندار کو بند کر کے اس کے کھانے پینے کا خیال نہیں رکھتا، یا اسے کھلانے پلانے کی استطاعت نہیں رکھتا تو بالاتفاق اسے قانوناً مجبور کیا جائے گا کہ اس کے کھانے پینے کا انتظام کرے، اسے آزاد کر دیں یا اسے بیچ دے۔(6)

---

5 صحیح مسلم (4/ 1760)

عن نافع، عن عبد الله، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: «عذبت امرأة في هرة سجنتها حتى ماتت فدخلت فيها النار، لا هي أطعمتها وسقتها، إذ حبستها، ولا هي تركتها تأكل من خشاش الأرض»

6 رد المحتار على الدر المختار 2 / 688 ط إحياء التراث

(دابة مشتركة بين اثنين امتنع أحدهما من الانفاق أجبره القاضي) لئلا يتضرر شريكه.جوهرة. وفيها (يؤمر) إما بالبيع وإما (بالانفاق على بهائمه ديانة ولا قضاء على) ظاهر (المذهب) للنهي عن تعذيب الحيوان وإضاعة المال، وعن الثاني يجبر، ورجحه الطحاوي والكمال، وبه قالت الائمة الثلاثة. ولا يجبر في غير الحيوان .

(مواهب الجليل بشرح مختصر خليل 4 / 206 ط دار الفكر) (فصل إنما تجب نفقة رقيقه ودوابه إن لم يكن مرعى وإلا بيع)

الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 197) صرح الفقهاء بوجوب إعانة البهائم بالإنفاق عليها فيما تحتاج إليه من علف وإقامة ورعاية

(حاشيتا قليوبي وعميرة على شرح المحلي 4 / 94):(وعليه علف دوابه) (وسقيها) لحرمة الروح ويقوم مقامهما تخليتها لترعى وترد الماء إن ألفت ذلك، (فإن امتنع أجبر في المأكول على بيع أو علف أو ذبح وفي غيره على بيع أو علف) ، صونا لها عن التلف فإن لم يفعل ناب الحاكم عنه في ذلك على ما يراه ويقتضيه الحال. (ولا يحلب) من لبنها (ما ضر ولدها) وإنما يحلب ما يفضل عنه

(المغني لابن قدامة 8 / 257 ط مكتبة القاهرة)

فصل ومن ملك بهيمة، لزمه القيام بها، والإنفاق عليها ما تحتاج إليه، من علفها، أو إقامة من يرعاها؛____ ولنا، أنها نفقة حيوان واجبة عليه، فكان للسلطان إجباره عليها، ----- فإن عجز عن الإنفاق، وامتنع من البيع، بيعت عليه، ------ وإن عطبت البهيمة فلم ينتفع بها، فإن كانت مما يؤكل، خير بين ذبحها والإنفاق عليها، وإن كانت مما لا يؤكل، أجبر على الإنقاق عليها.

الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 119):

فإن امتنع أجبر على بيعه أو علفه أو ذبح ما يذبح منه. فإن لم يفعل ناب الحاكم عنه في ذلك على ما يراه. وهذا رأي الشافعية والحنابلة، وهو الرأي الراجح عند الحنفية والمالكية، وهذه المسألة تجري فيها دعوى الحسبة.

ايضاً(24/ 110): وذهب جمهور الفقهاء إلى أن تسييب البهائم بمعنى تخليتها ورفع المالك يده عنها حرام؛ لما فيه من تضييع المال والتشبه بأهل الجاهلية،

(ابن عابدين 2 / 220، وفتح القدير 5 / 422، وأحكام القرآن لابن العربي 2 / 220، والقرطبي 6 / 335، والدسوقي 4 / 417، ونهاية المحتاج 8 / 119، والأم 6 / 189، ومطالب أولي النهى 6 / 354 – 355، وكشاف القناع 6 / 227، والمغني 8 / 563.)

الموسوعة الفقهية الكويتية (22/ 296) من ملك دابة لزمه علفها وسقيها، ويقوم مقام العلف والسقي تخليتها لترعى وترد الماء،،،،،،،،،

نوٹ: شریعتِ مطہرہ میں حیوانات کے حقوق اور ان کی راحت وفلاح (Animal Welfare) کا خیال رکھنے کے بارے میں تفصیل بحث پہلے باب میں آرہی ہے۔

چوتھا اصول:

حیوانات کی خوراک شرعی احکام کے دائرہ کار میں اس وقت آتی ہے جب اس سے انسان کا تعلق پیدا ہوتا ہے:

گذشتہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ حیوانات کی خوراک کی طرف براہِ راست شریعت کے احکام متوجہ نہیں، بلکہ اس سے شرعی احکام اس وقت متعلق ہوتے ہیں جب اس میں انسان کا کوئی عمل دخل شروع ہو جاتا ہے یا حیوانات کی خوراک کے نتیجے میں انسان کے لیے کسی ضرر کا اندیشہ ہو کیوں کہ انسان اپنے افعال کا مکلف ہے اور حیوان کو کوئی چیز کھلانا یا ان کو ضرر سے بچانا، ایسی چیزیں ہیں، جن پر شریعت کے احکام لاگو ہوتے ہیں اور جن کا انسان جواب دہ ہے، اس کی مزید تفصیل آگے آرہی ہے۔(7)

7 الموسوعة الفقهية الكويتية (18/ 77) :ومنها: لو اعتلفت الشاة علفا حراما لم يحرم لبنها ولحمها وإن كان تركه أورع. وغيرها من الأمثلة

(غمز عيون البصائر 1 / 335 الأشباه والنظائر للسيوطي ص 105، التلويح على التوضيح 2 / 107، المجموع المذهب في قواعد المذهب 1 / 605)

پانچواں اصول:
حیوانات کی فطرت کو تبدیل کرنا حرام ہے:

حلال حیوانات ، جیسے چارا خور مویشیوں (herbivores) کو گوشت خور حیوانات (Carnivorous) کی خوراک اتنی مقدار میں کھلانا جس سے ان حیوانات کی فطرت ہی تبدیل ہو جائے، ناجائز اور حرام ہے اس لیے کہ یہ فطرت میں بگاڑ اور تبدیلی کی کوشش ہے اور فطرت میں اس طرح تغیر و تبدیلی کی کوشش ایک غیر شرعی عمل ہے جو از روئے قرآن وحدیث حرام ہے ۔ (8) لہٰذا چارا خور حیوانات

8 {وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللَّهِ وَمَنْ يَتَّخِذِ الشَّيْطَانَ وَلِيًّا مِنْ دُونِ اللَّهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُبِينًا} [النساء: 119]

تفسير الطبري = جامع البيان ت شاكر (9/ 222)

ولأضلنهم ولأمنينهم ولآمرنهم فليبتكن آذان الأنعام ولآمرنهم فليغيرن خلق الله ومن يتخذ الشيطان وليا من دون الله فقد خسر خسرانا مبينا (نساء: 119)

دخل في ذلك فعل كل ما نهى الله عنه: من خصاء ما لا يجوز خصاؤه، ووشم ما نهى عن وشمه ووشره، وغير ذلك من المعاصي= ودخل فيه ترك كل ما أمر الله به. لأن الشيطان لا شك أنه يدعو إلى جميع معاصي الله وينهى عن جميع طاعته. فذلك معنى أمره نصيبه المفروض من عباد الله، بتغيير ما خلق الله من دينه.

تفسير الرازي = مفاتيح الغيب أو التفسير الكبير (11/ 223)

خامسها: قوله ولآمرنهم فليغيرن خلق الله وللمفسرين هاهنا: قولان: الأول: أن المراد من تغيير خلق الله تغيير دين الله ...... وفي تقرير هذا القول وجهان: الأول: أن الله تعالى فطر الخلق على الإسلام يوم أخرجهم من ظهر آدم كالذر وأشهدهم على أنفسهم أنه ربهم وآمنوا به، فمن كفر فقد غير فطرة الله التي فطر الناس عليها، وهذا معنى قوله صلى الله عليه وسلم: «كل مولود يولد على الفطرة» ولكن أبواه يهودانه وينصرانه ويمجسانه.

والوجه الثاني: في تقرير هذا القول: أن المراد من تغيير دين الله هو تبديل الحلال حراما/ أو الحرام

(Herbivores) حلال اور گوشت خور حیوانات (Carnivorous) ممنوع ہیں۔ لہٰذا ہر ایسا عمل جس میں حلال کو حرام کرنے کی کوشش ہو، از روئے قرآن وحدیث حرام ہے۔ سورہ نساء کی آیت نمبر 119 کی تفسیر میں امام رازیؒ، امام جصاصؒ، امام طبریؒ سمیت دیگر مفسرین حضرات نے اس موضوع پر تفصیلی کلام فرمایا ہے۔(9)

چھٹا اصول:

شرعی نقطہ نظر سے حلال وحرام اور مکروہ حیوانات کی درجہ بندی:

حرام حیوانات:

حرام حیوانات تین قسم کی ہیں:

1. وہ حیوانات جن کا نام لے کر قرآن وسنت میں ناجائز قرار دیا گیا، مثلاً خنزیر، کتا وغیرہ
2. مردار حیوانات جن کی موت شرعی ذبیحہ کے نتیجے میں واقع نہ ہو۔
3. وہ حیوانات جو شکاری درندے وپرندے ہیں، مثلاً کتا، شیر چیتا وغیرہ

القول الثاني: حمل هذا التغيير على تغيير أحوال كلها تتعلق بالظاهر، وذكروا فيه وجوها الأول: قال الحسن: المراد ما.....(الوشم)..... الثاني: .....الإخصاء وقطع الآذان وفقء العيون.....الثالث: ....التخنث و..... والسحق .....الرابع: .....البحائر والسوائب والوصائل..... هذا جملة كلام المفسرين في هذا الباب [قوله تعالى ولأضلنهم ولأمنينهم إلى قوله فقد خسر خسرانا مبينا] ويخطر ببالي هاهنا وجه آخر في تخريج الآية على سبيل المعنى، وذلك لأن دخول الضرر والمرض في الشيء يكون على ثلاثة أوجه: التشوش، والنقصان، والبطلان.

فادعى الشيطان لعنه الله إلقاء أكثر الخلق في مرض الدين، وضرر الدين هو قوله ولأمنينهم .....على أحد الأوجه الثلاثة ....التشوش والنقصان والبطلان.

9 أحكام القرآن للجصاص ط العلمية (2/ 353)

فيه ثلاثة أوجه: أحدها: ..... دين الله بتحريم الحلال وتحليل الحرام.

4. وہ حیوانات جو زہریلے اور مضر ہیں، مثلاً سانپ بچھو وغیرہ
5. وہ حیوانات جو قرآن وسنت کی رو سے "خبیث" کے زمرے میں آتے ہیں، مثلاً ٹڈی کے علاوہ دوسرے بغیر خون والے بری حیوانات، یا مچھلی کے علاوہ دیگر سمندری حیوانات۔ علی اختلاف الائمہ
6. وہ حیوانات جن کو قتل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ یہ شوافع کے ہاں ایک خاص ضابطہ ہے۔
7. وہ حیوانات جن کو قتل کرنے سے روک دیا گیا ہے، شوافع کے ہاں ایک یہ بھی ایک خاص ضابطہ ہے۔
8. فقہ حنفی میں آخری دو قسمیں نمبر چار اور نمبر پانچ میں داخل ہیں۔ (10)

مکروہ حیوانات:

ایسے حیوانات جو مذکورہ بالا حرام قسم میں شامل نہیں لیکن ان کا کھانا شرعاً جائز نہ ہو، ان میں جمہور کے نزدیک "جلالہ" اور حنفیہ کے نزدیک مچھلی کے علاوہ دیگر بحری حیوانات وغیرہ شامل ہیں، مالکیہ کے راجح قول کے مطابق صریح حرام صرف خنزیر اور مردار ہیں ان کے علاوہ دیگر تمام ممنوعہ حیوانات مکروہ میں داخل ہیں۔ (11)

---

10 (احسن الفتاویٰ : 410/07)

11 بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 35)

أما الذي يعيش في البحر فجميع ما في البحر من الحيوان محرم الأكل إلا السمك خاصة فإنه يحل أكله إلا ما طفا منه وهذا قول أصحابنا – رضي الله عنهم –

الهداية في شرح بداية المبتدي (4/ 353)

حلال حیوانات:

تمام وہ حیوانات جو درجِ بالا دو قسموں میں شامل نہیں وہ حلال ہیں۔ (12)

منہجِ بحث اور کتاب کی ترتیب:

بندہ نے اس کتاب میں حیوانات کی خوراک (Animal Feed) سے متعلق شرعی نقطہ نظر سے فقہ مقارن، مطبوعہ فتاویٰ اور مروجہ معیارات خصوصاً پاکستانی معیارات کی روشنی میں بحث کرنے کی کوشش کی ہے، اگرچہ ہمارے نزدیک اصولی طور پر دلیل واستدلال کے اعتبار سے فقہ حنفی کی تشریح راجح ہے، تاہم بندہ نے دیگر فقہاءِ کرام کی آراء و تشریحات بھی نقل کی ہیں، تاکہ بوقتِ ضرورت وہ بھی پیشِ نظر رہے۔ کتاب کی ترتیب حسبِ ذیل ہے:

مقدمہ:

پہلا باب: خوراک سے متعلق حیوانات کے شرعی حقوق اور مختلف شرعی احکام پر حیوانات کی خوراک کے پڑنے والے اثرات

دوسرا باب: حیوانات کی خوراک کے لیے خام مال (Raw Material) کی وصولی و فراہمی کے شرعی احکام

تیسرا باب: حیوانات کی خوراک تیار کرنے اور اس کے کاروبار کرنے کے شرعی احکام

قال: "ولا يؤكل من حيوان الماء إلا السمك" وقال مالك وجماعة من أهل العلم بإطلاق جميع ما في البحر. واستثنى بعضهم الخنزير والكلب والإنسان. وعن الشافعي أنه أطلق ذاك كله، والخلاف في الأكل والبيع واحد

12 (احسن الفتاویٰ : **410/07**)

چوتھا باب: حیوانات کی خوراک کے استعمال (کھانے کھلانے) کی عملی صورتیں اور ان کی کے شرعی احکام

پانچواں باب: حیوانات کو مردار یا اس کے اجزاء سے تیار کردہ خوراک کھلانے کا شرعی حکم

چھٹا باب: حیوانات کی خوراک اور "جلالہ" سے متعلق شرعی مسائل

ساتواں باب: حیوانات کی خوراک (Animal Feeds) سے متعلق مروجہ معیارات کا شرعی جائزہ

آٹھواں باب: فارمی حیوانات کی خوراک اور ان کے گوشت کے شرعی احکام سے متعلق مطبوعہ فتاویٰ کا خلاصہ

نواں باب: حلال حیوانات کو مختلف قسم کی خوراک (Animal Feed) کھلانے کے بعد ان کے گوشت وغیرہ کے شرعی حکم

دعاء ہے کہ اللہ کریم اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے بندہ کے والدین، عزیز و اقارب اور اساتذہ کرام کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین

پہلا باب

خوراک سے متعلق حیوانات کے شرعی حقوق اور مختلف شرعی احکام پر حیوانات کی خوراک کے پڑنے والے اثرات

Animal welfare (rights) regarding Feed in Islam

اللہ تعالیٰ نے کائنات کی کسی بھی چیز کو عبث اور فضول پیدا نہیں کیا، تمام چیزوں میں اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا اور کائنات کی ساری چیزیں اس کی خدمت کے لیے مسخر کیں، اسی وجہ سے انسان کے لیے جائز ہے کہ ان چیزوں سے فائدہ اٹھائے اور حسبِ ضرورت شرعی طریقے سے حلال حیوانات کو ذبح کر کے اپنی خوراک بنائے، تاہم اس کا یہ مطلب نہیں کہ انسان کو مکمل آزادی ہے کہ وہ حیوانات کے ساتھ جس طرح چاہے، سلوک کرے بلکہ اسلام نے حیوانات کو مکمل حقوق دیئے ہیں اور مسلمان کو ان حقوق کی ادائیگی کا پابند بنایا ہے۔

چناں چہ اسلام میں حیوانات کے حقوق (Animal Rights) سے متعلق تفصیلی مباحث موجود ہیں، نیز اسلام میں حیوانات کی خوراک کا پورا پورا خیال رکھا گیا ہے، جن میں نہ صرف حلال یا وہ حیوانات، جن سے انسان براہ راست فائدہ اٹھاتے

ہیں، بلکہ حرام حیوانات اور جنات تک کی خوراک کا بھی خیال رکھا گیا ہے، حالانکہ حرام حیوانات یا جنات سے انسانوں کا عام طور پر براہ راست کوئی مفاد وابستہ نہیں۔

یہاں پر حیوانات کے عمومی حقوق سے متعلق شریعت کی روشنی میں بحث کرنا مقصود نہیں، بلکہ اسلام میں خوراک سے متعلق حیوانات کے شرعی حقوق سے متعلق بطورِ خلاصہ کچھ بنیادی اصول اور بطورِ مثال چند مسائل کا ذکر کرنا مقصود ہے۔

خوراک سے متعلق حیوانات کے حقوق کے بارے میں چند بنیادی شرعی اصول

اس سلسلے میں چند خصوصی مسائل کا ذکر کیا جاتا ہے:

بغیر کسی جائز مقصد کے کسی بھی حیوان کو قید کرنا اور اس کو تکلیف دینا حرام ہے:

کسی جائز مقصد کے بغیر کسی بھی حیوان کو قید کرنا اور اس کو تکلیف دینا حرام ہے، ہاں اگر کوئی مضر جانور ہو تو اس کے ضرر سے بچنے کے لیے اسے مارنے کی اجازت ہے، لیکن کسی مضر حیوان کو بھی اضافی تکلیف دینا جائز نہیں کہ اس کو تڑپ تڑپ کر مرنے پر مجبور کیا جائے یا اس کو مثلاً جلا کر تکلف دہ موت دی جائے، بلکہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ آپ نے کسی جاندار کو مارنا بھی ہو تو اچھے اور احسن طریقے سے ماریں۔ (13)

13　صحيح مسلم (3/ 1548)

عن شداد بن أوس، قال: ثنتان حفظتهما عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، قال: «إن الله كتب الإحسان على كل شيء، فإذا قتلتم فأحسنوا القتلة، وإذا ذبحتم فأحسنوا الذبح، وليحد أحدكم شفرته، فليرح ذبيحته»

امام قرافیؒ فرماتے ہیں کہ شریعت نے ہمیں حیوانات پر مسلط ہونے کا کوئی حق نہیں دیا سوائے اس کے کہ ہم حیوانات سے کوئی فائدہ حاصل کرنے کا ارادہ کرے، اور اس کے لیے ہم سب سے کم تکلیف دہ راستہ اختیار کریں (مثلاً اگر ہمیں حیوانات سے گوشت چاہئے تو) اس کے لیے سب سے مختصر ترین راستہ شرعی طریقہ ذبیحہ ہے۔(14)

جائز مقصد کے لیے کسی حیوان کو بند کرنا جائز ہے:

حیوانات کو جائز مقصد کے لیے قید کرنا، پالنا شرعاً درست ہے، تاہم اس کے لیے ضروری ہے کہ بند کرنے والا حیوانات کی خوراک، پانی کا خیال رکھے، کیوں کہ شریعتِ مطہرہ میں ہر جاندار چیز کا احترام ہے، اگر وہ خود نہیں کھلا سکتا تو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ حسبِ ضرورت کچھ وقت کے لیے اس کو کھلا چھوڑے تاکہ وہ اپنی خوراک وغیرہ ڈھونڈ سکیں۔ اگر وہ اس کی خوراک کا خیال نہیں رکھتا تو اس کے اوپر اللہ کی ناراضگی اور جہنم کے عذاب کی وعید سنائی گئی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں ارشاد فرمایا کہ ایک عورت کو صرف اس وجہ سے عذاب دیا گیا کہ اس نے ایک بلی کو باندھ کر رکھا تھا اور اس کی خوراک پانی کا خیال نہیں کرتی تھی اور نہ ہی اس کو کھلا چھوڑتی تاکہ وہ اپنی خوراک تلاش کر سکتی۔ (15)

---

14 الذخيرة للقرافي (1/ 180)
الشرع لم يسلطنا على الحيوان إلا بشرط انتفاعنا به وأن نسلك أقرب الطرق في ذلك وأقرب الطرق هو الذكاة

15 ابن عابدين 2 / 688، والحطاب 4 / 206، وقليوبي وعميرة 4 / 94، والمغني 7 / 634. إعانة الطالبين البكري الدمياطي (2/ 403)
نقلاً عن الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 119)

حیوانات کی خوراک کا خیال رکھنا مسلمانوں پر واجب ہے:

قرآن و سنت کی واضح ہدایات کی وجہ سے اس بات پر تمام فقہاء کرام متفق ہیں کہ انسان کے اوپر حسبِ استطاعت حیوانات کی خوراک، چارہ، پانی، راحت وغیرہ کا خیال رکھنا واجب اور ضروری ہے، خصوصاً جب کسی حیوان کو انسان نے اپنے ہاں قید کر رکھا ہو اور اس کو اپنی مرضی کے مطابق کھانے پینے کی تلاش سے روکے رکھا ہو۔

لہٰذا اگر کسی شخص نے کسی حیوان کو محبوس رکھا ہے اور اس کے کھانے پینے کا خیال نہیں رکھتا، یا اسے کھلانے پلانے کی استطاعت نہیں رکھتا تو از روئے شریعت حکومتِ وقت کی طرف سے اسے شرعاً و قانوناً مجبور کیا جائے گا کہ اس کے کھانے پینے کا انتظام کرے یا اسے بیچ دے۔(16)، یا آزاد کر کے چھوڑدیں یا پھر اگر حلال جانور ہے تو حسبِ ضرورت ان کو ذبح کیا جائے۔ (17)

ورنہ اس پر جہنم کے عذاب کی وعید ہے، جس کی تفصیل حدیث شریف کے حوالے سے گزر گئی۔

16 الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 197)

الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 119): نقلاً عن (ابن عابدين 2 / 688، والحطاب 4 / 206، وقليوبي وعميرة 4 / 94، والمغني 7 / 634. إعانة الطالبين البكري الدمياطي (2/ 403)

17 الموسوعة الفقهية الكويتية (24/ 110)

الموسوعة الفقهية الكويتية (22/ 296) من ملك دابة لزمه علفها وسقيها، ويقوم مقام العلف والسقي تخليتها لترعى وترد الماء،،،،،،،،،

اسی طرح جانوروں کی راحت، کھانے پینے کا خیال رکھنے اور ان کو تکلیف سے بچانے پر جنت کی خوشخبری دی گئی ہے۔ چناں چہ بخاری شریف کی ایک حدیث میں ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایک آدمی جارہا تھا، راستے میں اسے سخت پیاس لگی، ایک کنواں نظر آیا وہ کنویں میں اترا، پانی پیا اور اوپر آیا۔ اچانک اس نے ایک کتا دیکھا جو پیاس کی شدت کی وجہ سے زبان لٹکا کر ہانپ رہا تھا اور پیاس کی وجہ سے مٹی چاٹ رہا تھا، اس شخص نے دل میں کہا کہ یہ کتا بھی اتنا ہی شدید پیاسا ہے، جتنا میں تھا۔ چناں چہ وہ دوبارہ کنویں میں اترا اور اپنا موزہ پانی سے بھرا، اس کو منہ میں پکڑ کر باہر آیا اور کتے کو پانی پلایا۔ اللہ تعالیٰ نے اس نیکی کے بدلے اس کی مغفرت کی اور اس کو جنت میں داخل کیا، یہ سن کر صحابہ کرام نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا ہمارے لیے جانوروں کے ساتھ نیکی کرنے پر بھی اجر ہے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہاں ہر جاندار کے ساتھ نیکی واحسان کرنے میں اجر وثواب ہے۔ (18)

---

18 صحيح البخاري (8/ 9)

(شرح مختصر خليل للخرشي 3/18 ط دار صادر)

(ص) كذكاة ما لا يؤكل إن أيس منه (ش) تشبيه في الجواز أي أنه يجوز بل يستحب ذكاة ما لا يؤكل من الحيوان غير الآدمي إراحة له إن أيس منه لمرض أو عمى بمكان لا علف فيه ولا يرجى أخذ أحد له.

(البجيرمي على الخطيب 4/ 248 ط مصطفى الحلبي)–

فرع: لو اضطر شخص لأكل ما لا يحل أكله فهل يجب عليه ذبحه لأن الذبح يزيل العفونة أو لا لأن ذبحه لا يفيد؟ وقع في ذلك تردد ..... ينبغي أنه أولى لأنه الأسهل لخروج الروح اهـــ.

حرام حیوانات کو بھی تکلیف سے بچانا باعثِ اجر و ثواب ہے:

فقہاء کرام فرماتے ہیں کہ اگر کسی حرام جانور کی زندگی سے مایوسی ہو جائے، مثلاً وہ انتہائی بیمار ہے اور اس کے ٹھیک ہونے کی کوئی امید نہیں تو اس کو تڑپ تڑپ کر مرنے، تکلیف سے بچانے اور راحت پہنچانے کی نیت سے ذبح کرنا اور ایسے حیوان کو آرام دہ طریقے سے مارنا نہ صرف جائز ہے، بلکہ مستحب ہے اور اس پر ثواب ملے گا کہ اس کو ذبح کیا جائے تاکہ اس کی روح جلدی پرواز کر جائے۔ (19)

بعض اوقات صرف خوراک کی وجہ سے حیوانات کی ملکیت حاصل ہو جاتی ہے:

اگر حیوانات کے مالک ان کی خوراک سے عاجز آکر کھلا چھوڑ دیں تو جو کوئی بھی ایسے آزاد حیوانات کی خوراک کا انتظام کرے گا وہی ان کا شرعاً مالک ہو گا۔ حدیث شریف میں آتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے کسی

---

19 الموسوعة الفقهية الكويتية (21/ 174)

وصرح المالكية بأن الذكاة لا تعمل في غير المأكول ، لكن يستحب ذكاة ما لا يؤكل إن أيس من حياته بمرض أو عمى بمكان لا علف فيه، ولا يرجى أخذ أحد له، وهذه الذكاة ليست بالمعنى الشرعي لأنها للإراحة لا للتطهير.(الخرشي على خليل بحاشية العدوي 2 / 316)

وصرح الشافعية بتحريم ذبح غير المأكول ولو لإراحة، لكن لو اضطر إنسان لأكله كان ذبحه أولى من سائر أنواع القتل؛ لأنه أسهل لخروج الروح (البجيرمي على الإقناع 4 / 248) .

ایسے جانور کو پایا جس کو اس کے مالک نے کھانے پینے سے عاجز آکر کھلا چھوڑ دیا ہو تو جو بھی اسے پکڑ اکر اس کی خوراک کا انتظام کرے گا وہی اس کا مالک ہو گا۔(20)

ایک اور حدیث میں ارشاد ہے کہ جس نے کسی جانور کو بھوک کی وجہ سے (عاجز آکر) چھوڑ دیا تو اسے کسی نے کھلا یا پلا یا تو جو کھلائے گا وہی اس کا مالک ہے، جس نے اس کے کھانے پینے کا انتظام کیا۔(21)

بعض اوقات شریعت خوراک میں حرام حیوان کو حلال حیوان پر ترجیح دیتی ہے:

شریعت حیوانات کی خوراک کے بارے میں کتنی تاکید کرتی ہے اس کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ اگر کسی مسلمان کے پاس ایک مفید حرام اور ایک حلال جانور ہو، مثلاً کسی کے پاس پہرہ یا شکار وغیرہ کسی فائدے کا کتا اور ایک بکری ہیں تو فقہاء کرام فرماتے ہیں کہ اگر ایسی حالت در پیش ہو جائے کہ کتا اور بکری دونوں بھوک کی وجہ سے مرنے کے قریب ہوں، تو اس پر شریعت کی طرف سے لازم ہے کہ اس بکری کو ذبح کرے اور اس کتے کو کھلا کر اس کی جان بچائے، وجہ اس کی یہ ہے کہ اگر بھوک کی وجہ سے کتا مر گیا تو ایک ذی روح جاندار مر کر ضائع ہو جائے گا اور اگر اس نے بکری شرعی طریقے سے ذبح کی تو وہ ضائع نہیں ہو گی کیونکہ جب اس نے کتے کو اس کا گوشت کھلایا تو

20 سنن أبي داود (5/ 384) (ایضاً مختصر سنن أبي داود للمنذري (2/ 493): أن رسول الله -صلى الله عليه وسلم- قال: "من وجد دابة قد عجز عنها أهلها أن يعلفوها، فسيبوها، فأخذها، فأحياها، فهي له". [حكم الألباني: حسن]

21 مختصر سنن أبي داود للمنذري (2/ 493)

نہ صرف اس کتے کی جان بچے گی، بلکہ بکری چونکہ حلال ہے اس لیے کتے کو بھی کھلا سکتا ہے اور جو گوشت وغیرہ بچ جائے گا وہ خود بھی استعمال کر سکتا ہے۔ (22)

بندہ عرض کرتا ہے کہ اس میں ایک اور وجہ بھی ہو سکتی ہے کہ کتا اور بکری دونوں مال ہیں اور اس وقت اس کو کتے کی زیادہ ضرورت ہے تو وہ اپنا ایک مال بچانے کے لیے دوسرا مال خرچ کرتا ہے جو "خلق لکم مافی الارض جمیعا" کے تحت جائز ہے۔

بلکہ بعض فقہاء کرام یہاں تک فرماتے ہیں کہ اگر ایسی حالت میں اس کے پاس اپنی بکری وغیرہ نہ ہو اور اس کا کتا بھوک کی وجہ سے مر رہا ہو، اور قریب میں کسی دوسرے شخص کے پاس اس کی فوری ضرورت سے زائد بکری موجود ہو، تو اس کے لیے گنجائش ہے کہ اس دوسرے شخص سے اس کی ملکیت والی بکری لے لے، اگر وہ نہیں دیتا تو اس سے چھین کر ذبح کر لے اور اپنے کتے کی جان بچائے، اس کے بعد بکری کے مالک کو اس کی قیمت اداء کرے۔ (23)

22 روضة الطالبين وعمدة المفتين (3/ 288) :

كما يجب بذل المال لإبقاء الآدمي المعصوم، يجب بذله لإبقاء البهيمة المحترمة، وإن كان ملكا للغير...... ولو كان لرجل كلب غير عقور جائع وشاة، لزمه ذبح الشاة لإطعام الكلب.

مغني المحتاج إلى معرفة معاني ألفاظ المنهاج (6/ 162)، العزيز شرح الوجيز المعروف بالشرح الكبير ط العلمية (12/ 167)، النجم الوهاج في شرح المنهاج (9/ 573)

23 المجموع شرح المهذب (9/ 48)

كما يجب بذل المال لإبقاء الآدمي المعصوم يجب بذله لإبقاء البهيمة المحترمة وإن كانت ملكا للغير ولا يجب البذل للحربي ولا للمرتد والكلب العقور ولو كان لرجل كلب مباح المنفعة جائع وشاة لزمه ذبح الشاة لإطعام الكلب قال البغوي وله أن يأكل من لحمها لأنها ذبحت للأكل قال القاضي حسين ولو كان معه كلب مضطر ومع غيره شاة ليس مضطرا إليها لزمه بذلها فإن امتنع فلصاحب الكلب قهره ومقاتلته لما سبق والله أعلم

دوسری صورت کی بھی وہی وجہ ہے جو پہلی صورت کی ہے، نیز دوسرے کی بکری چھین کر کھلانے میں حکمت یہ نظر آتی ہے کہ اس میں اگرچہ کسی کی اجازت کے بغیر اس کے مال میں تصرف ہوا لیکن اس کی گنجائش اس لیے ہے کہ مالک کو اس کی بکری کی قیمت مل سکتی ہے اور دوسری طرف ایک ذی روح مفید جاندار کی جان بچ گئی۔

شریعت کے مختلف احکام پر حیوانات کی خوراک کے پڑنے والے اثرات:

شریعتِ اسلامیہ نے دین کے ہر باب میں انسانوں کے حقوق کی طرح حیوانات کے حقوق ، بالخصوص ان کی خوراک کا خصوصی خیال رکھا ہے ۔ ذیل میں مختلف عبادات اور تجارتی معاملات و مسائل میں حیوانات کی خوراک سے متعلق بطورِ نمونہ چند مثالیں ذکر کرتے ہیں:

عبادات کے مختلف ابواب میں حیوانات کی خوراک سے متعلق چند اہم مسائل:

نماز کے حکم پر حیوانات کی خوراک کے پڑنے والے اثرات:

نماز دین کا ستون ہے اور مومن کی معراج ہے، ایمان کے بعد سب سے بڑا حکم نماز کا ہے، نماز کے لیے سب سے بنیادی شرط طہارت یعنی پاکی کا حصول ہے، جو عام حالات میں پانی کے ذریعے وضو یا غسل اور بیماری یا کسی شرعی عذر کی وجہ سے تیمم کی صورت میں حاصل کی جاتی ہے۔ شریعت مطہرہ میں جن اعذار کی بناء پر وضو و غسل کی جگہ تیمم جائز ہے ان میں ایک عذر یہ بھی ہے کہ نماز کا وقت ہو جائے اور کسی مسلمان کے اوپر اس وقت نماز پڑھنا فرض ہو لیکن اس کے پاس اتنا پانی موجود نہیں کہ وہ اس سے فرض غسل یا وضو کر سکے، مثلاً وہ سفر کی حالت میں ہے اور آس پاس قریب میں

پانی موجود نہیں یا وہ کسی عذر کی وجہ سے فرض غسل یا وضو کے لیے پانی حاصل نہیں کر سکتا مثلاً اس جگہ پانی بہت مہنگا ہے، خریدنے کی طاقت نہیں، تو ایسی صورت میں اگر وہ اپنے پاس موجود تھوڑے سے پانی سے وضو کرتا ہے اور پیاس کی وجہ سے وہ خود، یا اس کی سواری وغیرہ کا جانور یا اس کا پہرے دار کتا مرنے یا ناقابلِ برداشت تکلیف سے دوچار ہونے کا خطرہ ہو تو ایسی صورت میں شریعت کی طرف سے اس کے لیے نہ صرف جائز ہے، بلکہ اسے حکم ہے کہ وضو کے بجائے تیمم کرے اور اپنے پاس موجود پانی کھانے پینے کے لیے استعمال کرے، اپنے جانوروں کو پلائے تاکہ ان کی جان بچائی جاسکے۔(24)

24　المحيط البرهاني في الفقه النعماني (1/ 146)

يجوز للمسافر التيمم إذا لم يكن معه ماء، وكذلك إذا كان معه ماء وهو يخاف على نفسه من العطش أو دابته، لأنه عاجز عن استعمال الماء حكما لكونه مستحقا لحاجته الأصلية فيعتبر بما لو كان عاجزا عن استعمال الماء حيقيقة.

العناية شرح الهداية (2/ 160)

(ولنا أنه مشغول بحاجته الأصلية) أي معد لما يدفع الهلاك حقيقة أو تقديرا لأن صاحبه يحتاج إليه لأجل قضاء الدين دفعا للحبس والملازمة عن نفسه، وكل ما هو كذلك اعتبر معدوما كالماء المستحق بالعطش لنفسه أو دابته وثياب المهنة

الجوهرة النيرة على مختصر القدوري (1/ 21)، مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح (ص: 51)، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح (ص: 116)، (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح ص62 ط مصطفى الحلبي)

(مواهب الجليل شرح مختصر خليل 3/ 237 ط دار الفكر)

وقد جاء ذلك مفسرا في الأحاديث فلا اختلاف في أنه لا يجوز قتل كلاب الماشية والصيد والزرع

(كشاف القناع 1 / 164 ط دار الفكر)

حدیث شریف میں جانوروں کی ہڈی اور ان کی لید وغیرہ کے ذریعے استنجاء کرنے سے منع کیا گیا ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ہڈی اور لید کے ذریعے استنجاء نہ کریں کیونکہ یہ آپ کے (جنات) بھائیوں کی غذاء ہے۔ (25)

بیشتر احادیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا گیا ہے کہ ہڈی جنات کی خوراک ہے جبکہ ہمارے جانوروں کی لید جنات کے جانوروں کی خوراک ہے۔ (26)

(أو) أي: ويصح التيمم ل (عطش يخافه على نفسه ولو) كان العطش (متوقعا) ----- (أو) يخاف العطش على (رفيقه المحترم) ؛ لأن حرمته تقدم على الصلاة ----- (ويلزمه) أي: من معه الماء (بذله له) أي: لعطشان يخشى تلفه.---- (أو) عطش يخافه (على بهيمته أو بهيمة غيره المحترمين) ؛ لأن للروح حرمة، وسقيها واجب ودخل في ذلك كلب الصيد وخرج عنه العقور والخنزير ونحوه؛ لعدم احترامه.

(روضة الطالبين للنووي 3/ 288 ط المكتب الإسلامي)، الموسوعة الفقهية الكويتية (35/ 134)

بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (1/ 68)

الأمة أجمعت على أن من كان في السفر ومعه ماء يكفيه لوضوئه وهو بحال يخاف على نفسه العطش يباح له التيمم.

25 صحيح مسلم (1/ 332)

" لكم كل عظم ذكر اسم الله عليه يقع في أيديكم أوفر ما يكون لحما وكل بعرة علف لدوابكم. فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «فلا تستنجوا بهما فإنهما طعام إخوانكم»

السنن الكبرى للنسائي (1/ 87)

عن عبد الله بن مسعود، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «لا تستنجوا بالروث، ولا بالعظام فإنها زاد إخوانكم من الجن»

سنن الترمذي : (1/ 29)، صحيح ابن حبان – محققا (4/ 281)

26 سنن الترمذي ت بشار (5/ 235)

عن علقمة، قال: قلت لابن مسعود: هل صحب النبي صلى الله عليه وسلم ليلة الجن منكم أحد؟ قال: ما صحبه منا أحد ولكن قد افتقدناه ذات ليلة وهو بمكة، فقلنا اغتيل أو استطير ما فعل به؟ فبتنا بشر ليلة بات بها قوم، حتى إذا أصبحنا أو كان في وجه الصبح، إذا نحن به يجيء من قبل حراء،

مذکورہ احادیث کی وجہ سے تمام فقہاء کرام کے نزدیک جانوروں کی ہڈی اور ان کی لید و مینگنی وغیرہ کے ذریعے استنجاء کرنا منع ہے۔ (27)

اسی طرح جانور کی جان بچانے کی خاطر نماز جیسے اہم شرعی عمل کو توڑنے کی اجازت دی گئی ہے کہ اگر کوئی شخص نماز پڑھ رہاہے اور اس کو کسی درندے یا چور کی

قال: فذكروا له الذي كانوا فيه، فقال: أتاني داعي الجن، فأتيتهم فقرأت عليهم قال: فانطلق فأرانا آثارهم وآثار نيرانهم، قال الشعبي، وسألوه الزاد وكانوا من جن الجزيرة، فقال: كل عظم يذكر اسم الله عليه يقع في أيديكم أوفر ما كان لحما، وكل بعرة أو روثة علف لدوابكم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: فلا تستنجوا بهما فإنهما زاد إخوانكم من الجن. هذا حديث حسن صحيح.

(المجموع شرح المهذب 2 / 114، 115 ط دار الفكر)

(المهذب للشيرازي): فأما غير الماء من المائعات فلا يجوز الإستنجاء به لأنه ينجس بملاقاة النجاسة فيزيد في النجاسة وما ليس بطاهر كالروث والحجر النجس لا يجوز الإستنجاء به لنهيه صلى الله عليه وسلم عن الاستنجاء بالروث ولأنه نجس فلا يستنجي به كالماء النجس فإن استنجى بذلك لزمه بعد ذلك أن يستنجي بالماء لأن الموضع قد صار نجساً بنجاسة نادرة فوجب غسله بالماء -----

(المغني المطبوع مع الشرح الكبير 1 / 148 ط الكتاب العربي)

27 بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (1/ 18)

ويكره بالروث، وغيره من الأنجاس؛ لأن «النبي – صلى الله عليه وسلم – لما سأل عبد الله بن مسعود عن أحجار الاستنجاء أتاه بحجرين وروثة، فأخذ الحجرين ورمى بالروثة، وعلل بكونها نجسا، فقال: إنها رجس» أو ركس، أي: نجس.

ويكره بالعظم لما روي أن النبي – صلى الله عليه وسلم – «نهى عن الاستنجاء بالروث، والرمة وقال: من استنجى بروث، أو رمة فهو بريء مما أنزل على محمد» .

الموسوعة الفقهية الكويتية (23/ 194)

الاستنجاء بالروث: ذهب الشافعية والحنابلة والمالكية في قول والثوري وإسحاق إلى عدم جواز الاستنجاء بالروث طاهرا كان أو غير طاهر (المجموع 2 / 114 – 115، والمغني 1 / 157، وعمدة القارئ 2 / 301.)

طرف سے اپنے جانور کی ہلاکت وضائع ہونے کا ڈر ہو تو ایسی حالت میں اس کے لیے نماز توڑ کر جانور کو بچانے کا حکم ہے۔(28)

زکوٰۃ کے حکم پر حیوانات کی خوراک کے پڑنے والے اثرات:

حیوانات کی خوراک کی وجہ سے ان کے مالک پر واجب زکوٰۃ میں نرمی کر دی گئی ہے، چناں چہ اگر مالک پر جانوروں کی خوراک کا بوجھ نہیں اور اس کے جانور سال بھر خود چر کر کھاتے پیتے ہوں تو اس پر زکوٰۃ زیادہ ہے لیکن اگر کوئی شخص اپنے جانوروں کی خوراک کا بوجھ خود اٹھاتا ہے ان کو چَرائے بغیر تیار چیزیں کھلاتا پلاتا ہے تو اس پر حیوانات کی خوراک کا بوجھ اٹھانے کی وجہ سے زکوٰۃ یا تو سرے سے واجب نہیں ہوتی اور اگر واجب ہوتی بھی ہے تو پہلی صورت کے مقابلے میں زکوٰۃ کی مقدار کم ہوتی ہے جس کی تفصیل زکوٰۃ کے باب میں کتبِ فقہ میں مذکور ہے۔ (29)

---

28 المحيط البرهاني في الفقه النعماني (2/ 61)

ورأى سارقا يسرق شيئا من متاعه أو كان نازلا عن دابته فانقلبت الدابة فخاف عليها الضياع، أو كان راعي غنم فخاف على غنمه من السبع فإن في هذه المواضع كلها له أن يقطع الصلاة، ويسد السفينة ويتبع السارق والدابة والسبع لأن حرمة المال كحرمة النفس، قال النبي عليه السلام: «قاتل دون مالك حتى تقتل أو تقتل، فتكون من شهداء الآخرة» وفي رواية «من شهداء الجنة» وكذلك إذا خاف على نفسه من سبع أو عدو.

29 تحفة الفقهاء (1/ 285)

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (2/ 276)

(ويبطل حول زكاة التجارة بجعلها للسوم) لأن زكاة السوائم وزكاة التجارة مختلفان قدرا وسببا.....قال الشامي: (قوله: مختلفان قدرا وسببا) لأن القدر في التجارة ربع العشر، وفي السوائم ما يأتي بيانه والسبب فيهما هو المال النامي، لكن بشرط نية التجارة في الأول ونية الإسامة للدر والنسل في الثاني، فالاختلاف في الحقيقة في القدر والشرط، لكن لما كانت السببية لا تتم إلا بشرطها جعله من الاختلاف في السبب فافهم

حج کے حکم پر حیوانات کی خوراک کے پڑنے والے اثرات:

حج شریعت کا ایک بہت بڑا فریضہ ہے جس کے لیے اتنا مال ہونا شرط ہے کہ حاجی اپنے لیے زادِ راہ اور واپسی تک اپنے زیرِ کفالت لوگوں کے لیے شرعاً واجب خرچے کا انتظام کر سکے، فقہاء کرام نے لکھا ہے کہ اگر کوئی مسلمان کسی جانور کو بطورِ سواری لے کر حج کے لیے جاتا ہے تو اس کے لیے یہ بھی شرط ہے کہ وہ اپنے ساتھ ساتھ اپنے زیرِ استعمال سواری کے لیے بھی کھانے پینے کا انتظام کرنے کے قابل ہو۔ اگر کسی کے پاس جانور کے سوا حج پر جانے کے لیے کوئی دوسری سواری نہیں اور اس کے پاس جانور پر خرچ کرنے کے لیے مال نہیں تو اس پر حج واجب نہیں۔ (30)

الموسوعة الفقهية الكويتية (23/ 250)

ثم اختلف القائلون بهذا، فذهب الحنفية والحنابلة إلى أن السائمة هي التي تكتفي بالرعي في أكثر الحول، فلو علفها صاحبها نصف الحول أو أكثر كانت معلوفة ولم تجب زكاتها لأن القليل تابع للكثير؛ ولأن أصحاب السوائم لا يجدون بدا من أن يعلفوا سوائمهم في بعض الأوقات كأيام البرد والثلج .

الموسوعة الفقهية الكويتية (35/ 309) فإن علفها فلا زكاة على صاحبها

30 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (2/ 459)

(قوله ذي زاد وراحلة) أفاد أنه لا يجب إلا بملك الزاد وملك أجرة الراحلة.

البحر الرائق شرح كنز الدقائق ومنحة الخالق وتكملة الطوري (2/ 335)

الفقه الإسلامي وأدلته للزحيلي (3/ 2090)

ويلزمه حمل الزاد والماء وعلف البهائم إن لم يجده في طريقه، فإن وجده في المنازل المعتادة، لم يلزمه حمله؛ لأن هذا يشق عليه ولم تجر العادة به.

حدودِ حرم کے شرعی احکام پر حیوانات کی خوراک کے پڑنے والے اثرات:

حدودِ حرم میں حرم شریف کے گھاس، پودوں وغیرہ کو کاٹنا منع ہے لیکن سواری والے جانور کے لیے حرم شریف کے گھاس کھانا، چرنا یا چرانے کے لیے جانور کھولنا منع نہیں اور اس پر کوئی جنایت، کوئی صدقہ وغیرہ واجب نہیں۔(31)

---

31 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (2/ 569)

(قوله ولا يرعى حشيشه) أي عندهما. وجوزه أبو يوسف للضرورة، فإن منع الدواب عنه متعذر، وتمامه في الهداية. ونقل بعض المحشين عن البرهان تأييد قوله بما حاصله أن الاحتياج للرعي فوق الاحتياج للآخر. وأقرب حد الحرم فوق أربعة أميال؛ ففي خروج الرعاة إليه ثم عودهم قد لا يبقى من النهار وقت تشبع فيه الدواب، وفي قوله – صلى الله عليه وسلم – «لا يختلى خلاها، ولا يعضد شوكها» وسكوته عن نفي الرعي إشارة لجوازه وإلا لبينه، ولا مساواة بينهما ليلحق به دلالة إذ القطع فعل العاقل والرعي فعل العجماء وهو جبار، وعليه عمل الناس؛ وليس في النص دلالة على نفي الرعي ليلزم من اعتبار الضرورة معارضته، بخلاف الاحتشاش اهـ لكن في قوله والرعي فعل العجماء نظر لأنها لو أرتعت بنفسها لا شيء عليه اتفاقا، وإنما الخلاف في إرسالها للرعي وهو مضاف إليه

الفقه الإسلامي وأدلته للزحيلي (3/ 2334)

والأصح حل أخذ نبات الحرم من حشيش ونحوه لعلف البهائم وللدواء، وللتغذي، للحاجة إليه، ولأن ذلك في معنى الزرع، ولا يضمن في الجديد صيد المدينة مع حرمته.

الفقه الإسلامي وأدلته للزحيلي (3/ 2399)

رابعاً ــ الفرق بين حرم المدينة وحرم مكة: يختلف حرم المدينة عن حرم مكة في شيئين:

أحدهما ــ أنه يجوز أن يؤخذ من شجر حرم المدينة ما تدعو الحاجة إليه للمساند والوسائد والرحل، ومن حشيشها ما تدعو الحاجة إليه للعلف، لما روى جابر: «أن النبي صلّى الله عليه وسلم لما حرم المدينة، قالوا: يا رسول الله، إنا أصحاب عمل وأصحاب نضح، وإنا لانستطيع أرضاً غير أرضنا، فرخص لنا، فقال: القائمتان والوسادة والعارضة والمسند، فأما غير ذلك فلا يعضد، ولا يخبط منها شيء» فاستثنى ذلك وجعله مباحاً كاستثناءذلك وجعله مباحاً كاستثناء الإذخر بمكة.

جہاد اور مالِ غنیمت کے حکم پر حیوانات کی خوراک کے پڑنے والے اثرات:

جہاد میں جس مجاہد کے پاس ذاتی سواری کے لیے جانور ہو تو اس سواری والے جانور کی وجہ سے اس کا درجہ دوسرے مجاہدین سے نہ صرف ممتاز ہوتا ہے، بلکہ مال غنیمت میں اس کا حصہ پیادہ مجاہدین سے دوگنا بلکہ بعض فقہاء کرام کے نزدیک تین گنا زیادہ ہوتا ہے۔ (32)

جہاد میں فتح کے بعد اسلامی فوج کو تقسیم سے پہلے مالِ غنیمت سے کوئی چیز لینا جائز نہیں، سوائے انتہائی ضرورت کی چند چیزوں کے، جن میں خوراک وغیرہ شامل ہیں، لہٰذا مالِ غنیمت میں سے جس طرح مجاہدین کو مالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے اپنا کھانا لینا جائز ہے اسی طرح بغیر اجازت جانوروں کا کھانا لینا بھی جائز ہے۔ گویا کہ خوراک کے معاملے میں شریعت نے اسلامی فوج کے مجاہدین اور اس کے زیرِ استعمال سواریوں کا یکساں خیال رکھا۔ (33)

32　الأصل المعروف بالمبسوط للشيباني (2/ 178)

فيكون للراجل منهم سهم وللفارس سهمان وهذا قول أبي حنيفة وقال أبو يوسف ومحمد للفارس ثلاثة أسهم وللراجل سهم.

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (4/ 146)

(قوله استحق سهمين) سهم لنفسه وسهم لفرسه، وهذا عنده وعندهما ثلاثة أسهم له سهم ولفرسه سهمان.

33　الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (4/ 143)

(الانتفاع فيها) أي في دار الحرب (بعلف وطعام وحطب وسلاح ودهن بلا قسمة) أطلق الكل تبعا للكنز وقيد في الوقاية السلاح بالحاجة

(المغني لابن قدامة 9/ 278ط مكتبة القاهرة)

معاملات کے مختلف ابواب میں حیوانات کی خوراک سے متعلق چند اہم مسائل:

حیوانات کی خوراک کی وجہ سے بعض ناجائز سودے جائز ہو جاتے ہیں:

شریعت میں کسی ایسی چیز کو بیچنا جائز نہیں جس کا ابھی کوئی وجود نہ ہو؛ اسی وجہ سے پھل پیدا ہونے سے پہلے باغات کی خرید وفروخت جائز نہیں، لٰہذا باغات کی خرید وفروخت کے لیے ضروری ہے کہ پھل کی پیدائش ہو چکی ہو، اور وہ انسانوں کی خوراک بن سکے، یہ نہیں تو کم از کم پھل اتنا ظاہر ہو چکا ہو کہ جانوروں کی خوراک تو بن سکے۔ اس لیے اگر پھل اپنے ابتدائی مرحلے میں اس قدر بھی وجود میں آ چکے ہیں کہ وہ

أجمع أهل العلم، إلا من شذ منهم، على أن للغزاة إذا دخلوا أرض الحرب، أن يأكلوا مما وجدوا من الطعام، ويعلفوا دوابهم من أعلافهم؛ منهم سعيد بن المسيب، وعطاء، والحسن، والشعبي، والقاسم، وسالم، والثوري، والأوزاعي، ومالك، والشافعي، وأصحاب الرأي. وقال الزهري: لا يؤخذ إلا بإذن الإمام.

وقال سليمان بن موسى: لا يترك إلا أن ينهى عنه الإمام، فيتقى نهيه. ----- ولأن الحاجة تدعو إلى هذا، وفي المنع منه مضرة بالجيش وبدوابهم، فإنه يعسر عليهم نقل الطعام والعلف من دار الإسلام، ولا يجدون بدار الحرب ما يشترونه، ولو وجدوه لم يجدوا ثمنه، ولا يمكن قسمة ما يأخذه الواحد منهم، ولو قسم لم يحصل للواحد منهم شيء ينتفع به، ولا يدفع به حاجته، فأباح الله تعالى لهم ذلك

الموسوعة الفقهية الكويتية (31/ 276)

الشرح الصغير للدردير مع حاشية الصاوي : 2 / 280 .

(وجاز أخذ محتاج) ----- (ونحوها) كعلف لدابته وإبرة ومخياط وخيط وقصعة ودلو (وإن نعما) يذبحه ليأكله، أو يحمل عليه متاعا ويرد جلده للغنيمة إذا لم يحتج إليه

الموسوعة الفقهية الكويتية (31/ 273،274)

(مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر 1/ 651،652 ط در سعادت)

(و) ينتفع (بالعلف، والحطب، والدهن، والطيب مطلقا) أي سواء وجد الاحتياج، أو لا.

جانوروں کی خوراک بن سکتے ہوں تو اس صورت میں جانوروں کی خوراک کی وجہ سے شریعت نے اس کی خرید وفروخت کی اجازت دی۔

جابر بن عبد اللہ رضی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پھلوں کی خرید وفروخت سے اس وقت تک منع فرمایا جب تک اس کی صلاحیت ظاہر نہ ہو۔ (34)

ایک اور حدیث میں عبد اللہ بن عمر رضی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھلوں کی صلاحیت ظاہر ہونے سے پہلے بیچنے اور خریدنے والے دونوں کے لیے منع فرمایا ہے۔ (35)

انسانوں کی خوراک کی طرح حیوانات کی خوراک کی بھی ذخیرہ اندوزی حرام ہے:

اسلام میں انسانی ضرورت کی چیزیں اتنی مقدار میں خرید کرنا جائز منافع خوری کی نیت سے ذخیرہ کرنا حرام ہے، جس کی وجہ سے معاشرے کو ضرورت کی چیزوں کے بارے میں مہنگائی، تکلیف اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑے، شریعت کے اس حکم میں جس طرح انسانوں کے کھانے پینے کی چیزیں شامل ہیں اسی طرح حیوانات کی خوراک (Animal Feeds) بھی اگر کوئی شخص یا ادارہ اس نیت سے اتنی مقدار میں ذخیرہ کرے کہ اس کی وجہ سے اس کی قیمت بڑھ جائے اور اور اس کی وجہ سے حیوانات کی

34 صحيح البخاري (2/ 127) عن جابر بن عبد الله رضي الله عنهما، «نهى النبي صلى الله عليه وسلم عن بيع الثمار حتى يبدو صلاحها»

35 صحيح البخاري (3/ 77) عن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما: «أن رسول الله صلى الله عليه وسلم، نهى عن بيع الثمار حتى يبدو صلاحها، نهى البائع والمبتاع»

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (4/ 555)

خوراک عام طور پر مارکیٹ میں نہ مل رہی ہو، جبکہ اس کی نیت یہ ہو کہ مہنگا ہو کر بعد میں بیچیں گے، شریعت کی نظر میں یہ بھی حرام اور ناجائز ہے۔ (36)

حدیث شریف میں ذخیرہ اندوزی کرنے والے پر لعنت بھیجی گئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مال کو مارکیٹ میں لانے والا "مرزوق" ہے یعنی اس کی روزی میں برکت ہوگی اور مال کو روکنے اور ذخیرہ کرنے والا ملعون ہے۔ (37)

ایک جگہ ارشاد فرمایا کہ ذخیرہ اندوزی کرنے والا گناہ گار ہے۔ (38)

ایک اور حدیث شریف میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جس نے مسلمانوں کے کھانے پینے کی چیزیں چالیس دن تک روکے رکھیں اس کو اللہ تعالیٰ بھوک افلاس اور جذام (کوڑھ) کے مرض میں مبتلا کریں گے۔ (39)

---

36 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (6/ 398)

(قوله وكره احتكار قوت البشر) ...والتقييد بقوت البشر قول أبي حنيفة ومحمد وعليه الفتوى كذا في الكافي، وعن أبي يوسف كل ما أضر بالعامة حبسه، فهو احتكار وعن محمد الاحتكار في الثياب.

الفقه الإسلامي وأدلته للزحيلي (4/ 2692)

واتفق الفقهاء أيضاً على أن الاحتكار حرام في كل وقت في الأقوات أو طعام الإنسان، مثل الحنطة والشعير والذرة والأرز، والتين والعنب والتمر والزبيب واللوز ونحوها مما يقوم به البدن، لا العسل والسمن، واللحم والفاكهة. وكذلك يحرم الاحتكار عند الحنفية والشافعية والحنابلة في طعام البهائم كتبن وفصفصة وهي الرطبة من علف الدواب.

37 سنن ابن ماجه (2/ 728) قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «الجالب مرزوق، والمحتكر ملعون»

38 صحيح مسلم (3/ 1228عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، قال: «لا يحتكر إلا خاطئ»

39 سنن ابن ماجه (2/ 729)

عن عمر بن الخطاب، قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم، يقول: «من احتكر على المسلمين طعامهم، ضربه الله بالجذام والإفلاس»

انسانوں کی خوراک کی طرح حیوانات کی خوراک میں بھی "تلقی جلب" اور "بیع الحاضر للبادی" حرام ہے:

خرید و فروخت کی بعض صورتوں کو شریعت نے ناجائز قرار دیا ہے ان میں مذکورہ دو قسمیں بھی ہیں، جس طرح ذخیرہ اندوزی حرام ہے اسی طرح انسانوں اور حیوانات کی خوراک (Animal Feeds) وغیرہ میں یہ عمل بھی ناجائز ہے کہ جس میں ضرورت کی چیزیں عام لوگوں کے لیے مارکیٹ میں پہنچنے سے پہلے راستے میں ہی سستا خرید کر شہر میں مہنگے داموں بیچا جائے، اس کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ دیہات سے کسان جب اپنا مال لے کر منڈی آرہے ہوتے ہیں تو کچھ تیز طرار تاجر راستے میں ان سے مل کر بھاؤ تاؤ کرتے ہیں اور کسان کے ہاتھوں مال مارکیٹ یا منڈی تک نہیں پہنچنے دیتے، تاکہ عام لوگوں کو سستا نہ ملے، اس کو فقہی اصطلاح میں "تلقی جلب" کہتے ہیں۔

اسی طرح بسا اوقات کسان یا سپلائر جب اپنا مال شہر یا مارکیٹ لانا چاہتے ہوں تو شہری تاجر یا شہر کے لوگ ان کو کہتے ہیں کہ بھئی آپ اپنا مال ہمیں دے کر واپس چلے جائیں، ہم مہنگا بیچ کر آپ کو اس کی رقم دے دیں گے، اس کو فقہی اصطلاح میں "بیع الحاضر للبادی" کہتے ہیں، یعنی شہری کا دیہاتی کے لیے مال بیچنا۔

شریعتِ مطہرہ نے اس مسئلے میں انسانوں اور حیوانات کی ضرورت کا برابر کا خیال رکھاہے۔ (40)

---

40 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (6/ 399)

(قوله ومثله تلقي الجلب) أي في التفصيل بين كونه يضر أهل البلد أو لا يضر.

حاشيتا قليوبي وعميرة 2 \ 182 والمعنى في النهي عن ذلك ما يؤدي إليه من التضييق على الناس

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہری کا دیہاتی کے لیے مال بیچنے سے منع فرمایا ہے۔(41)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں اس سے منع کیا گیا ہے کہ کوئی شہری کسی دیہاتی کے لیے مال بیچے، چاہے وہ اس کا بھائی یا باپ ہی کیوں نہ ہو۔(42)

ان احادیث میں جن سودوں سے منع کیا گیا ہے ان کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے۔

انسانوں کی خوراک کی طرح حیوانات کی خوراک میں بھی حکومت وقت پرائس کنٹرول جارے کرے گی:

مہنگائی سے بچنے کے لیے شریعت نے حکومت وقت کی یہ ذمہ داری لگائی کہ انسانی ضروریات کی چیزوں کے بارے میں تجار اور عوام الناس کی ضروریات و مصالح کو مدِ نظر رکھ کر مارکیٹ کے لیے کنٹرول نرخ نامہ (Price Control) کا نظام وضع کرے اسی طرح حیوانات کی خوراک (Animal Feeds) وغیرہ ضروریات کا بھی یہی حکم ہے کہ اس کے لیے بھی حسبِ ضرورت پرائس کنٹرول کا نظام وضع کیا جائے تاکہ اس کی وجہ سے حیوانات کو انجام کار تکلیف نہ ہو۔(43)

(حاشية الدسوقي على الشرح الكبير 3/ 69) وذلك لأن النهي لأجل أن يبيعوا للناس برخص (المغني 4 / 280)، (كشاف القناع3/)، الموسوعة الفقهية الكويتية (9/ 83،82)

41 صحيح البخاري (3/ 69) عن أبي هريرة رضي الله عنه، قال: «نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يبيع حاضر لباد»

42 صحيح مسلم (3/ 1158) عن أنس بن مالك، قال: «نهينا أن يبيع حاضر لباد، وإن كان أخاه أو أباه»

43 (رد المحتار على الدر المختار 5/ 256 , 257 ط إحياء التراث)

(الدر المختار) قلت: وأفاد أن التسعير في القوتين ----- قال في (حاشية ابن عابدين) (قوله وأفاد أن التسعير في القوتين) أي قوت البشر وقوت البهائم، لأنه ذكر التسعير في بحث الاحتكار تأمل

عقدِ مرابحہ اور حیوانات کی خوراک کا مسئلہ:

عقدِ مرابحہ کا مطلب ہے کہ کسی چیز کی قیمتِ خرید یا مارکیٹ قیمت بتا کر اس پر اضافی نفع کمایا جائے، مثلاً بائع خریدار سے کہے کہ یہ چیز مجھے اتنے میں پڑی ہے اتنا نفع رکھ کر بیچنا چاہتا ہوں، اس میں فقہاء کرام نے تفصیلی مباحث کیے ہیں کہ کون کون سے خرچے اصل قیمت میں اضافہ (Add) کر سکتا ہے کون سے نہیں۔

اس معاملے میں دیگر خرچوں کے علاوہ اگر جانور استعمال ہوا ہے تو اس کی خوراک وغیرہ کا خرچہ بھی شمار کر کے اوپر نفع کمایا جا سکتا ہے، حالانکہ شریعت میں اس عقد کے احکام قیمتِ خرید اور خالص امانت پر مبنی ہیں اور دیگر سودوں سے یہ سودا کافی مختلف ہے۔ اس لیے بیع مرابحہ میں حیوانات کی خوراک کی وجہ سے قیمت میں اضافے کی اجازت دے دی۔ (44)

(روضة الطالبين للنووي 3/ 413 ، 414 ط المكتب الإسلامي)

وحيث جوزنا التسعير، فذلك في الأطعمة، ويلحق بها علف الدواب على الأصح. وإذا سعر الإمام عليه، فخالف، استحق التعزير.

(أسنى المطالب شرح روض الطالب 2 / 38 ط دار الكتاب الإسلامي): إن ذلك لا يختص بالأطعمة وعلف الدواب وهو ظاهر

(رد المحتار على الدر المختار 5/ 257 ط إحياء التراث)

الموسوعة الفقهية الكويتية (11/ 308)

44 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (5/ 135) ويضم علف الدواب

(بدائع الصنائع 5/ 223 ط المكتبة العلمية ــ بيروت)

الكافي لابن عبد البر ص188 ط دارالكتب العلمية

ولا بأس بالانتفاع بشعر الميت وصوفها ولا يجوز الانتفاع بريشها ولا عصبها ولا عظمها ومن أهل المدينة من يجيز الانتفاع بمداس العاج وأمشاطه منهم عروة وابن شهاب وتحصيل مذهب مالك كراهية ذلك

بداية المجتهد 1 / 100 ط المكتبات الأزهرية

المسألة الثانية: وكما اختلفوا في أنواع الميتات كذلك اختلفوا في أجزاء ما اتفقوا عليه أنه ميتة، وذلك أنهم اتفقوا على أن اللحم من أجزاء الميتة ميتة. واختلفوا في العظام والشعر، فذهب الشافعي إلى أن العظم والشعر ميتة، وذهب أبو حنيفة إلى أنهما ليسا بميتة، وذهب مالك للفرق بين الشعر والعظم فقال: إن العظم ميتة وليس الشعر ميتة. وسبب اختلافهم: هو اختلافهم فيما ينطلق عليه

(48) فقہ حنفی کے موقف اور مالکیہ میں سے علامہ ابن وھب، اور امام احمد بن حنبل کی ایک روایت (جس کو امام ابن تیمیہؒ نے راجح قرار دیا ہے۔) کے مطابق مردار کی ہڈی، سینگ، کھر اور ناخن وغیرہ پاک ہیں اور ان سے انتفاع (Utilization) جائز

اسم الحياة من أفعال الأعضاء. فمن رأى أن النمو والتغذي هو من أفعال الحياة قال: إن الشعر والعظام إذا فقدت النمو والتغذي فهي ميتة. ومن رأى أنه لا ينطلق اسم الحياة إلا على الحس قال: إن الشعر والعظام ليست بميتة ; لأنها لا حس لها. ومن فرق بينهما أوجب للعظام الحس ولم يوجب للشعر. وفي حس العظام اختلاف، والأمر مختلف فيه بين الأطباء، ومما يدل على أن التغذي والنمو ليسا هما الحياة التي يطلق على عدمها اسم الميتة، أن الجميع قد اتفقوا على أن ما قطع من البهيمة وهي حية أنه ميتة لورود ذلك في الحديث وهو قوله – عليه الصلاة والسلام –: «ما قطع من البهيمة وهي حية فهو ميتة» ، واتفقوا على أن الشعر إذا قطع من الحي أنه طاهر، ولو انطلق اسم الميتة على من فقد التغذي والنمو لقيل في النبات المقلوع إنه ميتة، وذلك أن النبات فيه التغذي والنمو، وللشافعي أن يقول إن التغذي الذي ينطلق على عدمه اسم الموت هو التغذي الموجود في الحساس.

المجموع شرح المهذب 1/ 231 ط دار الفكر

أما قوله لأن النبي صلى الله عليه وسلم ناول أبا طلحة شعره فقسمه بين الناس فحديث صحيح رواه البخاري ومسلم أما أحكام المسألة فحاصلها أن المذهب نجاسة شعر الميتة غير الآدمي وطهارة شعر الآدمي هذا مختصر المسألة وأما بسطها فقد ذكر المصنف ثلاث طرق وهي مشهورة في المذهب قال القاضي أبو الطيب وآخرون الشعر والصوف والوبر والعظم والقرن والظلف تحلها الحياة وتنجس بالموت هذا هو المذهب وهو الذي رواه البويطي والمزني والربيع المرادي وحرملة

المغني لابن قدامة 1/ 53 ط مكتبة القاهرة

مسألة قال: (وكذلك آنية عظام الميتة) يعني: أنها نجسة، وجملة ذلك، أن عظام الميتة نجسة، سواء كانت ميتة ما يؤكل لحمه، أو ما لا يؤكل لحمه، كالفيلة، ولا يطهر بحال، وهذا مذهب مالك، والشافعي، وإسحاق.

الموسوعة الفقهية الكويتية (39/ 392)

ہے، لہٰذا اس موقف کے مطابق حیوانات کی خوراک کے لیے ان چیزوں کی ترسیل، کاروبار اور آمدنی جائز ہے۔ (129)

چوتھی قسم: حیوانات کی خوراک کے لیے مختلف قسم کی کیمیکلز ، اینٹی بائیو ٹکس وغیرہ کی ترسیل، کاروبار اور آمدنی کا شرعی حکم:

Chemicals Supply for Animal Feeds

اس میں شرعی اعتبار سے دو باتیں اہم اور قابلِ غور ہیں:

---

129 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (5/ 73)

(قوله كعصبها وصوفها) أدخلت الكاف عظمها وشعرها وريشها ومنقارها وظلفها وحافرها فإن هذه الأشياء طاهرة لا تحلها الحياة فلا يحلها الموت، ويجوز بيع عظم الفيل والانتفاع به في الحمل والركوب والمقاتلة منح ملخصا ط.

بدائع الصنائع 1/ 63 : (أما) الأجزاء التي لا دم فيها فإن كانت صلبة كالقرن والعظم والسن والحافر، والخف والظلف والشعر والصوف، والعصب والإنفحة الصلبة، فليست بنجسة عند أصحابنا.

تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق 1/ 26 ، أحكام القرآن للجصاص 1/ 170 ط دار الفكر، الهداية في شرح بداية المبتدي (3/ 46)

بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 142): وأما عظم الميتة وعصبها، وشعرها، وصوفها، ووبرها، وريشها، وخفها وظلفها، وحافرها فيجوز بيعها، والانتفاع بها

كنز الدقائق (ص: 421)، النهر الفائق شرح كنز الدقائق (3/ 429)

في (التجنيس) المختار للفتوى جواز بيع لحم المذبوح من السباع، وكذا الكلب والحمار لأنه طاهر وينتفع به في إطعام سنورة (كعظم الميتة) أي: كما يباع عظم الميتة وينتفع به، (و) كذا/ (عصبها وصوفها وقرنها ووبرها) وريشها ومنقارها وظلفها وحافرها لطهارتها لأن الحياة لا تحلها فلا يحلها الموت.

الموسوعة الفقهية الكويتية (39/ 392)

(49) ایک یہ کہ حیوانات کی خوراک کے لیے کیمیکلز ، اینٹی بائیو ٹکس کی وصولی وفراہمی کا شرعی حکم ان کے ماخذ یا ذیلی اجزاء (Source/ Sub Ingredients) پر ہو گا، اگر کیمیکلز کے ذیلی اجزاء نباتات ہوں تو ان پر نباتات کے احکام جاری ہوں گے اور اگر کیمیکلز کے ذیلی اجزاء معدنیات ہوں تو ان پر معدنیات کے احکام جاری ہوں گے اور اگر کیمیکلز کے ذیلی اجزاء حیوانات ہوں تو ان پر حیوانات کے احکام جاری ہوں گے، جس کی تفصیل گزر چکی ہے۔

(50) دوسری بات یہ کہ حیوانات کی خوراک میں شامل کی جانے والی مختلف کیمیکلز کا ضرر کا پہلو انتہائی احتیاط کا متقاضی ہے کہ ایسے کیمیکلز، ہارمونز، اینٹی بائیو ٹکس وغیرہ حیوانات اور اس کے بعد حیوانات سے حاصل ہونے والی انسانی خوراک میں ضرر کا باعث نہ ہو، اگر ایسی کوئی ضرر ہے تو نجاست وطہارت سے ہٹ کر ضرر کے شرعی احکام جاری ہوں گے، جس کی تفصیل گزر چکی ہے۔ حیوانات کو ایسی خوراک کھلانے کا شرعی حکم چوتھے باب میں آرہا ہے۔

تیسرا باب

حیوانات کی خوراک تیاری اور اس کے کاروبار کا شرعی حکم

Processing, Manufacturing & Business of Animal Feeds

حیوانات کی خوراک تیاری اور کاروبار سے متعلق شرعی ضابطے:

حیوانات کے لیے مختلف قسم کی خوراک (Animal Feed) تیار کرنے، اور اس کا کاروبار کرنے سے متعلق وہ تمام شرعی ضابطے لاگو ہوں گے جو فصلِ اول میں ذکر کی گئی ہیں۔ جن کا خلاصہ درجِ ذیل ہے:

1 = **ضابطہ :** جو چیزیں پاک اور حلال ہیں اور جن کا بطورِ خام مال بیچنا سپلائی کرنا جائز ہے، لہٰذا ان سب چیزوں کا حیوانات کی خوراک میں ملانا، استعمال کرنا اور اس کا کاروبار کرنا خرید و فروخت کی دیگر شرعی شرائط کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جائز ہے، اور ایسے کاروبار کی کمائی حلال ہے۔(130)

130 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (5/ 69) والحاصل أن جواز البيع يدور مع حل الانتفاع مجتبى، وفيه: (5/ 69) ويجوز بيع سائر الحيوانات سوى الخنزير وهو المختار

نوٹ: اس باب کے اکثر حوالہ جات گزشتہ باب میں گزر چکے ہیں لہٰذا حوالہ جات کے لیے گزشتہ باب کی طرف رجوع فرمائیں۔

2 = ضابطہ: جو چیزیں نجس العین ہیں، جیسے خنزیر، خون، مردار کے نجس اجزاء، شراب، پاخانہ پیشاب وغیرہ، یا ایسی متنجس چیزیں، جن میں نجاست غالب ہے، ان سب چیزوں کا حیوانات کی خوراک (Animal Feed) میں ملانا، استعمال کرنا جائز نہیں، صانع (Manufacturer) کو اس فعل کی وجہ سے گناہ گار ہوگا اور اس عمل کی وجہ سے اس کی کمائی میں خبث آئے گا، تاہم جب بعد میں اس طرح کی چیزوں کو دیگر پاک چیزوں کے ساتھ ملا کر حیوانات کی خوراک (Animal Feed) تیار ہو جائے تو وہ اب نجس العین نہیں، بلکہ متنجس ہوگی جس میں اگر نجاست مغلوب ہو تو اس کا کاروبار کرنا جائز ہے، جس کی کمائی حرام نہیں۔(131)

---

131 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (5/ 72) : لا يحل الانتفاع بالنجس.

المحيط البرهاني في الفقه النعماني (5/ 373)

الهداية في شرح بداية المبتدي (4/ 394) والسابع: حرمة الانتفاع بها؛ لأن الانتفاع بالنجس حرام، ولأنه واجب الاجتناب وفي الانتفاع به اقتراب.

البحر الرائق شرح كنز الدقائق ومنحة الخالق وتكملة الطوري (8/ 250)

ويكره الاحتقان بالخمر وإقطاره في الإحليل؛ لأنه انتفاع بالنجس المحرم وتقدم الكلام فيما إذا أخبر به طبيب حاذق وفي المحيط ولو سقى شاة خمرا لا يكره لحمها ولبنها؛ لأن الخمر وإن كانت باقية في معدتها فلم يختلط بلحمها وإن استحالت الخمر لحما فيجوز كما لو استحالت خلا إلا إذا سقاها كثيرا بحيث يؤثر في رائحتها الخمر فإنه يكره لحمها.

تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق وحاشية الشلبي (6/ 49)

سوال: یہاں پر ایک اشکال یہ ہوتا ہے کہ احناف کے نزدیک انتفاع من النجس والحرام تو عام طور پر درست نہیں، لیکن اصلاح الحرام والنجس درست ہے اسی وجہ سے احناف کے نزدیک شراب سے باقاعدہ ارداۃً سرکہ بنانا (تخلیل) انقلابِ ماہیت کی نیت سے جائز ہے، لہٰذا اسی طرح یہاں پر بھی حیوانات کی خوراک (Animal Feed) میں نجاست کی ملاوٹ اس وجہ سے جائز ہونا چاہیے کہ اس میں بھی ایک طرح سے اس نجاست کی اصلاح ہے اور یہ جائز ہے؟(132)

قال – رحمه الله – (وكره شرب دردي الخمر والامتشاط به)؛ لأن فيه أجزاء الخمر فكان حراما نجسا والانتفاع بمثله حرام؛ ولهذا لا يجوز أن يداوي به جرحا ولا أن يسقي ذميا ولا صبيا والوبال لمن سقاه وكذا لا يسقيها الدواب وقيل لا تحمل الخمر إليها أما إذا قيدت إلى الخمر فلا بأس به كما في الكلب والميتة ولو ألقي الدردي في الخل فلا بأس به؛ لأنه يصير خلا لكن يباح حمل الخل إليه دون عكسه

تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق وحاشية الشلبي (6/ 49)

ولو جعلت الخمر في مرقة فطبخت لا تؤكل للتنجس والطبخ لا يؤثر في الخمر ولو أكل منه لا يحد إلا إذا سكر لغلبة غيرها عليها أو لكونها مطبوخة وكذا إذا عجن الدقيق بها ويكره الاحتقان بالخمر وإقطارها في الإحليل؛ لأنه انتفاع بالنجس المحرم

مجمع الأنهر (2/ 573) (ولا يجوز الانتفاع بالخمر) لأن الانتفاع بالنجس حرام.

تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق وحاشية الشلبي (6/ 45) ، العناية شرح الهداية (10/ 96)

132 الهداية في شرح بداية المبتدي (4/ 398)

ولأن بالتخليل يزول الوصف المفسد وتثبت صفة الصلاح من حيث تسكين الصفراء وكسر الشهوة، والتغذي به والإصلاح مباح، وكذا الصالح للمصالح اعتبارا بالمتخلل بنفسه وبالدباغ والاقتراب لإعدام الفساد فأشبه الإراقة، والتخليل أولى لما فيه من إحراز مال يصير حلالا في الثاني فيختاره من ابتلي به،

العناية شرح الهداية (10/ 107)

ولأن التخليل إصلاح المفسد بإثبات صفة الصلاح من حيث التغذي به وكسر الشهوة وتسكين الصفراء وغير ذلك، وإصلاح المفسد إن لم يكن واجبا فلا أقل من الإباحة والمنازع مكابر.....

جواب: اس کا جواب یہ ہے کہ دونوں صورتوں میں فرق ہے مردار، خون اور شراب کا جانوروں کی خوراک میں استعمال اصلاح نہیں، اختلاط ہے، اور اختلاط کی صورت میں انتفاع ہے، جبکہ انتفاع من النجس حرام ہے۔ جبکہ شراب سے سرکہ بنانے میں انقلاب ماہیت کی صورت میں اصلاح ہے اور اس کے بعد ایک صالح چیز سے انتفاع ہے جو کہ جائز ہے۔

نیز ان نجس اشیاء کے اس طرح استعمال سے ممانعت کے بارے میں نص وارد ہے، جبکہ شراب سے سرکہ بنانے کے جواز کی تعلیل بذاتِ خود نص سے مستنبط ہے لہٰذا دونوں صورتوں میں فرق ہے۔

سوال: یہاں پر ایک اشکال یہ ہوتا ہے کہ نجاست کا استعمال جب استہلاک کے ذریعے ہو تو جائز ہوتا ہے، جبکہ مردار، اور شراب وغیرہ کو حیوانات کی خوراک(Animal Feed) میں ملانا بھی ایک طرح کا استہلاک ہے لہٰذا یہ بھی جائز ہونا چاہیے؟(133)

جواب: اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ضابطہ تسلیم ہے، لیکن خنزیر، مردار، اور شراب وغیرہ استعمال سے ممانعت کے بارے میں نص وارد ہے، لہٰذا یہ اس ضابطہ سے مستثنیٰ ہے۔

ووجهه لا نسلم أنه على وجه التمول بل المنظور إليه إعدام الفساد وذلك بالإراقة جائز فبالتخليل أولى لما فيه من إحراز مال يصير حلالا في المآل، وهذا ظاهر وما بعده إلا المكابرة.

133 البحر الرائق شرح كنز الدقائق ومنحة الخالق وتكملة الطوري (1/ 107) الانتفاع بالاستهلاك، وهو جائز في نجس العين كالاقتراب من الخمر للإراقة

3 = **ضابطہ :** حیوانات کی خوراک (Animal Feed) میں متنجس چیزوں کے ملانے کے بارے میں شرعی ضابطہ یہ ہے کہ جن صورتوں میں متنجس چیزوں کا بیچنا جائز ہے ان صورتوں میں متنجس چیزوں کا حیوانات کی خوراک (Animal Feed) میں ملانا، استعمال کرنا اور اس کا کاروبار کرنا، خرید وفروخت کی دیگر شرعی شرائط کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جائز ہے، اور ایسے کاروبار کی کمائی حلال ہے۔

4 = **ضابطہ :** پاک اور ناپاک چیزوں سے تیار شدہ حیوانات کی خوراک (Processed Animal Feed) ہمیشہ متنجس چیزوں کے حکم میں ہے، لہٰذا ایسی خوراک کے بارے میں عمومی شرعی ضابطہ یہ ہے کہ اگر متنجس چیز میں پاک چیزیں زیادہ اور غالب ہوں اور ناپاک چیزیں کم اور مغلوب ہوں، تو اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔

5 = **ضابطہ :** واضح رہے کہ آج کل عام طور پر جتنی بھی حیوانات کی خوراک تیار ہوتی ہے ان میں پاک چیزیں غالب ہوتی ہیں لہٰذا ایسی تیار شدہ حیوانات کی خوراک (Processed Animal Feed) کا کاروبار کرنا خرید وفروخت کی دیگر شرعی شرائط کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جائز ہے، اور ایسے کاروبار کی کمائی حلال ہے۔

6 = **ضابطہ :** خلاصہ یہ ہوا کہ حیوانات کی خوراک (Animal Feed) تیار کرنے (Manufacturing) کے مرحلے پر خالص نجاست (یا غالب نجاست والی متنجس چیز) ملانا ، استعمال کرنا جائز نہیں ،صانع (Manufacturer) اس فعل کی وجہ سے گناہ گار ہو گا اور اس عمل کی وجہ

سے اس کی کمائی میں خبث آئے گا، جس سے توبہ استغفار کرنا چاہیے، تاہم جب بعد میں اس طرح کی چیزوں کو دیگر پاک چیزوں کے ساتھ ملا کر حیوانات کی خوراک (Animal Feed) تیار ہو جائے تو وہ اب نجس العین نہیں، بلکہ متنجس ہو گی جس میں اگر نجاست مغلوب ہو تو اس کا کاروبار کرنا جائز ہے، جس کی وجہ سے اس کی کمائی حرام نہیں۔

چوتھا باب

حیوانات کی خوراک کے استعمال (کھانے کھلانے) کی عملی صورتوں کا شرعی حکم

حیوانات کی خوراک کے استعمال کی بنیادی دو صورتیں:

بنیادی طور پر حیوانات کی خوراک کی دو قسمیں ہیں، جنہیں ہم دو فصلوں میں ذکر کرتے ہیں:

پہلی فصل: حیوانات کا کسی بھی قسم کی خوراک خود کھانا

دوسری فصل: حیوانات کو کسی بھی قسم کی خوراک کھلانا

ذیل میں ان دونوں صورتوں کا تفصیلی جائزہ ذکر کرتے ہیں۔

پہلی فصل

حیوانات کا کسی بھی قسم کی خوراک خود کھانا

اس میں دو حصے ہیں:

- حیوانات کا کسی بھی قسم کی خوراک خود کھانے سے متعلق شرعی ضابطے
- حیوانات کا کسی بھی قسم کی خوراک خود کھانے کی عملی صورتیں اور ان کا شرعی حکم

حیوانات کا کسی بھی قسم کی خوراک خود کھانے سے متعلق شرعی ضابطے

(Sharia Critical Control Points Animal Feeds)

حیوانات حلال ہوں یا حرام، چونکہ شریعت کے مکلف نہیں اس لیے اصولی طور وہ خود کوئی بھی چیز کھائے پیے، کوئی مسئلہ نہیں، البتہ اس صورت میں شریعت حسبِ ضرورت کئی جگہ مداخلت (Interfere) کرتی ہے، جنہیں ہم کئی شرعی ضابطوں کی صورت میں بیان کرسکتے ہیں۔ یہ شرعی ضابطے درجِ ذیل ہیں:

1 = **ضابطہ:** اگر کوئی حلال حیوان، چاہے بری ہو یا بحری، اگر کسی دوسرے زہریلے حیوان کو اپنی خوراک بناتا ہے، مثلاً کوئی حلال حیوان کوئی ایسی مضر چیز (مثلاً بچھو، سانپ وغیرہ مضر چیزیں) کھاتا ہے، جن کی وجہ سے اسے خود تو کچھ نہیں ہوتا، لیکن اس کے نتیجے میں اس کا گوشت انسانی صحت کے لیے مضر (Hazardous) اور غیر محفوظ (Unsafe) ہو جاتا ہے تو اس صورت میں

مسلمان کے لیے شرعاً ضروری ہے کہ وہ حلال حیوانات کو ایسی خوراک کھانے سے روکے۔(134)اور ایسے حیوان کا گوشت استعمال نہ کرے۔(135)

2 = **ضابطہ :** اگر حلال حیوان مستقل طور پر نجس اور گندی چیزیں کھاتا ہے اور اس کی خوراک خالص یا غالب طور پر نجاست ہو تو اس صورت میں اس پر جلالہ کے احکام لاگو ہوں گے، جس کی تفصیل آگے آ رہی ہے۔

---

134 صحيح البخاري (3/ 112)

عن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: «عذبت امرأة في هرة حبستها حتى ماتت جوعا، فدخلت فيها النار» قال: فقال: والله أعلم: «لا أنت أطعمتها ولا سقيتها حين حبستيها، ولا أنت أرسلتها، فأكلت من خشاش الأرض»

صحيح مسلم (2/ 622)

135 البحر الرائق شرح كنز الدقائق ومنحة الخالق وتكملة الطوري (**1/ 119**)

اللحم إذا أنتن قالوا يحرم أكله ولم يقولوا تنجس

حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح (ص: **39**)

ويتفرع على حرمة أكل اللحم إذا أنتن للإيذاء لا للنجاسة حرمة أكل الفسيخ

المجموع شرح المهذب (**9/ 114**)

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم (إذا رميت سهمك فغاب ثلاث ليال فأدركته فكل ما لم ينتن)

رواه مسلم قال أصحابنا النهي عن أكله إذا أنتن للتنزيه لا للتحريم

المغني لابن قدامة (**9/ 394**) فإذا أنتن طفا، فكرهه لنتنه، لا لتحريمه.

الموسوعة الفقهية الكويتية (**8/ 267**)

إذا استحالت البيضة دما صارت نجسة عند الحنفية والمالكية والحنابلة في الصحيح من مذهبهم، وفي الأصح عند الشافعية، ومقابله أنها طاهرة، وإذا تغيرت بالتعفن فقط فهي طاهرة عند الحنفية والشافعية والحنابلة، كاللحم المنتن، وهي نجسة عند المالكية.

3 = **ضابطہ :** کوئی بھی حیوان حلال ہو یا حرام، کوئی ایسی چیز کھاتا ہے جو اس کے لیے نقصان دہ اور مضر ہو، مثلاً کوئی زہریلا پوداوغیرہ، تو اس صورت میں شریعت حیوانات کے حقوق اور ان کی فلاح وبہبود (Animal Welfare) کی خاطر مسلمان کو حکم دیتی ہے کہ اس حیوان کو اس نقصان دہ اور مضر چیز کے کھانے سے بچائے۔ کیوں کہ اگر مسلمان جان بوجھ کر کسی حیوان کو ہلاکت میں ڈالتا ہے یا کسی حیوان کو باوجود قدرت کے ہلاک ہونے سے نہیں بچاتا تو اس پر سخت سزا وعذاب کی وعید آئی ہے، جس کی وجہ سے حدیث شریف کے مطابق ایسا شخص جہنم کا مستحق ہو جاتا ہے۔(136)

4 = **ضابطہ :** اگر کوئی بری حیوان (Land-Animals) دوسرے حیوان کو شکار کر کے کھاتا ہے، شکار سے مراد ایسی جاندار چیز ہے جس میں بہتا ہوا خون اور گوشت ہو تو ایسے گوشت خور شکاری درندے جانور (Predator/Carnivorous/Flesh EaterS) اور شکاری پرندے کھانا شریعت ناجائز قرار دیتی ہے، مثلاً شیر، چیتا، شاہین، وغیرہ۔(137)

---

136 صحيح البخاري (3/ 112)

عن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: «عذبت امرأة في هرة حبستها حتى ماتت جوعا، فدخلت فيها النار» قال: فقال: والله أعلم: «لا أنت أطعمتها ولا سقيتها حين حبستيها، ولا أنت أرسلتها، فأكلت من خشاش الأرض»

صحيح مسلم (2/ 622)

137 صحيح البخاري (7/ 96) عن أبي ثعلبة رضي الله عنه: «أن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن أكل كل ذي ناب من السباع»

5 = **ضابطہ :** درندے ہونے کا اطلاق بحری حیوانات پر نہیں ہوتا۔ لہٰذا بحری حلال شکاری حیوانات مثلاً شارک یا عام مچھلیاں وغیرہ، جو دوسری مچھلیوں وغیرہ کا شکار کر کے کھاتی ہیں وہ شرعاً درندہ کے حکم میں شامل نہیں اور اگر ان کا گوشت وغیرہ مضر نہیں تو حلال ہیں۔(138)

صحيح مسلم (3/ 1534) عن ابن عباس، قال: «نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن كل ذي ناب من السباع، وعن كل ذي مخلب من الطير»

تحفة الفقهاء (3/ 65)　وذو المخلب من الطيور الصقر والبازي والنسر والعقاب والشاهين ونحوها

بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 39)

وذو المخلب من الطير كالبازي والباشق والصقر والشاهين والحدأة والنعاب والنسر والعقاب وما أشبه ذلك فيدخل تحت نهي النبي – عليه الصلاة والسلام – عن كل ذي مخلب من الطير وروي أنه «نهى عن كل ذي خطفة ونهبة ومجثمة وعن كل ذي ناب من الطير والمجثمة»

الجوهرة النيرة على مختصر القدوري (2/ 184)

138 المقنع لابن قدامة المقدسي 3 / 529 ط السلفية

وجميع حيوان البحر والحية والتمساح وقال ابن حامد وإلا الكوسج وقال أبو على النجاد لا يباح من البحر ما يحرم نظيره في البر كخنزير الماء وإنسانه

(مطالب أولي النهى في شرح غاية المنتهى 6/ 315 ط بيروت)ويحل كل حيوان بحري) لقوله تعالى: {أحل لكم صيد البحر وطعامه متاعا لكم وللسيارة} [المائدة: 96] وقوله – صلى الله عليه وسلم – لما سئل عن ماء البحر: «هو الطهور ماؤه الحل ميتته». رواه مالك وغيره

(غير ضفدع) فيحرم نصا " واحتج بالنهي عن قتله ولاستخباثها، فتدخل في قوله تعالى: {ويحرم عليهم الخبائث} [الأعراف: 157] (و) غير (حية) لأنها من المستخبثات (و) غير (تمساح) نصا؛ لأن له نابا يفترس الناس وغيرهم، والكوسج هو سمكة لها خرطوم كالمنشار، وتسمى القرشي؛ فتباح كخنزير الماء وكلبه وإنسانه؛ لعموم الآية والأخبار، وروى البخاري أن الحسن بن علي ركب على سرج عليه من جلود كلاب الماء.

6 = ضابطہ : اگر کوئی حلال حیوان شرعاً درندہ نہیں، اور اس کی خوراک غالب طور پر صاف چیزیں ہوں، البتہ کیڑے مکوڑے، ملح وغیرہ کھاتے رہتے ہیں، مثلاً مرغی، بطخ وغیرہ، جو، تو وہ حلال ہیں۔(139)

الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 131)

لكنهم لم يستثنوا سمك القرش فهو حلال، وإن كان له ناب يفترس به. والظاهر أن التفرقة بينهما مبنية على أن القرش نوع من السمك لا يعيش إلا في البحر بخلاف التمساح. (المقنع لابن قدامة 3 / 529، ومطالب أولي النهى 6 / 315 و 329)

بدائع الصنائع 5/ 35– 36 ط المكتبة العلمية ــ بيروت

رد المحتار على الدر المختار 5 / 195 ط إحياء التراث

(ولا) يحل (حيوان مائي إلا السمك) الذي مات بآفة ولو متولدا في ماء نجس ولو طافية مجروحة. وهبانية (غير الطافي) على وجه الماء الذي مات حتف أنفه وهو ما بطنه من فوق، فلو ظهره من فوق فليس بطاف فيؤكل كما يؤكل ما في بطن الطافي، وما مات بحر الماء أو برده ويربطه فيه أو إلقاء شئ فموته بآفة. وهبانية (و) إلا (الجريث) سمك أسود (والمارماهي) سمك في صورة الحية، وإفردهما بالذكر للخفاء، وخلاف محمد.

الفتاوى الخانية بهامش الهندية ص 3 / 357 ط الفكر

ولا بأس بجميع أنواع السمك نحو الجريت والمارماهي ، ولا يؤكل ما في البحر سوى السمك وطير الماء عندنا

الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 130–128) ولا يحل عند الحنفية من الحيوان المائي شيء سوى السمك فيحل أكله سواء أكان ذا فلوس (قشر) أم لا.

الثمر الداني شرح رسالة ابن أبي زيد القيرواني (ص: 670) وأما الثعلب فليس بسبع وإن كان له ناب لأنه لا يعدو به ولا يفترس

139 صحيح البخاري (7/ 94) عن أبي موسى يعني الأشعري رضي الله عنه، قال: «رأيت النبي صلى الله عليه وسلم يأكل دجاجا»

7 = **ضابطہ :** اگر کوئی حیوان شرعاً درندہ نہیں لیکن کسی دوسرے مردار حیوان کو مستقلاً یا غالب طور پر کھاتا رہتا ہے ، تو ایسے حیوانات شریعت کی نظر میں "خبیث" کے حکم میں داخل ہیں، مثلاً کوا، چیل، گدھ وغیرہ، یہ حیوانات مردار یا دیگر گندگی کھانے (استخباث) کی وجہ سے جائز نہیں۔(140)

حیوانات کا کسی بھی قسم کی خوراک خود کھانے کی عملی صورتوں کا شرعی حکم

حیوانات (بری ہوں یا بحری) کے لیے خالص نباتات یا مختلف قسم کی نباتات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک کی درجِ ذیل قسمیں خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں، البتہ اس صورت میں شرعاً یہ حکم متوجہ ہوتا ہے کہ کوئی بھی حیوان حلال ہو یا حرام، کوئی بھی حیوان اگر ایسی چیز کھاتا ہے جو اس کے لیے مہلک اور مضر ہو، مثلاً کوئی زہریلا پودا، حیوان وغیرہ، تو اس صورت میں شریعت حیوانات کے حقوق اور ان کی فلاح وبہبود (Animal Welfare) کی خاطر مسلمان کو حکم دیتی ہے کہ اس حیوان کو اس مہلک اور مضر چیز کے کھانے سے بچائے:

---

140 البناية شرح الهداية (11/ 585) م: (قال: ولا يؤكل الأبقع الذي يأكل الجيف وكذا الغداف)
ش: أي الغراب الأبقع الذي يأكل الجيف والميتات

الأصل للشيباني ط قطر (5/ 394) قلت: أرأيت الغراب الأبقع الذي يأكل الجيف أتكره أكله؟ قال: نعم.

الأصل للشيباني ط قطر (5/ 394)

قلت: أرأيت الغراب والنسر والعقاب وأشباه ذلك من صيد البر هل يؤكل لحمه؟ قال: لا يحل أكل ما كان له مخلب من الطير ونحو ما ذكرت، فلا خير في لحمه، وما لم يكن له مخلب فلا بأس به.

1. حرام حیوانات (بری ہوں یا بحری) کا خالص نباتات یا مختلف قسم کی نباتات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔(141)
2. حلال حیوانات (بری ہوں یا بحری) کا خالص نباتات یا مختلف قسم کی نباتات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔(142)
3. حرام حیوانات (بری ہوں یا بحری) کا دوسرے حیوانات کو زندہ یا مردہ خالص یا مختلف قسم کی حیوانات کے اجزاء سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔
4. حلال حیوانات کا دوسرے حیوانات کو زندہ یا مردہ خالص مختلف قسم کی حیوانات کے اجزاء سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔
5. حرام حیوانات کا خالص معدنیات یا مختلف قسم کی معدنیات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔
6. حلال حیوانات کا خالص معدنیات یا مختلف قسم کی معدنیات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔
7. حرام حیوانات کا مختلف قسم کی نباتات و حیوانات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔

141 استيناساً من حديث صحيح البخاري (3/ 112) لعبد الله بن عمر رضي الله عنهما في الهرة ، صحيح مسلم (2/ 622)

142 استيناساً من حديث صحيح البخاري (3/ 112) لعبد الله بن عمر رضي الله عنهما في الهرة ، صحيح مسلم (2/ 622)

8. حلال حیوانات کا مختلف قسم کی نباتات و حیوانات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔
9. حرام حیوانات کا مختلف قسم کی نباتات و معدنیات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔
10. حلال حیوانات کا مختلف قسم کی نباتات و معدنیات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔
11. حرام حیوانات کا مختلف قسم کی معدنیات و حیوانات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔
12. حلال حیوانات کا مختلف قسم کی معدنیات و حیوانات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔

حیوانات کا کوئی خوراک خود کھانے کے شرعی حکم سے متعلق ضروری تنبیہات:

نوٹ نمبر 1: خود کھانے کی وضاحت:

اس سے مراد یہ ہے کہ حیوان کا کسی چیز کو کھانے میں انسان کی طرف سے براہِ راست کوئی عمل دخل نہ ہو، کہ خوراک سامنے لاکر رکھ دی۔

نوٹ نمبر2: حیوانات کی خوراک میں جو حکم کھانے کا ہے وہی حکم پینے کا بھی ہے۔

نوٹ نمبر3: پیشِ نظر احکام اضطراری حالت کے لیے نہیں:

مذکورہ بالا تمام احکام عام حالات سے متعلق ہیں اگر کسی جگہ، اضطرار یا سخت ضرورت ہے اور جائز صورت کوئی بھی موجود نہ ہو تو ہر قسم کے حیوانات کو مہلک اور انسانی ماخوذات کے علاوہ دیگر ہر قسم کی خوراک کھلانا جائز ہے۔

نوٹ نمبر4: حلال حیوانات کا کوئی چیز خود کھانے سے متعلق اضافی شرعی شرائط:

پہلی شرط:

اگر حلال حیوانات، نباتات میں سے کوئی ایسی چیز کھاتے ہیں جس کی وجہ سے حلال حیوان کا گوشت انسانی استعمال کے لیے محفوظ (Safe for human consumption) نہیں رہتا تو مسلمان کے لیے شرعاً ضروری ہے کہ وہ حلال حیوانات کو ایسی خوراک کھانے سے روکے، کیوں کہ اس میں مال کا ضیاع ہے۔

دوسری شرط:

اگر حلال حیوانات چاہے بری ہو یا بحری، مثلاً بھیڑ بکری، گائے، حلال پرندے، مچھلی وغیرہ، اگر حیوانات (زندہ یا مردہ) یا مختلف قسم کی حیوانات کے اجزاء سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک خود کھاتے ہیں جس کی وجہ سے مذکورہ بالا ضابطوں کی روشنی میں اس پر جلالہ، درندے یا خبیث کے احکام جاری نہیں ہوتے اور ایسے حلال حیوان کا گوشت انسانی استعمال کے لیے محفوظ (Safe for human consumption

ہے، تو حلال حیوانات کا ایسی خوراک کھانے میں کوئی مسئلہ نہیں اور ایسے حلال حیوانات کا گوشت شرعی ذبیحہ کے بعد حلال ہے۔(143)

تیسری شرط:

آخری صورت میں ایسے حلال حیوان کا گوشت وغیرہ انسانی استعمال کے لیے محفوظ (Safe for human consumption) نہیں رہتا،، تو ایسے حلال حیوان کا گوشت شرعی ذبیحہ کے بعد بھی استعمال کرنا درست نہیں۔

---

143 الحاوي الكبير (15/ 147)

وعندي إنه محمول على الكراهة دون التحريم، لأن النهي عنها وارد، لأجل ما تأكله من الأنجاس، وهي تغتذيه في كرشها، والعلف الطاهر ينجس في الكرش، فساوى في حصوله منه حال النجس، ولأن لحوم ما ترعى الأنجاس نتن، وأكل اللحم إذا نتن يحرم وإذا كان هكذا فكلما كان أكثر غذائه رعي الأنجاس كان أكل لحمه وشرب لبنه مكروها.

دوسری فصل

حیوانات کو کسی بھی قسم کی خوراک کھلانا

حیوانات حلال ہوں یا حرام، جب ان کو کوئی چیز کھلائی جاتی ہے اور اس میں انسان ملوث (Involve) ہو جاتا ہے، تو چونکہ انسان خاص طور پر مسلمان شرعی احکام کا مکلف ہے جس کی وجہ سے اس مسئلہ میں پہلی فصل میں مذکور شرعی ضابطوں سمیت کچھ مزید شرعی احکام و ضابطے متوجہ ہوتے ہیں جن کو اس فصل میں ذکر کرتے ہیں۔ پہلی فصل کی طرح اس فصل کے بھی دو حصے ہیں:

- حیوانات کو کسی بھی قسم کی خوراک کھلانے سے متعلق شرعی ضابطے
- حیوانات کو کسی بھی قسم کی خوراک کھلانے کی عملی صورتیں اور ان کا شرعی حکم

حیوانات کو کسی بھی قسم کی خوراک کھلانے سے متعلق شرعی ضابطے

(Sharia Critical Control Points for Feeding Animals)

8 = **ضابطہ :** تمام فقہاء کرام کے نزدیک حیوانات کو ہر قسم کی حلال و پاک خوراک کھلانا جائز ہے۔(144)

144 المبسوط للسرخسي (11/ 256)

والأصلح أنها تحبس إلى أن تزول الرائحة المنتنة عنها؛ ..... فإذا زال بالعلف الطاهر حل تناوله.

9 = **ضابطہ : حیوانات کو خالص نجاستیں کھلانا:** نجس العین سے مراد وہ چیز ہے جو بذاتِ خود نجس ہو کسی اور نجس چیز کے ساتھ تلوث (Contamination) کی وجہ سے ناپاک نہ ہوئی ہو۔ اس میں درجِ ذیل تفصیل ہے:

الموسوعة الفقهية الكويتية (2/ 76) اتفقت المذاهب في الجملة على إباحة الاحتشاش (ابن عابدين 5 / 283 ط الأول، والقليوبي وعميرة 3 / 95، والمغني 6 / 184 ط المنار.)

الموسوعة الفقهية الكويتية (2/ 82)

اتفقت المذاهب في الجملة على إباحة الاحتطاب رطبا كان الشجر أو جافا في غير الحرم ما دام لا يملكه أحد. (ابن عابدين 2 / 216، 3 / 197، 198، والقليوبي وعميرة 3 / 95 ، والمغني 6 / 184 و8 / 246 ، والمقنع 2 / 149، 183، والدسوقي 4 / 334 ، وفتح القدير 4 / 226 ط ، وأسنى المطالب 4 / 141)

تحفة المحتاج في شرح المنهاج وحواشي الشرواني والعبادي (1/ 85)

الجلالة .... الظاهر أن سبب نجاستها عند القائل بها رداءة لحمها وهي لا تزول إلا بالعلف الطاهر.

تحفة المحتاج في شرح المنهاج وحواشي الشرواني والعبادي (9/ 386)

(فإن علفت طاهرا) أو متنجسا أو نجسا كما بحثا أو لم تعلف كما اعتمده البلقيني وغيره واقتصار أكثرهم على العلف الطاهر جرى على الغالب أن الحيوان لا بد له من العلف وأنه الطاهر

مغني المحتاج إلى معرفة معاني ألفاظ المنهاج (6/ 156)، الموسوعة الفقهية (5/ 150–149)

نهاية المحتاج 8 / 147 – 148 ط مصطفى الحلبي 1357هـ

الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 261) : لا خلاف بين الفقهاء الذين يقولون بحرمة أكل لحم الجلالة، أو كراهته في أن الحرمة أو الكراهة تزول بالحبس على العلف الطاهر.

10 = **ضابطہ:** مالکیہ اور شوافع کے نزدیک اصولی طور پر ہر قسم کے (حلال ہوں یا حرام) حیوانات کو خالص نجاستیں کھلانا یا پلانا جائز ہے۔(145)

11 = **ضابطہ:** حنفیہ کے نزدیک ہر قسم کے (حلال ہوں یا حرام) حیوانات کو خالص نجاستیں کھلانا یا پلانا جائز نہیں۔(146)

12 = **ضابطہ:** حنابلہ کے نزدیک حرام حیوانات کو خالص نجاستیں کھلانا یا پلانا جائز ہے۔

13 = **ضابطہ:** حنابلہ کے نزدیک حلال حیوانات کو خالص نجس چیز کھلانا یا پلانا جائز نہیں، البتہ اگر حلال حیوانات کے ذبح کرنے میں تین دن کی مہلت ہو تو حلال حیونات کو بھی نجس چیز کھلانا یا پلانا جائز ہے۔(147)

---

145 الموسوعة الفقهية (40/ 108): أجاز المالكية والشافعية إطعام العلف النجس أو المتنجس للدواب .

(نقلاً عن: (الشرح الكبير وحاشية الدسوقي عليه 1 / 61 ، وروضة الطالبين 3 / 279 المكتب الإسلامي ، والقليوبي على شرح المنهاج 1 / 76)

كما أجازوا سقي الماء المتغير بالنجس للبهائم والزرع (أسهل المدارك شرح إرشاد السالك 1 / 35)

146 العناية بهامش تكملة فتح القدير على الهداية 8/ 157 ط الأميرية – بولاق

(الهداية): والسابع حرمة الانتفاع بها؛ لأن الانتفاع بالنجس حرام، ولأنه واجب الاجتناب وفي الانتفاع به اقتراب...... (العناية): وقوله (والسابع حرمة الانتفاع بها) يريد التداوي بالاحتقان وسقي الدواب والإقطار في الإحليل.

الموسوعة الفقهية الكويتية (40/ 108): ويقول الحنفية بحرمة الانتفاع بالخمر في التداوي بالاحتقان وسقي الدواب..... فإذا حرم سقي الدواب بالنجس حرم إطعامها به.

147 المغني المطبوع مع الشرح الكبير 11/ 88ط الكتاب العربي

14 = **ضابطہ : حیوانات کو متنجس کھلانا۔** متنجس سے مراد وہ چیز ہے جو بذاتِ خود نجس نہ ہو، بلکہ کسی نجس چیز کے ساتھ تلوث (Contamination) کی وجہ سے ناپاک ہوئی ہو۔ اس میں درجِ ذیل تفصیل ہے:

15 = **ضابطہ :** مالکیہ اور شوافع کے نزدیک ہر قسم کے (حلال ہوں یا حرام) حیوانات کو پاک وناپاک سے مخلوط یعنی متنجس خوارک کھلانا یا پلانا جائز ہے (148)۔

فصل: سئل أحمد عن خباز خبز خبزا، فباع منه، ثم نظر في الماء الذي عجن منه، فإذا فيه فأرة؟ فقال: لا يبيع الخبز من أحد، وإن باعه استرده، فإن لم يعرف صاحبه، تصدق بثمنه، ويطعمه من الدواب ما لا يؤكل لحمه، ولا يطعم ما يؤكل، إلا أن يكون إذا أطعمه لم يذبح حتى يكون له ثلاثة أيام. على معنى الجلالة. قيل له: أليس قال النبي – صلى الله عليه وسلم –: «لا تنتفعوا من الميتة؟» . قال: ليس هذا بمنزلة الميت، إنما اشتبه عليه. قيل له: فهو بمنزلة كسب الحجام، يطعم الناضح والرقيق؟ قال: هذا أشد عندي، لا يطعم الرقيق، لكن يعلفه البهائم. قيل له: أين الحجة؟ قال: حدثنا عبد الصمد، عن صخر، عن نافع، عن ابن عمر، أن قوما اختبزوا من آبار الذين مسخوا، فقال النبي – صلى الله عليه وسلم –: «أطعموه النواضح» .

(ایضاً: الموسوعة الفقهية الكويتية (40/ 109)،(5/ 150)

148 حاشية الدسوقي على الشرح الكبير 1/ 61 ط دار الفكر

(وينتفع) جوازا (بمتنجس) من الطعام والشراب واللباس كزيت ولبن وخل ونبيذ (لا نجس) فلا ينتفع به إلا جلد الميتة المدبوغ على ما مر أو ميتة تطرح لكلاب أو شحم ميتة لدهن عجلة ونحوها أو عظم ميتة لوقود على طوب أو حجارة أو دعت ضرورة كإساغة غصة بخمر عند عدم غيره وكأكل ميتة لمضطر أو جعل عذرة بماء لسقي الزرع فيجوز (في غير مسجد) ----- (و) في غير (آدمي) ----- ومراده بغيرهما أن يستصبح بالزيت المتنجس ويعمل به صابون ثم تغسل الثياب بالمطلق بعد الغسل به .....ويسقى به ويطعم للدواب.

روضة الطالبين للنووي 3 / 279 ط المكتب الإسلامي

16 = **ضابطہ:** حنفیہ کے نزدیک ہر قسم کے (حلال ہوں یا حرام) حیوانات کو پاک وناپاک سے مخلوط ایسی متنجس خوارک کھلانا یا پلانا جائز ہے جس میں نجاست مغلوب ہو۔ (149)

17 = **ضابطہ:** حنفیہ کے نزدیک ہر قسم کے (حلال ہوں یا حرام) حیوانات کو پاک وناپاک سے مخلوط ایسی متنجس خوارک کھلانا یا پلانا جائز نہیں جس میں نجاست غالب ہو۔(150)

وإذا عجن دقيقا بماء نجس وخبزه، فهو نجس يحرم أكله. ويجوز أن يطعمه لشاة وبعير ونحوهما، ونص عليه الشافعي رحمه الله تعالى.....وفي فتاوى صاحب الشامل: أنه يكره إطعام الحيوان المأكول نجاسة. وهذا لا يخالف ما نص عليه الشافعي في الطعام؛ لأنه ليس بنجس العين.

المجموع شرح المهذب (9/ 30)

ولا يجوز اطعام المعجون بماء نجس لصعلوك وسائل وغيرهما من الآدميين بلا خلاف لأنه منهي عن أكل المتنجس بخلاف الشاة والبعير ونحوهما والله أعلم

كفاية النبيه في شرح التنبيه (8/ 254)

يجوز أن يطعم شاته وبعيره ونحوهما الخبز المعجون بالماء النجس؛ نص عليه الشافعي، رضي الله عنه.

149 البحر الرائق (1/ 132) وفي الذخيرة ولا بأس برش الماء النجس في الطريق ولا يسقى للبهائم وفي خزانة الفتاوى لا بأس بأن يسقى الماء النجس للبقر والإبل والغنم

150 بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (1/ 71)

وإن كانت النجاسة مرئية كالجيفة ونحوها، فإن كان جميع الماء يجري على الجيفة لا يجوز التوضؤ من أسفل الجيفة؛ لأنه نجس بيقين، والنجس لا يطهر بالجريان، وإن كان أكثره يجري على الجيفة فكذلك؛ لأن العبرة للغالب وإن كان أقله يجري على الجيفة، والأكثر يجري على الطاهر يجوز التوضؤ به من أسفل الجيفة؛ لأن المغلوب ملحق بالعدم في أحكام الشرع.

المحيط البرهاني في الفقه النعماني (2/ 198): العبرة للغالب والمغلوب ساقط الاعتبار بمقابلته.

18 = **ضابطہ :** حنابلہ کے نزدیک حرام حیوانات کو پاک وناپاک سے مخلوط یعنی متنجس خوارک کھلانا یا پلانا مطلقاً جائز ہے۔

19 = **ضابطہ :** حنابلہ کے نزدیک حلال حیونات کو پاک وناپاک سے مخلوط یعنی متنجس خوارک کھلانا یا پلانا جائز نہیں۔ہاں اگر اس کے ذبح کرنے میں تین دن کی مہلت ہو تو حلال حیونات کو بھی پاک وناپاک سے مخلوط یعنی متنجس خوارک کھلانا یا پلانا جائز ہے۔

20 = **ضابطہ :** **حیوانات کو مضر خوراک کھلانا**،اس کی چار قسمیں ہو سکتی ہیں:

21 = **ضابطہ :** **پہلی قسم :** ہر قسم کے حیوانات (حلال ہوں یا حرام)کو ایسی خوراک جو انسانوں کے لیے تو مضر ہے حیوانات کے لیے نہیں۔ جیسے گھاس یا حیوانات کی عام خوراک یا گل سڑ کر خراب ہونے والی انسانی خوراک وغیرہ، بالاتفاق کھلانا یا پلانا جائز ہے۔(151)

التنبيه على مشكلات الهداية (5/ 778) : إن الأكثر يقوم مقام الكل في مواضع، والقليل تابع للكثير والعبرة للغالب والمغلوب كالمعدوم.

حاشية ابن عابدين (رد المحتار) (1/ 324): إذا اختلط ماء وتراب وأحدهما نجس فالعبرة للغالب.

مجلة الأحكام العدلية (ص: 20): (المادة 42) : العبرة للغالب الشائع لا للنادر.

151 صحيح البخاري (4/ 149)

عن نافع، أن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما، أخبره أن الناس نزلوا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم أرض ثمود، الحجر، فاستقوا من بئرها، واعتجنوا به، فأمرهم رسول الله صلى الله عليه وسلم «أن يهريقوا ما استقوا من بئرها، وأن يعلفوا الإبل العجين، وأمرهم أن يستقوا من البئر التي كانت تردها الناقة»

رد المحتار على الدر المختار 1 / 220 : ولا يضر أثر دهن إلا دهن ودك ميتة لانه عين النجاسة حتى لا يدبغ به جلد بل يستصبح به في غير مسجد.

22 = **ضابطہ : دوسری قسم:** ہر قسم کے حیوانات (حلال ہوں یا حرام) کو ایسی خوراک جو انسانوں کے لیے بھی مضر ہو حیوانات کے لیے بھی مضر ہو، جیسے تمام زہریلی اشیاء وغیرہ، بالاتفاق کھلانا یا پلانا جائز نہیں۔

23 = **ضابطہ : تیسری قسم:** ہر قسم کے حیوانات (حلال ہوں یا حرام) کو ایسی خوراک جو انسانوں کے لیے تو مضر نہیں، البتہ حیوانات کے لیے مضر ہو، جیسے چارا خور مویشیوں (herbivores) کو گوشت خور حیوانات (Carnivorous) کی خوراک اتنی مقدار میں کھلانا جس سے ان حیوانات کا گوشت انسانوں کے لیے مضر ہو جائے، بالاتفاق کھلانا یا پلانا جائز نہیں۔

جواهر الإكليل شرح مختصر خليل 1/ 10 ط دار الفكر

قال فى: (جواهر الإكليل): (وينتفع) اى يجوز الانتفاع (بمتنجس) أي الذي عرضت له النجاسة من طعام ... وشراب ... ولباس ...(لا) يجوز الانتفاع (بنجس) كبول ودم مسكر ألا جلد ميتة غير الخنزير المدبوغ فى يابس وماء (فى غير المسجد) فيحرم الانتفاع بالمتنجس فيه فلا يفرش بفراش متنجس ولا يرقد بزيت متنجس ولا يبنى بمتنجس وان بنى به لا يهدم لاضاعة المال وان كتب لتنجيسه جوفه وعجزت عن تطهيره .

مجموع فتاوى ابن تيمية 21 / 608 ط الرياض

وسئل رحمه الله عن الفخار فإنه يشوى بالنجاسة فما حكمه والأفران التي تسخن بالزبل فما حكمها؟ فأجاب الحمد لله هذه المسائل مبنية على أصلين أحدهما السرقين النجس ونحوه في الوقود ليسخن الماء أو الطعام ونحو ذلك فقال بعض الفقهاء من أصحاب أحمد وغيره إن ذلك لا يجوز لأنه يتضمن ملابسة النجاسة ومباشرتها وقال بعضهم إن ذلك مكروه غير محرم لأن إتلاف النجاسة لا يحرم وإنما ذلك مظنة التلوث بها ومما يشبه ذلك الاستصباح بالدهن النجس فإنه استعمال له بالإتلاف والمشهور عن أحمد وغيره من العلماء أن ذلك يجوز وهو المأثور عن الصحابة. (ايضاً:الموسوعة (3/ 322)

24 = **ضابطہ: چوتھی قسم**: حلال حیوانات ،جیسے چارا خور مویشیوں (herbivores)کو گوشت خور حیوانات (Carnivorous) کی خوراک اتنی مقدار میں کھلانا جس سے ان حیوانات کی فطرت ہی تبدیل ہو جائے، ناجائز اور حرام ہے اس لیے کہ یہ فطرت میں بگاڑ اور تبدیلی کی کوشش ہے اور فطرت میں اس طرح تغیر و تبدیلی کی کوشش غیر شرعی عمل ہے جو از روئے قرآن وحدیث حرام ہے۔(152)

---

152 **{وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللَّهِ وَمَنْ يَتَّخِذِ الشَّيْطَانَ وَلِيًّا مِنْ دُونِ اللَّهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُبِينًا} [النساء: 119]**

تفسير الطبري = جامع البيان ت شاكر (9/ 222)

دخل في ذلك فعل كل ما نهى الله عنه: من خصاء ما لا يجوز خصاؤه، ووشم ما نهى عن وشمه ووشره، وغير ذلك من المعاصي= ودخل فيه ترك كل ما أمر الله به. لأن الشيطان لا شك أنه يدعو إلى جميع معاصي الله وينهى عن جميع طاعته. فذلك معنى أمره نصيبه المفروض من عباد الله، بتغيير ما خلق الله من دينه.

تفسير الرازي = مفاتيح الغيب أو التفسير الكبير (11/ 223)

خامسها: قوله ولآمرنهم فليغيرن خلق الله وللمفسرين هاهنا: قولان: الأول: أن المراد من تغيير خلق الله تغيير دين الله ...... وفي تقرير هذا القول وجهان: الأول: أن الله تعالى فطر الخلق على الإسلام يوم أخرجهم من ظهر آدم كالذر وأشهدهم على أنفسهم أنه ربهم وآمنوا به، فمن كفر فقد غير فطرة الله التي فطر الناس عليها، وهذا معنى قوله صلى الله عليه وسلم: «كل مولود يولد على الفطرة» ولكن أبواه يهودانه وينصرانه ويمجسانه.

والوجه الثاني: في تقرير هذا القول: أن المراد من تغيير دين الله هو تبديل الحلال حراما/ أو الحرام القول الثاني: حمل هذا التغيير على تغيير أحوال كلها تتعلق بالظاهر، وذكروا فيه وجوها الأول: قال الحسن: المراد ما...(الوشم)...الثاني...الإخصاء وقطع الآذان وفقء العيون ...الثالث....التخنث و... والسحق...الرابع...البحائر والسوائب والوصائل... هذا جملة كلام المفسرين في هذا الباب...ويخطر ببالي هاهنا وجه آخر في تخريج الآية على سبيل المعنى، وذلك لأن دخول الضرر

25 = **ضابطہ :** شریعت کی رو سے چاراخور حیوانات (herbivores) حلال اور گوشت خور حیوانات (Carnivorous) ممنوع ہیں۔ لہٰذا ہر ایسا عمل جس میں حلال کو حرام کرنے کی کوشش ہو، از روئے قرآن وحدیث حرام ہے۔ سورہ نساء کی آیت نمبر 119 کی تفسیر میں امام رازیؒ، امام جصاصؒ، امام طبریؒ سمیت دیگر مفسرین حضرات نے اس موضوع پر تفصیلی کلام فرمایا ہے۔(153)

26 = **ضابطہ : ہر قسم کے حیوانات (حلال ہوں یا حرام) کو خالص شراب پلانا** بالاتفاق جائز نہیں۔(154)

27 = **ضابطہ :** شراب کے ساتھ مخلوط (جب شراب مغلوب ہو) یا شراب کے علاوہ دیگر مسکرات سے بنی خوراک کھلانا پلانا جائز ہے، بشرطیکہ اس سے جانور کو یا اس کے نتیجے میں حلال جانور کے گوشت کی وجہ سے انسانوں کو ضرر نہ ہو، لیکن اس مقصد کے لیے شراب کے استعمال کا گناہ ہوگا اور اس کی وجہ سے آمیزش میں خبث آئے گا جس کی تطہیر ضروری ہے۔

والمرض في الشيء يكون على ثلاثة أوجه: التشوش، والنقصان، والبطلان. فادعى الشيطان لعنه الله إلقاء أكثر الخلق في مرض الدين، وضرر الدين هو قوله ولأمنينهم .....على أحد الأوجه الثلاثة ....التشوش والنقصان والبطلان.

153 أحكام القرآن للجصاص (2/ 353): فيه ثلاثة أوجه: أحدها: .... دين الله بتحريم الحلال وتحليل الحرام.

154 العناية 8/ 157 : قوله (والسابع حرمة الانتفاع بها) يريد التداوي بالاحتقان وسقي الدواب والإقطار في الإحليل.

الموسوعة الفقهية (5/ 26) : ويحرم أيضا على المسلم أن يسقي الخمر للدواب صرح بذلك المالكية والحنابلة.

28 = **ضابطہ :** ہر قسم کے حیوانات کو (نعوذ باللہ) انسانی ماخوذات سے تیار شدہ خوراک کھلانا یا پلانا بالاتفاق حرام ہے۔

29 = **ضابطہ :** نجس، مضر، مسکر یا انسانی ماخوذات کے علاوہ دیگر حرام مگر پاک خوراک، مثلاً مستخبث اشیاء یا اس سے تیار شدہ غیر مضر خوراک، ہر قسم کے حیوانات کو کھلانا یا پلانا جائز ہے۔(155)

30 = **ضابطہ :** حیوانات کا کوئی چیز کھانا پینا یا انہیں کوئی چیز کھلانے پلانے کا وہ حکم نہیں جو انسانوں کے کھانے پینے یا کھلانے پلانے کا ہے۔

31 = **ضابطہ :** انسانوں کے حق میں کسی چیز کے خارجی استعمال کا جو حکم ہے وہی حکم حیوانات کے حق میں کسی چیز کے داخلی استعمال کا ہے۔

---

155 صحيح البخاري (4/ 149)

عن نافع، أن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما، أخبره أن الناس نزلوا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم أرض ثمود، الحجر، فاستقوا من بئرها، واعتجنوا به، فأمرهم رسول الله صلى الله عليه وسلم «أن يهريقوا ما استقوا من بئرها، وأن يعلفوا الإبل العجين، وأمرهم أن يستقوا من البئر التي كانت تردها الناقة»

الموسوعة الفقهية الكويتية (3/ 115)

يمنع الانتفاع بماء آبار هذه الأرض بالنسبة للإنسان من طبخ وعجن، ويجوز الانتفاع به لغير الإنسان.

الموسوعة الفقهية الكويتية (17/ 18)

وذهب الحنابلة في قول آخر نسبه القاضي إلى أحمد قال: لا يباح أجر الحجام، فإذا أعطي شيئا من غير عقد ولا شرط فله أخذه، ويصرفه في علف دوابه ومؤنة صناعته، ولا يحل له أكله ، واستدل لهذا القول بقول النبي صلى الله عليه وسلم: كسب الحجام خبيث .(أخرجه مسلم) .

32 = **ضابطہ :** لہٰذا جس چیز کا انسانوں کے لیے خارجی استعمال جائز ہے، اسی چیز کا حیوانات کے لیے داخلی استعمال جائز ہے، بشرطیکہ حیوانات کے لیے مضر نہ ہو۔

33 = **ضابطہ :** جو چیز انسان خود خارجی طور پر استعمال کر سکتا ہے ،وہی چیز حیوانات کو کھلا پلا بھی سکتا ہے، بشرطیکہ حیوانات کے لیے مضر نہ ہو۔

حیوانات کو کسی بھی قسم کی خوراک کھلانے کی عملی صورتوں کا شرعی حکم

حیوانات (بری ہوں یا بحری) درجِ ذیل قسم کی خوراک کھلانا جائز ہے، بشرطیکہ ایسی خوراک حیوانات کے لیے مہلک اور مضر نہ ہو؛ کیوں کہ کسی بھی حیوان (حلال ہو یا حرام) کو مہلک اور مضر خوراک کھلانا حیوانات کے شرعی حقوق اور ان کی فلاح وبہبود (Animal Welfare) کی وجہ سے اسلام میں جائز نہیں:

1. حرام حیوانات کو خالص نباتات یا مختلف قسم کی نباتات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) غیر مضر خوراک کھلانا جائز ہے:
2. حلال حیوانات کو خالص نباتات یا مختلف قسم کی نباتات سے تیار شدہ مخلوط غیر مضر خوراک کھلانا جائز ہے:(156)(157)

---

156 استيناساً من حديث صحيح البخاري (3/ 112) لعبد الله بن عمر رضي الله عنهما في الهرة و حديث صحيح مسلم (2/ 622)

157 الموسوعة الفقهية الكويتية (2/ 76): اتفقت المذاهب في الجملة على إباحة الاحتشاش.

الموسوعة الفقهية الكويتية (2/ 82): اتفقت المذاهب في الجملة على إباحة الاحتطاب ... في غير الحرم ما دام لا يملكه أحد.

3. حرام حیوانات کو مردار کی علاوہ مختلف قسم کی حیوانات اور ان کے اجزاء سے تیار شدہ مخلوط غیر مضر خوراک کھلانا جائز ہے:

نوٹ: اس سلسلے میں مرادر کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

4. حلال حیوانات کو مردار، مضر، نجس العین، متنجس جس میں نجاست غالب ہو، انسانی ماخوذات کے علاوہ مختلف قسم کی حیوانات اور ان کے اجزاء سے تیار شدہ مخلوط خوراک کھلانا جائز ہے:(158)

5. حرام حیوانات کو خالص معدنیات یا مختلف قسم کی معدنیات سے تیار شدہ مخلوط غیر مضر خوراک کھلانا جائز ہے:

6. حلال حیوانات کو خالص معدنیات یا مختلف قسم کی معدنیات سے تیار شدہ مخلوط غیر مضر خوراک کھلانا جائز ہے:(159)

7. حرام حیوانات کو مختلف قسم کی نباتات و حیوانات سے تیار شدہ مخلوط خوراک کھلانا: اس کا حکم وہی ہے جو نمبر 01 اور نمبر 03 کا ہے۔

8. حلال حیوانات کو نباتات و حیوانات سے تیار شدہ مخلوط (Mix) خوراک کھلانا: اس کا حکم وہی ہے جو نمبر 02 اور نمبر 04 کا ہے۔

---

158 الحاوي الكبير (15/ 147)

وعندي إنه محمول على الكراهة دون التحريم، لأن النهي عنها وارد، لأجل ما تأكله من الأنجاس، وهي تغتذيه في كرشها، والعلف الطاهر ينجس في الكرش، فساوى في حصوله منه حال النجس، ولأن لحوم ما ترعى الأنجاس نتن، وأكل اللحم إذا نتن يحرم وإذا كان هكذا فكلما كان أكثر غذائه رعي الأنجاس كان أكل لحمه وشرب لبنه مكروها.

159 استيناساً من حديث صحيح البخاري (3/ 112) لعبد الله بن عمر رضي الله عنهما في الهرة و حديث صحيح مسلم (2/ 622)

9. حرام حیوانات کو مختلف قسم کی نباتات ومعدنیات سے تیار شدہ مخلوط خوراک کھلانا:

اس کا حکم وہی ہے جو نمبر 01 اور نمبر 05 کا ہے۔

10. حلال حیوانات کو مختلف قسم کی نباتات ومعدنیات سے تیار شدہ مخلوط خوراک کھلانا:

اس کا حکم وہی ہے جو نمبر 02 اور نمبر 06 کا ہے۔

11. حرام حیوانات کو معدنیات وحیوانات سے تیار شدہ مخلوط خوراک کھلانا:

اس کا حکم وہی ہے جو نمبر 03 اور نمبر 05 کا ہے۔

12. حلال حیوانات کو معدنیات وحیوانات سے تیار شدہ مخلوط خوراک کھلانا:

اس کا حکم وہی ہے جو نمبر 04 اور نمبر 06 کا ہے۔

13. حیوانات کو مختلف قسم کی کیمیکلز، اینٹی بائیوٹکس وغیرہ کھلانے کا شرعی حکم:

اس میں شرعی اعتبار سے دو باتیں اہم اور قابلِ غور ہیں:

- ایک یہ کہ حیوانات کی خوراک کے لیے کیمیکلز، اینٹی بائیوٹکس وغیرہ کھلانے کا شرعی حکم ان چیزوں کے ماخذ (Source) یا ان کے ذیلی اجزاء (Sub Ingredients) پر موقوف ہو گا، اگر کیمیکلز کے ذیلی اجزاء نباتات ہوں تو ان پر نباتات کے احکام جاری ہوں گے اور اگر کیمیکلز کے ذیلی اجزاء معدنیات ہوں تو ان پر معدنیات کے احکام جاری ہوں گے اور اگر کیمیکلز کے ذیلی اجزاء حیوانات ہوں تو ان پر حیوانات کے احکام جاری ہوں گے، جس کی تفصیل گزر چکی ہے۔
- دوسری بات یہ کہ حیوانات کی خوراک میں شامل کی جانے والی مختلف کیمیکلز کا ضرر کا پہلو انتہائی احتیاط کا متقاضی ہے لہٰذا اگر ایسے کیمیکلز، ہارمونز، اینٹی بائیوٹکس وغیرہ کا استعمال حیوانات کی خوراک وادویات وغیرہ کے لیے ناگزیر ہو، تو شرعاً یہ بات ضروری ہے کہ ایسی چیزیں حیوانات اور اس کے بعد حیوانات سے حاصل

ہونے والی انسانی خوراک میں ضرر کا باعث نہ ہو، اگر ایسا کوئی ضرر ہے تو ان حیوانات پر ضرر کے شرعی احکام لاگو ہوں گے، وہ یہ کہ حیوانات کو ایسی خوراک وادویات کھلانے کے بعد جب تک ماہرین کے مطابق ایسے حیوان کا گوشت، دودھ وغیرہ مضر صحت ہونے کا یقین یا غالب گمان ہو، اس وقت تک ان حیوانات کا گوشت، دودھ وغیرہ استعمال کرنا شریعت کی رو سے ناجائز ہے۔(160)

---

160 { وَأَنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ وَأَحْسِنُوا إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ} [البقرة: 195]

اور اللہ کے راستے میں مال خرچ کرو، اور اپنے آپ کو خود اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو، اور نیکی اختیار کرو۔ بیشک اللہ نیکی کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔(آسان ترجمہ قرآن)

اس آیت میں واضح طور انسان کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں ڈالنے سے روکا گیا ہے۔ آیت بالا میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو "التهلكة" سے منع فرمایا ہے لغت میں "التهلكة" ہلاکت کو کہتے ہیں بمعنی موت، ہلاکت وغیرہ۔

اس آیت مبارکہ میں لفظ "التهلكة" سے کیا مراد ہے؟ اس بارے میں مفسرین حضرات کے مختلف اقوال ہیں، جو مختلف صحابہ کرام سے منقول ہیں، تاہم اگرچہ یہ مختلف آراء واقوال اس آیت کی تفسیر میں موجود ہیں، اس میں راجح تفسیر کونسی ہے اس بارے میں امام طبریؒ ان آراء کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"فإذ كانت هذه المعاني كلها يحتملها قوله:"ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة" ولم يكن الله عز وجل خص منها شيئا دون شيء، فالصواب من القول في ذلك أن يقال: إن الله نهى عن الإلقاء بأيدينا لما فيه هلاكنا."(تفسير الطبري = جامع البيان (3/ 593)

ترجمہ: جب اس آیت کے مفہوم میں (ہلاکت، موت، ضرر وغیرہ) ان تمام مطالب و معانی کا احتمال ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان میں کسی ایک مطلب و معنی کو متعین نہیں فرمایا لہٰذا اس بارے میں درست بات یہ ہے کہ اس آیت کا یہ مطلب لیا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ہر اس چیز سے روکا ہے جس میں ہمارے لیے نقصان، ضرر اور ہلاکت ہو۔

پانچواں باب

حیوانات کو مردار یا اس کے اجزاء خالص یا اس سے تیار کردہ خوراک کھلانے کا شرعی حکم:

Sharia Statues of Carrion Based Animal Feeds

"میتۃ" یعنی مردار کی شرعی تعریف:

اصطلاحِ شریعت میں "میتۃ" یعنی مردار بالاتفاق اس جانور کو کہتے ہیں جو اپنی موت خود مر جائے یا کوئی اس کو ذبح تو کرے مگر ذبح کا یہ عمل شرعی شرائط پر پورا نہ اترتا ہو، یعنی جس حیوان کی موت غیر شرعی ذبیحہ کے نتیجے میں واقع ہو۔(161)

---

161 **فقہ مالکی:** أحكام القرآن لابن العربي – (ج 1 / ص 92)

المسألة الثانية : قوله تعالى : { الميتة } . وهي الإطلاق عرفا ، والمراد بالآيات حكما ما مات من الحيوان حتف أنفه من غير قتل بذكاة ، أو مقتولا بغير ذكاة .

الجامع لأحكام القرآن للقرطبي (2 / 217): الميتة : ما فارقته الروح من غير ذكاة مما يذبح.

فقہ حنفی: أحكام القرآن للجصاص – (ج 1 / ص 132)

باب تحريم الميتة : قال الله تعالى إنما حرم عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما أهل به لغير الله قال أبو بكر الميتة في الشرع اسم حيوان الميت غير المذكى وقد يكون ميتة بأن يموت حتف أنفه من غير سبب لآدمي فيه وقد يكون ميتة لسبب فعل آدمي إذا لم يكن فعله فيه على وجه الذكاة المبيحة له

أحكام القرآن للجصاص – (ج 3 / ص 296)

الميتة ما فارقته الروح بغير تزكية مما شرط علينا الذكاة في إباحته.

تفسير النيسابوري – (ج 1 / ص 399)

{ إنما حرم عليكم الميتة والدم } يتناول ما مات حتف أنفه وما لم تدرك ذكاته على الوجه الشرعي.

روح المعاني (ج 27 / ص 396): الميتة وهي التي ماتت من غير ذكاة شرعية

تفسير الألوسي – (ج 4 / ص 371)

والمراد تحريم أكل الميتة ، هي ما فارقه الروح حتف أنفه من غير سبب خارج عنه

فقہ شافعی: مفاتيح الغيب ــ ترقيم الشاملة موافق للمطبوع – (ج 5 / ص 13)

الميتة من حيث اللغة هو الذي خرج من أن يكون حيا من دون نقض بنية ...وأما من جهة الشرع فهو غير المذكي إما لأنه لم يذبح أو أنه ذبح ولكن لم يكن ذبحه ذكاة.

البحر المحيط (ج 1 / ص 661): والميتة : ما مات دون ذكاة مما له نفس سائلة .

فقہ حنبلی: الإقناع لموسى الحجاوي - (ج 1 / ص 84)

(والميتة) وهي ما زالت حياتها لا بذكاة شرعية كذبيحة المجوسي.

حاشية الروض المربع شرح زاد المستقنع للعاصمي - (ج 1 / ص 109)

الميتة اسم لكل حيوان خرجت روحه بغير ذكاة، وقد يسمى المذبوح في بعض الأحوال ميتة حكمًا كذبيحة المرتد، وفي المصباح: الميتة ما مات حتف أنفه، أو قتل على هيئة غير مشروعة.

الفتاوى الكبرى لشيخ الإسلام ابن تيمية (1 / 49): و الله تعالى حرم ما مات حتف أنفه... فإن التحريم تارة لوجود الدم وتارة لفساد التذكية :كذكاة المجوسي والمرتد والذكاة في غير المحل.

شرح عمدة الفقه لابن تيمية - (ج 5 / ص 350)

فصل وإذا ذبح المحرم صيدا فهو حرام كما لو ذبحه كافر غير الكتابي وهو بمنزلة الميتة وتسمية الفقهاء المتأخرون ميتة بمعنى أن حكمه حكم الميتة إذ حقيقة الميتة ما مات حتف أنفه

شرح منتهى الإرادات (ج 7 / ص 41): ما لم يذك فهو ميتة

فقہ ظاہری: تفسير القرآن للعثيمين - (ج 4 / ص 204)

{ الميتة } في اللغة ما مات حتف أنفه...يعني بغير فعل من الإنسان...أما في الشرع: فهي ما مات بغير ذكاة شرعية،كالذي مات حتف أنفه؛ أو ذبح على غير اسم الله؛ أو ذبح ولم ينهر الدم؛ أو ذكاة من لا تحل تذكيته، كالمجوسي، والمرتد.

زاد المسير في علم التفسير لعبدالرحمن الجوزي - (ج 1 / ص 175)

والميتة في عرف الشرع اسم لكل حيوان خرجت روحه بغير ذكاة وقيل إن الحكمة في تحريم الميتة أن جمود الدم فيها بالموت يحدث أذى للآكل وقد يسمى المذبوح في بعض الأحوال ميتة حكما لأن حكمه حكم الميتة كذبيحة المرتد

فقہ جعفری: نهاية الأفكار لمحمد تقي البروجردي - (ج 6 / ص 267)

منع كون الميتة هي خصوص ما مات حتف الانف، بل هي في عرف الشارع عبارة عن مطلق ما لم يقع عليه التذكية بشرائطها المقررة من الذبح بالحديد وكونه مع التسمية ومستقبل القبلة مع اسلام الذابح، فمتى اختل احد هذه الامور كان الحيوان ميتة وان لم يزهق روحه حتف انفه

مردار سے متعلق شرعی احکام

مردار بالاجماع حرام ہے:

اس بات پر تمام فقہاء کرام کا اجماع ہے کہ عام حالات میں اختیاری طور پر ٹڈی کے علاوہ بری حیوانات کا مردار کھانا حرام ہے۔(162)

تفسير الإمام العسكري (ع) – (ج 3 / ص 130)
ثم قال عزوجل: (إنما حرم عليكم الميتة) التي ماتت حتف أنفها بلا ذباحة من حيث أذن الله فيها

التفسير الأصفى الفيض الكاشاني – (ج 1 / ص 174)
(إنما حرم عليكم الميتة) قال: " التي ماتت حتف أنفها بلا ذباحة من حيث أذن الله ".

مستدرك الوسائل لميرزا الطبرسي (17 / 262): الامام العسكري (عليه السلام) في تفسير: " قال الله عز وجل: (إنما حرم عليكم الميتة) التي ماتت حتف أنفها إلى أن قال ومن الذبائح هي التي تتقرب بها الكفار بأسامي اندادهم التي اتخذوها من دون الله ".

مستدرك الوسائل لميرزا الطبرسي – (ج 17 / ص 305)
الامام أبو محمد العسكري (عليه السلام) في تفسيره: قال: " قال الله عزوجل: (إنما حرم عليكم الميتة) التي ماتت حتف أنفها بلا ذباحة، من حيث أذن الله فيها

بحار الأنوار – (ج 50 / ص 425)
قال عزوجل " إنما حرم عليكم الميتة " التي ماتت حتف أنفها بلا ذباحة من حيث أذن الله فيها

فقه القرآن لقطب الدين الراوندي – (ج 3 / ص 359)
والميتة هي كل حيوان صامت مات أو لا على وجه الذكاة .

162 تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق :5 / 185 ط دار الكتاب الإسلامي
قال – رحمه الله – (وعلى أكل لحم خنزير وميتة ودم وشرب خمر بضرب أو قيد لم يحل وحل بقتل وقطع) أي لو أكره على هذه الأشياء بما لا يخاف على نفسه أو على عضوه كالضرب لا يسعه أن يقدم عليه وبما يخاف يسعه ذلك؛ لأن حرمة هذه الأشياء مقيدة بحالة الاختيار.

جس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے۔

{إنما حرم عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما أهل به لغير الله فمن اضطر غير باغ ولا عاد فلا إثم عليه إن الله غفور رحيم}. (سورة البقرة / 173)

ترجمہ: اس نے تو تمہارے لیے بس مردار جانور، خون، اور سور کو حرام کیا ہے، نیز وہ جانور جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا گیا ہو۔ ہاں اگر کوئی شخص انتہائی مجبوری کی حالت میں ہو (اور ان چیزوں میں سے کچھ کھالے) جبکہ اس کا مقصد نہ لذت حاصل کرنا ہو اور نہ وہ (ضرورت) کی حد سے آگے بڑھے، تو اُس پر کوئی گناہ نہیں، یقیناً اللہ بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔

الكافي لابن عبد البر ص188 ط دارالكتب العلمية

باب حكم الميتة :أكل كل ميتة من حيوان البر حرام إلا عند الاضطرار إليها لخوف ذهاب النفس

أحكام القرآن لابن العربي 1 / 52 ط دار الفكر

المسألة الثانية: قوله تعالى: {الميتة} [البقرة: 173].

وهي الإطلاق عرفا، والمراد بالآيات حكما ما مات من الحيوان حتف أنفه من غير قتل بذكاة، أو مقتولا بغير ذكاة،

شرح منتهى الإرادات 3 / 396: (ويحرم نجس كدم وميتة) لقوله تعالى: {حرمت عليكم الميتة والدم}

المغني لابن قدامة 13/ 330 ط دار هجر : أَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ عَلَى تَحْرِيمِ الْمَيْتَةِ حَالَ الاخْتِيَارِ , وَعَلَى إبَاحَةِ الأَكْلِ مِنْهَا فِي الاضْطِرَارِ.

بداية المجتهد 1 / 542: اتفق العلماء على تحريم ميتة البر.

الموسوعة (39/ 382): حرمة أكل الميتة : أجمع الفقهاء على حرمة أكل الميتة في حالة السعة والاختيار.

مردار کی نجاست وطہارت کا شرعی حکم:

قرانِ مجید میں سورۃ الأنعام آیت نمبر 145 میں مردار کو "رجس" کہا گیا ہے، عربی لغت میں "رجس" نجس کو کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے امتِ مسلمہ اس بات پر متفق ہے کہ مردار نجس العین ہے، اس کا کھانا حرام ہے اور اس کی ذات ناپاک و نجس ہے۔ امام رازیؒ نے مردار کے نجس ہونے پر امت کا اجماع نقل کیا ہے۔(163)

البتہ مردار کی تعریف ومصداق کی رو سے بعض حیوانی اجزاء کے شرعی حکم میں فقہاء کرام رائے کا اختلاف ہے، مثلاً مردار کے وہ اجزاء جن میں حیات کے اثرات وعلامات نہیں پائی جاتیں، احناف کے نزدیک پاک ہیں، مثلاً ہڈیاں، بال، سینگ وغیرہ۔ جس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

---

163 {قُلْ لَا أَجِدُ فِي مَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلَى طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ إِلَّا أَنْ يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا مَسْفُوحًا أَوْ لَحْمَ خِنْزِيرٍ فَإِنَّهُ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَحِيمٌ} [الأنعام: 145]

تفسير الرازي = مفاتيح الغيب أو التفسير الكبير (5/ 199)

الحق أن حرمة الانتفاع لا تقتضي النجاسة، لأن لا يمتنع في العقل أن يحرم الانتفاع بها، ويحل الانتفاع بما جاورها، إلا أنه قد ثبت بالإجماع أن الميتة نجسة.

تفسير العثيمين: الفاتحة والبقرة (2/ 253) نجاسة الميتة حسية.

الموسوعة الفقهية (39/ 388) ذهب الفقهاء (الحنفية والمالكية والشافعية والحنابلة) إلى أن الميتة نجسة العين ، وقد حرم الله أكلها.

حیوانات کو خالص مردار یا اس کے اجزاء سے تیار کردہ مخلوط خوراک کھلانے کا اجمالی حکم:

حیوانات کو مردار کھلانے کا وہی حکم ہے جو نجس کھلانے کا ہے، مختلف حیوانات کو نجس کھلانے سے متعلق مختلف فقہی مسالک کی آراء ضابطہ نمبر 10 تا ضابطہ نمبر 15 باب نمبر 04 میں گزر چکی ہے۔

البتہ مردار کے جو اجزاء جن فقہاء کرام کے نزدیک پاک ہیں ان پر ان کے نزدیک پاک چیز کا حکم جاری ہو گا، مردار کے کون سے اجزاء نجس ہیں اور کون سے نجس نہیں، اس کی تفصیل دوسرے باب کے حصہ دوم، تیسری نوع میں نمبر 32 تا نمبر 53 گزر چکی ہے۔

حیوانات کو اگر کسی پاک چیز اور مردار کے نجس اجزاء سے مخلوط خوراک کھلائی جاتی ہے، تو یہ متنجس ہے اور اس پر حیوانات کو متنجس کھلانے کا متعلقہ فقہی مسلک کا حکم لگے گا۔

مختلف حیوانات کو متنجس کھلانے سے متعلق مختلف فقہی مسالک کی آراء ضابطہ نمبر 16 تا ضابطہ نمبر 20 باب نمبر 04 میں گزر چکی ہے۔

حیوانات کو خالص مردار کھلانے کا تفصیلی بیان:

کسی جانور یا پرندے وغیرہ کو مردار کا گوشت، چربی وغیرہ براہِ راست کھلانا یا مردار کے مختلف اجزاء سے حیوانات کی خوراک تیار کرنا جائز ہے یا نہیں؟

اس سوال کے جواب میں قدرے تفصیل ہے، جس کا خلاصہ ذیل میں نقل کرتے ہیں:

واضح رہے کہ ناپاک چیزوں کی دو قسمیں ہیں:

ایک نجس العین، یعنی جو چیز بذاتِ خود اصلاً (Basically) نجس وناپاک ہیں، مثلاً پیشاب، پاخانہ، شراب، خون، مردار وغیرہ

دوسری متنجس، یعنی جو چیز بذاتِ خود تو پاک ہیں مگر کسی ناپاک چیز کے ساتھ تلوث (Contamination) کی وجہ سے ناپاک قرار دیا گیا ہو۔

پہلی چیز کے بارے میں تمام فقہاء کرام متفق ہیں کہ نجس العین سے براہِ راست فائدہ اٹھانا جائز نہیں، البتہ اس کا ایسا استعمال جس کی شریعت میں گنجائش ہو، مباح ہے، مثلاً زرعی مقاصد کے لیے گوبر وغیرہ کا استعمال کرنا۔

دوسری قسم کے استعمال میں تفصیل ہے بعض صورتوں میں اس کا استعمال جائز ہے اور بعض صورتوں میں اس کا استعمال جائز نہیں۔

حیوانات کی خوراک میں مردار کے اجزاء کا استعمال:

اس بات پر پوری امت کا اجماع ہے کہ مردار کے وہ اجزاء نجس العین ہیں، جن میں زندگی کے ظاہری آثار وعلامات پائی جاتی ہیں، مثلاً گوشت، چربی وغیرہ۔ یہ اجزاء ایسے ہی ناپاک ہیں، جیسے شراب اور خون، پیشاب وغیرہ نجس وناپاک ہیں، البتہ مردار کے بعض اجزاء کے پاک ناپاک ہونے میں فقہاء کرام کا اختلاف ہے، مثلاً مردار کے بال، اون، رویں وغیرہ، جس کی تفصیل گزر چکی ہے۔

حیوانات کی خوراک (Animal Feed) میں مردار کا استعمال:

بنیادی طور پر اس مسئلہ کی دو صورتیں ہیں:

حیوانات کا مردار خود کھانا۔

حیوانات کو مردار کھلانا۔

پہلی صورت:

یعنی حیوانات کا مردار خود کھانا، مردار چونکہ نجس ہے اس لیے یہ ایسا ہے جیسا کہ کوئی حیوان نجس وناپاک اشیاء کھانے لگے، اس کا تعلق شریعت کی اصطلاح "جلالۃ" سے ہے، جس کی تفصیل باب نمبر 6 میں آئے گی۔ ان شاء اللہ

دوسری صورت:

حیوانات کو مردار کھلانا جائز ہے یا نہیں؟ اس کی کئی صورتیں ہو سکتی ہیں، مثلاً:

- حلال حیوانات کو خالص مردار کھلانا
- حرام حیوانات کو خالص مردار کھلانا
- حلال حیوانات کو مردار کے اجزاء کے ساتھ مخلوط (Mix) خوراک کھلانا
- حرام حیوانات کو مردار کے اجزاء کے ساتھ مخلوط (Mix) خوراک کھلانا

اس حوالے سے فقہاء کرام کی تین رائے ہیں:

مردار کے گوشت و دیگر اجزاء سے حیوانات کی خوراک (Animal Feed) کے بارے میں پہلا موقف:

حلال / حرام حیوانات کو خالص مردار کھلانا

فقہ حنفی، فقہ شافعی کے مطابق حیوانات کو خالص مردار کھلانا جائز نہیں۔ امام احمد بن حنبل کی ایک روایت بھی اسی موقف کے مطابق ہے۔ ان حضرات کے نزدیک

حرام حیوانات ہوں یا حلال، کسی بھی قسم کے جانور یا پرندے کو خالص مردار کھلانا جائز نہیں۔

دلیل:

ان حضرات کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے:

{حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ} [المائدة: 3]

ترجمہ: تم پر مردار جانور حرام کر دیا گیا ہے۔

یہ حضرات فرماتے ہیں کہ حیوانات کو نجس کھلانا مردار سے انتفاع ہے اور مردار سے انتفاع اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی وجہ سے ناجائز ہے۔(164)

امام جصاصؒ فرماتے ہیں کہ ہمارے حضرات (احناف) کے نزدیک مردار سے کسی بھی قسم کا انتفاع جائز نہیں، یہاں تک کہ کتوں اور درندوں کو بھی نہیں کھلایا جائے گا؛ کیوں کہ یہ بھی مردار سے ایک قسم کا فائدہ اٹھانا ہے، جبکہ اللہ تعالیٰ نے مردار کو متعین کر کے مطلقاً (Absolutely) حرام قرار دیا ہے، جس کی وجہ سے اس کی حرمت میں مزید تاکید آگئی، لہٰذا اس کے کسی بھی جزء سے انتفاع جائز نہیں، سوائے اس کے جس کو کسی اور دلیل کے ذریعے خاص کر کے اجازت دی گئی ہو، تو اس سے

---

164 الموسوعة الفقهية الكويتية (39/ 392)

إطعام الميتة للحيوان : اختلف الفقهاء في جواز الانتفاع بالميتة بإطعامها للدواب والبهائم أو الكلب المعلم والطير والبازي المعلم ونحوهم على ثلاثة أقوال :

أحدها : للحنفية والشافعية وأحمد في رواية عنه : وهو عدم جواز ذلك ، لأنه إذا أطعم الميتة للحيوان فقد انتفع بتلك الميتة ، وقوله تعالى : { حرمت عليكم الميتة } (سورة المائدة / 3) دال على عدم جواز الانتفاع بها . (أحكام القرآن للجصاص 1 / 132 ، وتفسير الفخر الرازي 5 / 16)

انتفاع حلال ہو گا، مثلا مردار کی کھال کے بارے میں حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ دباغت کے بعد اس کا استعمال جائز ہے۔(165)

علامہ ابن قدامہؒ فرماتے ہیں کہ میری رائے میں کسی تربیت یافتہ سدھائے ہوئے کتے کو مردار کھلانا یا کسی سدھائے ہوئے پرندے کو مردار کھلانا (بھی) درست نہیں (حلال جانوروں کو کھلانا تو بالکل جائز نہیں)، کیوں کہ یہ انھیں مردار کھانے پر ابھارتا ہے، ہاں اگر کتے نے خود کھایا تو اس میں اس کے مالک پر کوئی حرج نہیں، اور امام احمد بن حنبلؒ نے بھی شاید اسی وجہ سے مکروہ کہا ہے۔(166)

مردار کے گوشت و دیگر اجزاء سے حیوانات کی خوراک (Animal Feed) کے بارے میں دوسرا موقف:

حرام حیوانات کو خالص مردار کھلانا:

فقہ مالکی اور فقہ حنبلی کے مطابق سدھائے ہوئے شکاری کتے یا پرندے کو خالص مردار کھلانا جائز ہے۔ اسی طرح ان حضرات کے نزدیک ان حیوانات کو بھی مردار کھلانا جائز ہے جن کا گوشت کھایا نہیں جاتا۔

---

165 أحكام القرآن للجصاص 1 / 151 ط دار الفكر،ايضاً الموسوعة الفقهية (39/ 392)

166 المغني لابن قدامة 13/ 350 ط دار هجر، (الموسوعة الفقهية الكويتية :39/ 392)

دلیل:

ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ یہ حیوانات دراصل کھائے نہیں جاتے جس سے (انسانی صحت کو)ضرر کا کوئی اندیشہ نہیں ، نیز اس طریقے سے مردار کا استعمال درحقیقت مردار کے اتلاف کے مترادف ہے جو کہ منع نہیں۔

اس رائے کی تائید میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بڑھتی ہوئی آلودگی کی وجہ سے اس طریقے سے مردار کے اجزاء کی آلودگی سے بھی بچا جا سکتا ہے۔

تاہم اس کا جواب یہ ہو سکتا ہے کہ یہ مقصد کھلائے بغیر بھی حاصل کیا جا سکتا ہے کہ کھلانے کے بجائے کتے وغیرہ کو اس کی طرف متوجہ کر دیا جائے تاکہ وہ خود کھائے، صفائی کا مقصد بھی حاصل ہو گا، کتے کا پیٹ بھی بھرے گا اور انسان براہِ راست کھلانے کے اس عمل میں ملوث نہیں ہو گا۔

حلال حیوانات کو خالص مردار کھلانا:

فقہ حنبلی کے مطابق حرام حیوانات کو مردار کھلانا جائز ہے اس کے ساتھ ساتھ ان حلال حیوانات کو بھی مردار یا دیگر نجاست وغیرہ کھلانا جائز ہے جن کا ابھی فوری طور پر ذبح کرنے کا کوئی ارادہ نہ ہو؛ یہ حضرات فرماتے ہیں کہ یہ بات سب کو معلوم ہے کہ جب حلال حیوانات کو چراگاہ وغیرہ میں کھلا چھوڑا جاتا ہے تو یہ بھی گندگی، نجس چیزیں وغیرہ کھاتے رہتے ہیں؛ لہٰذا اگر ایسے حلال حیوانات کا فوری طور پر ذبح کرنے کا ارادہ نہ ہو تو ان کو یہ چیزیں کھلانا جائز ہے۔

ہاں اگر ان کو فوری طور پر ذبح کرنے یا ان کا دودھ نکالنے کا ارادہ ہو تو ایسے حلال جانوروں کو نجاست یا مردار کھلانا جائز نہیں، چاہے بعد میں ان کے ذبح یا دودھ نکالنے

میں غیر ارادی تاخیر بھی ہو جائے، تب بھی جائز نہیں؛ کیونکہ شروع میں جب ارادہ ہے تو جائز نہیں۔(167)

مردار کے گوشت و دیگر اجزاء سے حیوانات کی خوراک (Animal Feed) کے بارے میں تیسرا موقف:

بلا تفریق تمام حیوانات کو مردار کھلانا:

فقہ مالکی کے بعض فقہاء کرام کے مطابق بلا تفریق تمام حیوانات کو مطلقاً نجس خوراک، مردار وغیرہ کھلانا جائز ہے چاہے حلال جانور ہوں یا حرام۔

ابن جلاب مالکی کہتے ہیں کہ حیوانات کو نجس خوراک کھلانے میں کوئی حرج نہیں، چاہے ان کا گوشت کھایا جاتا ہو یا نہ کھایا جاتا ہو؛ کیوں کہ حیوانات حلال حرام کے مکلف نہیں۔(168)

---

167 الكافي لابن عبد البر ص188 ط دارالكتب العلمية : وجائز أن يعلف الدواب نجس الطعم إذا كانت منها مما لا يؤكل لحمه

المغني لابن قدامة 13/ 350 ط دار هجر (الموسوعة الفقهية الكويتية :39/ 392)

شرح منتهى الإرادات 3 / 399 ط دار الفكر: (ويباح أن يعلف النجاسة ما لا يذبح) قريبا (أو) لا (يحلب قريبا) نصا لأنه يجوز تركها في المرعى على اختيارها ومعلوم أنها تعلف النجاسة.

الموسوعة الفقهية الكويتية (39/ 393)

168 الموسوعة الفقهية الكويتية (39/ 393)

والثالث : لبعض المالكية ، وهو جواز علف الدواب والحيوانات مطلقا الطعام النجس ، ما أكل لحمه منها وما لم يؤكل ، قال ابن الجلاب : ولا بأس بعلف الدواب الطعام النجس ما أكل لحمه وما لم يؤكل لحمه . (التفريع 1 / 407)

نوٹ: حیوانات کی خوراک کے حوالے سے مردار کے بارے میں تفصیلی فقہی عبارات دوسرے باب کے حصہ دوم، تیسری نوع میں گزر چکی ہے۔

خلاصہ بحث:

حیوانات کی خوراک (Animal Feed) میں مردار یا دیگر نجاستوں کے استعمال کے حوالے سے بنیادی طور پر فقہاء کرام کی آراء کا خلاصہ حسبِ ذیل ہے:

1. فقہ حنفی، فقہ شافعی کے مطابق کسی بھی قسم کے حیوان (جانور یا پرندے) کو خالص مردار یا دیگر نجاستیں کھلانا جائز نہیں۔
2. فقہ مالکی اور فقہ حنبلی کے مطابق حرام حیوانات (جانور یا پرندے) کو مردار یا دیگر نجاستیں کھلانا جائز جبکہ حلال حیوانات کو کھلانا جائز نہیں۔
3. فقہ حنبلی کے مطابق حلال حیوان (جانور یا پرندے) کو بھی خالص مردار یا دیگر نجاستیں کھلانا جائز ہے، بشرطیکہ فوری طور پر ان کے ذبح کرنے یا ان کا دودھ نکالنے کا ارادہ نہ ہو۔
4. فقہ حنبلی کے مطابق حلال حیوان (جانور یا پرندے) کو فوری طور پر ان کے ذبح کرنے یا ان کا دودھ نکالنے کا ارادہ ہو۔ تو ایسے حیوان کو بھی خالص مردار یا دیگر نجاستیں کھلانا جائز نہیں۔
5. فقہ مالکی کے بعض فقہاء کرام کے مطابق بلا تفریق ہر قسم کے حیوان (جانور یا پرندے) کو مردار یا دیگر نجاستیں کھلانا جائز ہے۔

حلال و حرام حیوانات کے اعتبار سے اس کا مزید خلاصہ اس طریقے سے بھی ہو سکتا ہے:

حلال حیوانات (جانور یا پرندے) کو خالص مردار یا دیگر نجاستیں کھلانا:

1. فقہ حنفی میں جائز نہیں۔
2. فقہ شافعی میں جائز نہیں۔
3. فقہ مالکی میں جائز نہیں۔
4. فقہ حنبلی میں اس وقت جائز نہیں جب حلال حیوان (جانور یا پرندے) کو فوری طور پر ذبح کرنے یا اس کے دودھ نکالنے کا ارادہ ہو۔
5. فقہ حنبلی میں اس وقت جائز ہے جب حلال حیوان (جانور یا پرندے) کو فوری طور پر ذبح کرنے یا اس کے دودھ نکالنے کا ارادہ نہ ہو۔
6. فقہ مالکی کے بعض فقہاء کرام کے مطابق بلا تفریق حلال حیوان (جانور یا پرندے) کو مردار یا دیگر نجاستیں کھلانا مطلقاً جائز ہے۔

حرام حیوانات (جانور یا پرندے) کو خالص مردار یا دیگر نجاستیں کھلانا:

1. فقہ حنفی میں جائز نہیں۔
2. فقہ شافعی میں جائز نہیں۔
3. فقہ مالکی میں جائز ہے۔
4. فقہ حنبلی میں جائز ہے۔

چھٹا باب

جلالہ کا بیان

"جلالہ" شریعت میں واحد مثال ہے جس میں شریعت نے کسی حیوان کی ذات، نوع یا نسل پر براہِ راست حکم نہیں لگایا، بلکہ یہ وہ حلال حیوانات ہیں، جو اصلاً تو حلال ہیں لیکن ان کی خوراک کی وجہ سے شریعت نے اس کے بارے میں تفصیلی احکام بیان کیے۔

آج کل "جلالہ" کے زمرے میں آنے والے حیوانات موجود بھی ہیں یا نہیں؟ اور اگر موجود ہیں بھی تو ایسے حیوان انسانوں کی خوراک میں شامل ہیں یا نہیں؟ اس ترقی یافتہ و متمدن دور میں کتنے لوگ واقعی "جلالہ" کے مصداق حیوانات کا گوشت یا دودھ وغیرہ استعمال کرتے ہیں؟

حیوانات کی خوارک کے باب میں "جلالہ" کی بحث کیوں ضروری ہے؟

مذکورہ بالا سوالات سے قطع نظر (Regardless) "جلالہ" کے مسئلے سے حیوانات کی خوارک کے بارے میں بہت ساری تفصیلات ملتی ہیں جن کی ضرورت درجِ ذیل صورتوں میں پڑتی ہیں:

- خوراک کی بنیاد پر حلال حیوانات کی مس (Touch) کردہ چیزوں کی طہارت و نجاست کا شرعی حکم
- خوراک کی بنیاد پر حلال حیوانات کے گوشت وغیرہ اجزاء کا شرعی حکم
- خوراک کی بنیاد پر حلال حیوانات کے اوپر سواری کرنے کا شرعی حکم
- خوراک کی بنیاد پر حلال حیوانات کے انڈوں کا شرعی حکم
- خوراک کی بنیاد پر حلال حیوانات کے کے دودھ کا شرعی حکم
- خوراک کی بنیاد پر حلال حیوانات کی قربانی کا شرعی حکم
- خوراک کی بنیاد پر حلال حیوانات کے بچوں کا شرعی حکم
- خوراک کی بنیاد پر حلال حیوانات کے کاروبار کا شرعی حکم

درجِ بالا صورتوں کا جدید فوڈ انڈسٹری کے تناظر میں جائزہ لیا جائے تو گویا کہ گوشت (Meat) انڈسٹری ، ڈیری (Dairy) انڈسٹری ، کنفیکشنری (Confectionary)انڈسٹری ، چمڑا (Leather) انڈسٹری ، خوردنی تیل (Cooking Oil)انڈسٹری ،خام مال (Raw-Material انڈسٹری ، فارما (Pharma)انڈسٹری وغیرہ تمام شعبوں میں حیوانات کی خوراک کی وجہ سے حلال کے مسائل (Halaal Critical Control Points)پیش آسکتے ہیں۔

اس وجہ سے یہ ضروری ہے کہ "جلالہ" کی مکمل تفصیل ذکر کی جائے تاکہ مذکورہ بالا صورتوں میں شرعی راہنمائی آسان ہو سکے۔

"جلالہ" کی لغوی تعریف:

"جلالہ" عربی لغت میں اس جانور کو کہتے ہیں جو پاخانہ، لید وغیرہ ناپاک چیزوں کی تلاش میں گھومتا رہتا ہے، "جلالہ" کا لفظ اصل میں "جلۃ" سے نکلا ہے جو عربی میں پاخانہ یا لید کو کہتے ہیں۔(169)

"جلالہ" کی اصطلاحی تعریف:

اصطلاح میں "جلالہ" اس حیوان کو کہتے ہیں جس کی مستقل خوراک ناپاک اور گندی چیزیں ہوں، چاہے وہ مستقل طور پر خود کھاتا ہو یا کوئی اور اسے کھلاتا ہو، جس کے نتیجے میں اس کا گوشت، دودھ وغیرہ متغیر ہو اور اس کے ذائقے، رنگ یا بو (Taste, color, Smell) میں بدبو پیدا آنے لگے، بدبو کا علم ابتدائی طور پر اس کے پسینے سے ہوتا ہے۔(170)

---

169 لسان العرب مادة "جلل ": والجلاَّلة من الحيوان التي تأْكل الجِلَّة والعَذِرة والجِلَّة البعر فاستعير ووضع موضع العَذِرة ... ويقال جَلَّت الدابة الجِلَّة واجْتَلَّتها فهي جالَّة وجَلاَّلة إِذا التقطتها ----- ومنه سميت الدابة التي تأْكل العذرة الجَلاَّلة واجتللت البعر الأَصمعي جَلَّ يَجُلُّ جَلاًّ إِذا التقط البعر واجْتَلَّه مثله.

البحر الرائق شرح كنز الدقائق ومنحة الخالق وتكملة الطوري (1/ 134) والجلالة التي تأكل الجلة بالفتح وهي في الأصل البعرة وقد يكنى بها عن العذرة

مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح (ص: 17)

الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 260)

جلالة: التعريف: الجلالة: الدابة التي تتبع النجاسات وتأكل الجلة، وهي البعرة والعذرة. وأصله من جل فلان البعر جلا التقطه فهو جال، وجلال مبالغة ومنه الجلالة.

170 الدر المختار شرح تنوير الأبصار وجامع البحار (ص: 647) : (الجلالة) التي تأكل العذرة ولا تأكل غيرها.

نوٹ: جلالہ کے شرعی حکم کے لیے کسی حیوان کی مکمل یا غالب خوراک کا نجاست ہونا ضروری ہے۔ اگر کسی جانور نے ایک آدھ دفعہ کوئی گندی چیز خود کھائی یا اسے کھلائی گئی تو وہ "جلالہ" نہیں، بلکہ جلالہ کے لیے ضروری ہے کہ اس کی مستقل یا غالب خوراک نجس اور غلیظ چیزیں ہوں اور ان کی وجہ سے بدبو پیدا ہو۔

المبسوط للسرخسي (11/ 255)

وتفسير الجلالة التي تعتاد أكل الجيف ولا تخلط فيتغير لحمها، ويكون لحمها منتنا فحرم الأكل؛ لأنه من الخبائث، والعمل عليها لتأذي الناس بنتنها، وأما ما يخلط فيتناول الجيف وغير الجيف على وجه يظهر أثر ذلك من لحمه، فلا بأس بأكله، والعمل عليه حتى ذكر في النوادر: لو أن جديا غذي بلبن خنزير فلا بأس بأكله؛ لأنه لم يتغير لحمه وما غذي به صار مستهلكا ولم يبق له أثر

بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 39)، المحيط البرهاني في الفقه النعماني (6/ 92)، تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق وحاشية الشلبي (6/ 6)

تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق وحاشية الشلبي (6/ 10)

الجلالة هي التي تعتاد أكل الجيف والنجاسات، ولا تخلط فيتغير لحمها فيكون منتنا، ولو حبست حتى يزول النتن حلت، ولم تقدر لذلك مدة في الأصل .

الجوهرة النيرة على مختصر القدوري (2/ 185)، درر الحكام شرح غرر الأحكام (1/ 27)

البحر الرائق شرح كنز الدقائق ومنحة الخالق (8/ 208)

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (6/ 732) وقد يفرق بأن مدمن الخمر يخلط والجلالة لا تخلط: حتى لو كانت تخلط لا يحكم بنجاسة عرقها كما قالوا في تفسيرها

الموسوعة الفقهية (5/ 150) ومذهب الشافعية قريب من الحنفية، فقد قال الشافعية: إذا ظهر تغير في لحم الجلالة، سواء أكانت من الدواب أم من الطيور، وسواء أكان التغير في الطعم أم اللون أم الريح.

جلالہ کے باب میں بدبو سے کیا مراد ہے؟

اس بارے میں فقہاء کرام نے صراحت فرمائی ہے کہ جلالہ کے گوشت، دودھ وغیرہ کے ناجائز ہونے کے لیے شرعاً معتبر بدبو سے مراد اسی نجاست کی بدبو ہے جو کھائی ہے، مطلقاً بدبو مراد نہیں۔

علامہ شامیؒ فرماتے ہیں کہ جلالہ وہ حیوان ہے جو صرف اور صرف نجاست کھاتا ہے اور اس کی وجہ سے اس کے گوشت وغیرہ سے بدبو آرہی ہے۔(171)

دوسری جگہ جلالہ کو پاک کرنے کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ جلالہ کی خوراک جب نجاست ہو تو اس کو پاک کرنے کے لیے کوئی مخصوص مدت نہیں، بلکہ اس کو اس وقت تک بندر کھاجائے گا جب تک نجاست کی بدبو ختم زائل نہ ہو۔(172)

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ ہمارے نزدیک جلالہ کی تعریف یہ ہے کہ اگر اس کے بدن وغیرہ سے نجاست کی بو آرہی ہے تو وہ جلالہ ہے ورنہ نہیں۔(173)

دوسری جگہ جلالہ کو پاک کرنے کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ اس کو پاک کرنے کے لیے کوئی مخصوص مدت نہیں، بلکہ اس کا مدار اس پر ہے کہ اس سے نجاست کی بدبو ختم ہو جائے۔(174)

---

171 ابن عابدين (رد المحتار) (6/ 340) (قوله التي تأكل العذرة) أي فقط حتى أنتن لحمها.

172 رد المحتار(6/ 306)إذا كان علفها نجاسة ...الأصح عدم التقدير وتحبس حتى تزول الرائحة المنتنة.

173 المجموع شرح المهذب (9/ 28)

الصحيح الذي ..عليه الجمهور أنه لا اعتبار بالكثرة وإنما الاعتبار بالرائحة والنتن فإن وجد في عرفها وغيره ريح النجاسة فجلالة وإلا فلا.

174 المجموع شرح المهذب (9/ 29)

بلکہ امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اگر نجاست کی بدبو پاک چارہ وغیرہ کھلانے کی بجائے کسی اور ذریعہ سے زائل کی گئی مثلاً اس کو پکایا گیا وغیرہ، تو وہ پاک شمار نہیں ہو گا۔(175)

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ جلالہ کے باب میں بدبو سے مراد اسی نجاست کی بدبو ہے جو اس کی خوراک میں شامل ہے، مطلقاً بدبو مراد نہیں۔

اس لیے کہ عام طور پر حیوانات کے جسم سے عام طور پر خوشبو نہیں ہوتی، بلکہ اس میں انسانی طبائع کا بہت دخل ہوتا ہے اکثر لوگوں کو خالص حلال، پاک حیوانات (بھیڑ، بکری، گائے، مچھلی وغیرہ کے گوشت، دودھ اور دیسی گھی وغیرہ) کی بو بھی اچھی نہیں لگتی، اس سے شدید کراہت محسوس کرتے ہیں اور اس کو بدبو سے تعبیر کرتے ہیں۔

بندہ نے یہ بات اس لیے ذکر کی کہ آج کل اکثر لوگوں کو یہ غلط فہمی ہوتی ہے کہ فارمی مرغی یا دیگر فارمی حیوانات کے جسم، دودھ گوشت، گھی وغیرہ سے بدبو آتی ہے اور اس کی وجہ سے ان چیزوں پر جلالہ کا حکم لگاتے ہیں، حالانکہ یہ بات شرعاً دو وجہوں سے بالکل غلط ہے۔

وليس للقدر الذي تعلفه من حد ولا لزمانه من ضبط وإنما الاعتبار بما يعلم في العادة أو يظن أن رائحة النجاسة تزول به.

حلية العلماء في معرفة مذاهب الفقهاء (3/ 354)

وقال أحمد يحرم لحمها ولبنها وكذا الدجاجة يحرم لحمها وبيضها وتحبس وتعلف علفا طاهرا حتى تزول رائحة النجاسة فتحل عنده وتزول الكراهة عندنا.

175 تحفة المحتاج في شرح المنهاج وحواشي الشرواني والعبادي (1/ 85)

لم تعد طهارة الجلالة بزوال التغير من غير علف طاهرا؛ لأن الظاهر أن سبب نجاستها عند القائل بها رداءة لحمها وهي لا تزول إلا بالعلف الطاهر.

ایک وجہ یہ ہے کہ شریعت میں جلالہ کے ناجائز ہونے کی اصل علت بدبو نہیں، بلکہ مکمل یا غالب طور پر نجاست و گندگی کھانا ہے، جبکہ یہ بات سب کو معلوم ہے کہ فارمی حیوانات کو مکمل یا غالب طور پر نجاست نہیں کھلائی جاتی، ہاں بعض صورتوں میں جلدی نشو ونما کے لیے حیوانات سے سے حاصل شدہ پروٹین وغیرہ دوسری پاک چیزوں کے ساتھ ملا کر کھلائی جاتی ہے جس کی مقدار بہت کم ہوتی ہے۔ لہٰذا ایسی خوراک کی وجہ سے جلالہ کو حکم لگانا شرعاً غلط ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ یہ زیادہ سے زیادہ کراہت طبعی ہے کراہتِ شرعی نہیں، اور شرعی دلیل کے بغیر محض کراہتِ طبعی کی بنیاد پر حلال حرام کے احکامات جاری نہیں ہوتے۔

معلوم ہوا کہ موجودہ دور کے فارمی حیوانات شرعی جلالہ کے مصداق نہیں، ہاں اگر کسی خاص صورت میں جلالہ کی شرعی شرائط پائی گئی تو اس کا حکم الگ ہوگا۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

حیوانات کی خوراک میں نجس کیوں منع ہے؟

ایک اہم سوال: یہ ہے کہ جانور کو نجس کھلانا منع ہے یا حرام؟

اگر نجس کھلانا منع ہے تو اس نہی کی وجہ کیا ہے؟

اس کی دو وجہیں ہو سکتی ہیں:

1۔ محض خوراک کا نجس ہونا:

بعض فقہی عبارتوں سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ حیوانات کی خوراک میں محض نجاست کا وجود ہی اصل مسئلہ (Issue) ہے لیکن یہ وجہ مفہوم اصولی طور پر درست

نہیں اس لیے کہ حیوانات پاکی ناپاکی کے احکام کے مکلف نہیں کیوں کہ جب تک نجاست کی وجہ سے حلال حیوان کے گوشت میں بدبو پیدا نہ ہوا، اس کی وجہ سے کسی حلال حیوان کا گوشت وغیرہ بالاتفاق منع نہیں۔ جب خود کھائے تو منع نہیں، لہٰذا اتنی مقدار میں کوئی کھلائے یا پلائے تب بھی منع نہیں ہونا چاہیے تھا اس لیے کہ نتیجہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا، لیکن ایک مکلف انسان نے ایک حرام یا نجس چیز کو استعمال کرنے یا اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی اگرچہ ایک غیر مکلف مخلوق کو کھلا رہا ہے اس لیے یہ عمل منع ہے۔(176)

---

176 بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 40)

ولا يكره أكل الدجاج المخلي وإن كان يتناول النجاسة؛ لأنه لا يغلب عليه أكل النجاسة بل يخلطها بغيرها وهو الحب فيأكل ذا وذا، وقيل إنما لا يكره؛ لأنه لا ينتن كما ينتن الإبل والحكم متعلق بالنتن؛ ولهذا قال أصحابنا في جدي ارتضع بلبن خنزير حتى كبر: إنه لا يكره أكله؛ لأن لحمه لا يتغير ولا ينتن فهذا يدل على أن الكراهة في الجلالة لمكان التغير والنتن لا لتناول النجاسة ولهذا إذا خلطت لا يكره وإن وجد تناول النجاسة؛ لأنها لا تنتن فدل أن العبرة للنتن لا لتناول النجاسة.

الحاوي الكبير (15/ 147)

(فصل:) روى مجاهد عن ابن عمر أن النبي – صلى الله عليه وسلم – " نهى عن أكل الجلالة وألبانها " وروى نافع عن ابن عمر أن النبي – صلى الله عليه وسلم – " نهى عن الجلالة والمجثمة وعن المصبورة ". فأما الجلالة فهي التي ترعى الحلة، وهي البعر والعذرة، فحمل بعض أصحاب الحديث النهي على التحريم، وبه قال سفيان الثوري، وأحمد بن حنبل. وعندي إنه محمول على الكراهة دون التحريم، لأن النهي عنها وارد، لأجل ما تأكله من الأنجاس، وهي تغتذيه في كرشها، والعلف الطاهر ينجس في الكرش، فساوى في حصوله منه حال النجس، ولأن لحوم ما ترعى الأنجاس نتن، وأكل اللحم إذا نتن يحرم وإذا كان هكذا فكلما كان أكثر غذائه رعي الأنجاس كان أكل لحمه وشرب لبنه مكروها.

تحفة المحتاج في شرح المنهاج وحواشي الشرواني والعبادي (9/ 386)

(فإن علفت طاهرا) أو متنجسا أو نجسا كما بحثا أو لم تعلف كما اعتمده البلقيني وغيره واقتصار أكثرهم على العلف الطاهر جرى على الغالب أن الحيوان لا بد له من العلف وأنه الطاهر

"جلالہ" کے گوشت کا غیر محفوظ (Unsafe) ہونا:

اکثر فقہاء کرام نے تصریح کی ہے کہ حیوانات کی خوراک میں نجاست کا استعمال انسانوں کی خوراک کے تحفظ (Food Safety) کی وجہ سے ممنوع ہے۔[177]

بندہ کے نزدیک یہی بات زیادہ صحیح ہے کہ اس کے نتیجے میں انسان کے لیے اس حیوان کا گوشت محفوظ نہیں رہتا اسی لیے شریعت نے حیوانات کی خوراک میں نجاست اور دیگر گندی چیزوں کو منع کیا۔ چناں چہ اس لیے جلالہ کے مسئلے میں فقہاء کرام نے ناجائز ہونے کے لیے اس کے گوشت سے اسی نجاست کے بدبو آنے کی شرط لگائی ہے، بصورتِ دیگر جائز ہے۔

بحر المذهب للروياني (4/ 239)

177 المبسوط للسرخسي (11/ 256) : ولا يتقدر بالزمان لاختلاف الحيوانات في ذلك فيصار فيه إلى اعتبار زوال المضر، فإذا زال بالعلف الطاهر حل تناوله.

حاشيتا قليوبي وعميرة على شرح المحلي 4/ 261 ط عيسى الحلبي

فلو زال التغير بدون ذلك أو بغير علف زالت الكراهة, ... ولو عاد التغير عادت الكراهة. قوله: (يصدق بالحرمة الكراهة) وقدمت على الحرمة للإنفاق على طهارة المعلوفة بذلك حال الحياة ولأن التغير كنتن اللحم المذكى وهو لا يحرم ما لم يضر.

الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 260): والمراد بالجلالة على ما نص الشافعية: كل دابة علفت بنجس ولو من غير العذرة، كالسخلة التي ارتضعت بلبن نحو كلبة أو أتان. (قليوبي 4 / 261.)

الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 148-149)

المقصود هنا بيان ما يكره أكله من الحيوان المباح الأصل بسبب عارض اقتضى هذه الكراهة، فإذا زال العارض زالت الكراهة. .... ولأنها إذا كان الغالب من أكلها النجاسات يتغير لحمها وينتن، فيكره أكله كالطعام المنتن.... وذلك لأن لحمها إذا تغير يتغير لبنها.

"جلالہ" کا شرعی حکم:

جمہور فقہاء کرام کے نزدیک جب نجاست کھانے کے وجہ سے "جلالہ" حیوان سے بدبو آنے لگے تو اس کا گوشت کھانا، اس کا دودھ پینا، اس کا انڈہ کھانا وغیرہ مکروہ ہے۔(178)

---

178 المغني لابن قدامة 9 / 413 –414 : فصل: قال أحمد: أكره لحوم الجلالة وألبانها.

حاشيتا قليوبي وعميرة على شرح المحلي 4/ 261 ط عيسى الحلبي

(وإذا ظهر تغير لحم جلالة) من نعم أو دجاج وهي التي تأكل العذرة اليابسة أخذا من الجلة بفتح الجيم بالرائحة والنتن في عرقها وغيره. (حرم) أكله (وقيل يكره قلت الأصح يكره والله أعلم) نقله الرافعي في الشرح

أسنى المطالب شرح روض الطالب 1 / 568 ط دار الكتاب الإسلامي

(ويكره لحم الجلالة) ...(ولبنها وبيضها)...«وركوبها» ...(إن ظهر نتن ما تأكله في ريحها وعرقها)

رد المحتار على الدر المختار 1 / 149 ط إحياء التراث

أقول: الظاهر أنه أراد بالجلالة غير التي أنتن لحمها من أكل النجاسة، إذ لو أنتن فالظاهر الكراهة بلا تفصيل...وفي المنتقى الجلالة المكروهة التي إذا قربت وجدت منها رائحة، فلا تؤكل ولا يشرب لبنها ولا يعمل عليها، ويكره بيعها وهبتها وتلك حالها، وذكر البقالي أن عرقها نجس. اهـــ وصرح المصنف في الحظر والإباحة أنه يكره لحم الأتان والجلالة. .... وبه علم أن الجلالة التي يكره سؤرها هي التي لا تأكل إلا النجاسة حتى أنتن لحمها؛ لأنها حينئذ غير مأكولة، ولذا قال في الجوهرة: فإن كانت تخلط أو أكثر علفها علف الدواب لا يكره سؤرها. اهـــ. قلت: بقي شيء، وهو أن الغالب أن الإبل تجتر كالغنم وجرتها نجسة كسرقينها كما سيأتي، ومقتضاه أن يكون سؤرها مكروها وإن لم تكن جلالة ولم أر من تعرض له، وإنما المفهوم من إطلاقهم عدم الكراهة فليتأمل.

الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 260)

ذهب جمهور الفقهاء إلى أن أكل لحم الجلالة وهي الدابة التي تأكل العذرة أو غيرها من النجاسات وشرب لبنها وأكل بيضها مكروه، إذا ظهر تغير لحمها بالرائحة، والنتن في عرقها.

شوافع کے ایک قول اور حنابلہ کی ایک روایت کے مطابق جلالہ کا گوشت کھانا اور اس کا دودھ پینا حرام ہے۔(179) یعنی کراہت کی بجائے حرمت کا قول ہے۔

"جلالہ" کے ناجائز ہونے کی دلیل:

"جلالہ" کے ناجائز ہونے کی اصل دلیل ایک حدیث ہے جس کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلالہ اونٹ کے گوشت کھانے، اس کا دودھ پینے اور اس پر سواری کرنے سے منع فرمایا ہے، نیز ایسے اونٹ کو اس وقت تک ذبح کرنے سے بھی منع فرمایا ہے، یہاں تک کہ چالیس دن تک اسے پاک چیزیں نہ کھلائی جائیں۔(180)

جب "جلالہ" کے اندر بدبو پیدا نہ ہو:

اگر کوئی حلال حیوان ناپاک و گندی چیزیں کھاتا ہو لیکن اس کی وجہ سے اس میں بدبو پیدا نہ ہو تو کیا اس صورت میں بھی وہ اصطلاحی جلالہ ہے یا نہیں؟ اور کیا اس صورت میں بھی اس کا گوشت کھانا، دودھ پینا وغیرہ ناجائز ہے یا نہیں؟

---

179 الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 261) وفي قول عند الشافعية ورواية عن أحمد: يحرم لحمها، ولبنها . (المغني 8 / 593، وروض الطالب 1 / 568)

180 المعجم الكبير للطبراني (12/ 408) عن ابن عمر، قال: «نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الفتح عن لحوم الإبل الجلالة وألبانها»

مسند أحمد ط الرسالة (11/ 616) عن عمرو بن شعيب، عن أبيه، عن جده، قال: " نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن لحوم الحمر الأهلية، وعن الجلالة، وعن ركوبها وأكل لحومها .

الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 261)

والأصل في ذلك: حديث ابن عمر رضي الله تعالى عنهما: قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الإبل الجلالة أن يؤكل لحمها، ولا يشرب لبنها ولا يحمل عليها إلا الأدم، ولا يذكيها الناس حتى تعلف أربعين ليلة.

ایسی صورت میں فقہاء کرام کی کئی آراء ہیں:

شوافع کا موقف:

شوافع کے نزدیک اگر گندگی و نجاست کھانے کی وجہ سے حلال حیوان کے اندر بدبو پیدا نہ ہو تو وہ مکروہ نہیں، اگرچہ اس کی خوراک صرف نجس چیزیں ہی کیوں نہ ہوں۔

گویا کہ شوافع نے مدار حیوان کی خوراک کو نہیں بنایا، بلکہ اس کے اوپر مرتب ہونے والے اثر کو مدار بنایا کہ اگر بدبو ہے تو جلالہ ہے، بدبو نہیں تو جلالہ نہیں۔(181)

حنابلہ کا موقف:

حنابلہ کے نزدیک اگر کسی حیوان کی مکمل یا اکثر خوراک نجاست و گندگی ہو تو وہ "جلالہ" ہے اور اس کا گوشت کھانا، دودھ پینا، انڈے کھانا وغیرہ سب منع ہے، چاہے اس سے بدبو آئے یا نہ آئے۔

---

181 أسنى المطالب شرح روض الطالب **1 / 568** :

فلو مر على الجلالة أيام من غير أن تأكل طاهرا فزالت الرائحة حلت، وإنما ذكر العلف بطاهر؛ لأن الغالب أن الحيوان لا بد له من علف... ومقتضى قولهم علفت بطاهر أنها لو علفت بمتنجس كشعير أصابه ماء نجس فطاب لحمها لم تحل أي حلا مستوي الطرفين، وليس كذلك قلت: وقد يقال بل لو علفت بنجس العين فطاب لحمها لم تكره، وهو ظاهر كلام المصنف (ويكره ركوبها بلا حائل) ... (والسخلة المرباة بلبن كلبة) أو نحوها كخنزيرة وحمارة (كالجلالة) فيما ذكر...(حاشية الرملي) (قوله: والسخلة المرباة بلبن كلبة) وحكم الرضيع بلبن الجلالة حكمها، ولا يحرم حيوان ربي بمال حرام.

الموسوعة الفقهية (**15/ 261**)

إذا لم يظهر منها تغير بريح، أو نتن، فلا كراهة عند الشافعية وإن كانت لا تأكل إلا النجاسة.

گویا کہ حنابلہ نے مدار اس حیوان کی خوراک کو بنایا ہے اس کے اوپر مرتب ہونے والے اثرات کو نہیں بنایا۔ اگر خوراک نجاست ہے تو ناجائز ہے، خوراک نجاست نہیں تو ناجائز نہیں۔(182)

مالکیہ کا موقف:

مالکیہ کے نزدیک "جلالہ" کے اندر کوئی کراہت نہیں، چاہے اس کی خوراک کچھ بھی ہو اور چاہے اس سے بدبو آئے یا نہ آئے۔(183)

---

182 المغني لابن قدامة 9 / 413 –414 : قال أحمد: أكره لحوم الجلالة وألبانها. قال القاضي، في " المجرد ": هي التي تأكل القذر، فإذا كان أكثر علفها النجاسة، حرم لحمها ولبنها. وفي بيضها روايتان. وإن كان أكثر علفها الطاهر، لم يحرم أكلها ولا لبنها.

وتحديد الجلالة بكون أكثر علفها النجاسة، لم نسمعه عن أحمد، ولا هو ظاهر كلامه، لكن يمكن تحديده بما يكون كثيرا في مأكولها، ويعفى عن اليسير.

الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 261)

وقال الحنابلة: يكره أكل لحمها وشرب لبنها إذا كان أكثر علفها النجاسة، وإن لم يظهر منها نتن أو تغير، ونقل صاحب المغني عن الليث قوله: " إنما كانوا يكرهون الجلالة التي لا طعام لها إلا الرجيع (الروث والعذرة) وما أشبهه . (المغني 8 / 593)

183 مختصر خليل (ص: 80)

فصل فيما يباح من الأطعمة والأشربة: المباح طعام طاهر والبحري وإن ميتا وطير ولو جلالة وذا مخلب ونعم ووحش لم يفترس

مواهب الجليل في شرح مختصر خليل (3/ 229)

ص (وطير ولو جلالة): ش: الجلالة في اللغة البقرة التي تتبع النجاسات قال في الصحاح: الجلالة البقرة التي تتبع النجاسات، وفي الحديث «نهي عن لبن الجلالة» انتهى.

منح الجليل شرح مختصر خليل (2/ 452)

احناف کا موقف:

احناف کے نزدیک بھی اگر گندگی و نجاست کھانے کی وجہ سے حلال حیوان کے اندر بدبو پیدا ہو تو اس کا گوشت، دودھ، انڈے وغیرہ مکروہ ہیں، اس لیے کہ جب کسی حیوان کی اکثر یا غالب خوراک نجاست ہو تو اس کے اندر تبدیلی آتی ہے اور اس کے اندر بدبو پیدا ہوتی ہے۔ تو علامہ کاسانیؒ کے مطابق اس کا کھانا ایسا ہی مکروہ ہے جیسا کہ کسی دوسرے خراب بدبودار کھانے کا استعمال مکروہ ہے۔

گویا کہ احناف نے مدار اس حیوان کی خوراک کو بنایا ہے اس کے اوپر مرتب ہونے والے اثرات کو نہیں بنایا۔ اگر مکمل یا غالب خوراک نجاست ہے تو ناجائز ہے، خوراک نجاست نہیں تو ناجائز نہیں۔

لیکن احناف کی اکثر عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک علت صرف بدبو یعنی خوراک نہیں، بلکہ خوراک کے اوپر مرتب ہونے والے اثرات ہیں۔(184) گویا کہ احناف کے نزدیک دونوں چیزوں کو دیکھا جائے گا۔

(وطير) إن لم يكن جلالة. بل (ولو) كان (جلالة) ... وهي لغة البقر التي تتبع النجاسات ابن عبد السلام والفقهاء يستعملونها في كل حيوان يستعملها إن لم يكن ذا مخلب بل (و) لو كان (ذا مخلب) الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 261) وذهب المالكية إلى أن لحم الجلالة لا كراهة فيه وإن تغير من ذلك .(شرح الزرقاني 3 / 26)

184 بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 40)

قال أصحابنا في جدي ارتضع بلبن خنزير حتى كبر: إنه لا يكره أكله؛ لأن لحمه لا يتغير ولا ينتن فهذا يدل على أن الكراهة في الجلالة لمكان التغير والنتن لا لتناول النجاسة ولهذا إذا خلطت لا يكره وإن وجد تناول النجاسة؛ لأنها لا تنتن فدل أن العبرة للنتن لا لتناول النجاسة،

الموسوعة (5/ 149): إن الجلالة هي الإبل أو البقر أو الغنم التي أغلب أكلها النجاسات فيكره .

جلالہ کو بند رکھنے کے ذریعے اس کی کراہت کو زائل کرنا:

جن حضرات کے نزدیک جلالہ حرام یا مکروہ ہے، ان کے نزدیک بالاتفاق اگر جلالہ کو بند کر کے پاک چیزیں کھلائی جائیں تو وہ پاک ہو جاتا ہے۔(185)

البتہ ان حضرات کے درمیان اس حوالے سے مختلف رائے ہیں کہ ایسے حیوان کو کتنی مدت کے لیے بند رکھا جائے گا، تاکہ وہ پاک ہو جائے اور اس کا گوشت، دودھ وغیرہ استعمال کرنا بلا کراہت جائز ہو جائے؟

شوافع کا موقف:

شوافع کے نزدیک اونٹ کو چالیس دن، گائے بھینس کو تیس دن، بھیڑ بکری کو سات دن اور مرغی وغیرہ کو تین دن تک بند رکھا جائے گا۔

اور اس کو اس دوران پاک صاف خوراک کھلا کر بعد میں ذبح کر کے گوشت کھانا یا اس کا دودھ وغیرہ استعمال کرنا جائز ہے۔(186)

---

185 الموسوعة الفقهية (15/ 261) لا خلاف بين الفقهاء الذين يقولون بحرمة أكل لحم الجلالة، أو كراهته في أن الحرمة أو الكراهة تزول بالحبس على العلف الطاهر.

186 حاشيتا قليوبي وعميرة على شرح المحلي 4/ 261 : قوله: (فإن علفت طاهرا) وكذا بنجس أو متنجس وخرج بالعلف زوال التغير بالغسل مثلا، فلا تزول به الكراهة.

قوله: (ويجري الخلاف في لبنها وبيضها) وكذا عرقها وصوفها وشعرها وجنينها وولدها. نعم لا كراهة في لبن فرس ولدت بغلا ولو في نحو لحم مأكولة علفت حراما كمغصوب ومسروق.

قوله: (حتى تعلف أربعين ليلة) هذا بالنظر للأغلب من أن التغير يزول بذلك لأن كل أكلة يمكث نفعها في البدن أربعين يوما فلو زال التغير بدون ذلك أو بغير علف زالت الكراهة، نعم ما ذكر مندوب في البدنة ويندب في البقرة أن تعلف ثلاثين يوما وفي الشاة سبعة أيام وفي الدجاجة ثلاثة لخبر

احناف کا موقف:

احناف کے نزدیک اونٹ، گائے بھینس کو دس دن، بھیڑ بکری کو چار دن اور مرغی وغیرہ کو تین دن تک بندر کھا جائے گا۔ اور اس کو اس دوران پاک صاف خوراک کھلا کر بعد میں ذبح کر کے گوشت کھانا یا اس کا دودھ وغیرہ استعمال کرنا جائز ہے۔

امام ابو حنیفہ اور صاحبین کی ایک روایت کے مطابق اس مسئلہ میں کوئی خاص مدت متعین نہیں، بلکہ ہر جانور کو اس کی جسامت کے حساب سے اس وقت تک بند رکھا جائے گا، جب تک اس کی بدبو زائل نہ ہو۔(187)

ورد بذلك، ولو عاد التغير عادت الكراهة. قوله: (يصدق بالحرمة الكراهة) وقدمت على الحرمة للإنفاق على طهارة المعلوفة بذلك حال الحياة ولأن التغير كنتن اللحم المذكى وهو لا يحرم ما لم يضر.

الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 261)

ثم اختلفوا في مدة الحبس: فقال الشافعية: يحبس الناقة أربعين يوما، والبقرة ثلاثين، والشاة سبعة أيام، والدجاجة ثلاثة أيام . (قليوبي 4 / 261)

[187] رد المحتار على الدر المختار 1 / 149 ط إحياء التراث

قال الشارح هناك: وتحبس الجلالة حتى يذهب نتن لحمها. وقدر بثلاث أيام لدجاجة، وأربعة لشاة، وعشرة لإبل وبقر على الأظهر، ولو أكلت النجاسة وغيرها بحيث لم ينتن لحمها حلت. اهـ. وبه علم أن الجلالة التي يكره سؤرها هي التي لا تأكل إلا النجاسة حتى أنتن لحمها؛ لأنها حينئذ غير مأكولة، ولذا قال في الجوهرة: فإن كانت تخلط أو أكثر علفها علف الدواب لا يكره سؤرها. اهـ. قلت: بقي شيء، وهو أن الغالب أن الإبل تجتر كالغنم وجرتها نجسة كسرقينها كما سيأتي، ومقتضاه أن يكون سؤرها مكروها وإن لم تكن جلالة ولم أر من تعرض له، وإنما المفهوم من إطلاقهم عدم الكراهة فليتأمل.

بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 40)

حنابلہ کا موقف:

حنابلہ کی دو روایتیں ہیں:

ایک یہ کہ ہر قسم کے جلالہ حیوان کو تین دن بند رکھا جائے گا چاہے وہ جانور ہو یا پرندہ، چھوٹا ہو یا بڑا۔

دوسری روایت یہ کہ کہ اونٹ اور گائے کو چالیس روز تک بند رکھا جائے گا اور اس کو اس دوران پاک صاف خوراک کھلا کر بعد میں ذبح کر کے گوشت کھانا یا اس کا دودھ وغیرہ استعمال کرنا جائز ہے۔(188)

ثم ليس لحبسها تقدير في ظاهر الرواية هكذا روي عن محمد – رحمه الله – أنه قال: كان أبو حنيفة – رضي الله عنه – لا يوقت في حبسها وقال تحبس حتى تطيب وهو قولهما أيضا، وروى أبو يوسف عن أبي حنيفة عليه الرحمة أنها تحبس ثلاثة أيام.

الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 261) : وعند الحنفية: تحبس الدجاجة ثلاثة أيام، والشاة أربعة، والناقة والبقرة عشرة أيام . (ابن عابدين 1 / 149)

الموسوعة الفقهية (5/ 149): وهل لحبسها تقدير زمني، أو ليس له تقدير؟ روي عن محمد أنه قال: كان أبو حنيفة لا يوقت في حبسها، وقال: تحبس حتى تطيب، وهو قول محمد وأبي يوسف أيضا.

188 المغني لابن قدامة 9 / 413 –414 ط مكتبة القاهرة

فصل: وتزول الكراهة بحبسها اتفاقا. واختلف في قدره، فروي عن أحمد؛ أنها تحبس ثلاثا، سواء كانت طائرا أو بهيمة. وكان ابن عمر إذا أراد أكلها حبسها ثلاثا.

الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 261)

وعن أحمد روايتان في ذلك: إحداهما: تحبس الجلالة ثلاثا، سواء أكانت طيرا أو بهيمة، وقالوا: إن ما طهر حيوانا في مدة حبسه وعلفه طهر الآخر؛ ولأن ابن عمر كان يحبسها ثلاثا إذا أراد أكلها. والرواية الثانية تحبس البدنة، والبقرة أربعين يوما . (المغني 8 / 594)

حضرت حسن بصریؒ کا موقف:

علامہ ابنِ قدامہ حنبلیؒ نے حضرت حسن بصریؒ کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ انھوں نے "جلالہ" جانوروں کے گوشت، دودھ وغیرہ کے استعمال کو جائز قرار دیا ہے اس لیے کہ ان کے بقول کوئی بھی حیوان نجاست کھانے سے نجس نہیں ہوتا، جس کی دلیل یہ ہے کہ شراب نجس ہے لیکن شراب پینے والے کے خارجی اعضاء کے بارے میں نجاست کا حکم کوئی نہیں لگاتا، اسی طرح کافر جو خود خنزیر اور دیگر حرام و نجس چیزیں کھاتا پیتا ہے، لیکن کسی نے بھی اس وجہ سے اس کے ظاہری بدن کے نجاست کو قول اختیار نہیں کیا، اور اگر اس وجہ سے اس کو نجس قرار دیا جائے تو اسلام اور غسل کی وجہ سے کافر کبھی بھی پاک نہ ہوتا۔ اسی طرح اگر جلالہ کو نجس قرار دیا جائے تو اسے بند کرنے سے وہ کبھی پاک نہ ہوتا۔(189)

قول راجح:

چوں کہ اس مسئلہ میں تمام فقہاء کرام کے نزدیک جلالہ کو بند کرنے کا مقصد اسے پاک کرنا اور اس کے اندر سے نجاست کے اثرات کو زائل کرنا ہے۔

189 الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 261)

ونقل صاحب المغني عن الحسن البصري: أنه رخص في لحومها، وألبانها، لأن الحيوان لا يتنجس بأكل النجاسات بدليل أن شارب الخمر، لا يحكم بتنجيس أعضائه، والكافر الذي يأكل الخنزير والمحرمات لم يقل أحد بنجاسة ظاهره، ولو نجس بذلك لما طهر بالإسلام والاغتسال. ولو نجست الجلالة لما طهرت بالحبس . (المغني 8 / 593)

لہٰذا اس مسئلہ میں امام ابو حنیفہ اور صاحبین کی یہ رائے زیادہ راجح ہے کہ اس مسئلہ میں کوئی خاص مدت متعین نہیں، بلکہ ہر جانور کو اس کی جسامت اور جسمانی نظام کے حساب سے اس وقت تک بند رکھا جائے گا، جب تک اس کی بدبو زائل نہ ہو۔(190)

بندہ کی رائے میں عصرِ حاضر میں علومِ حیوانات (veterinary sciences) اور ماہرینِ حیوانات (veterinarians) کی آراء کی روشنی میں متعلقہ حیوان کے نظام انہضام اور جسامت وغیرہ کے حساب سے نجاست کے اثرات کو زائل کرنے کے لیے جلالہ پرندوں، چھوٹے جانوروں، بڑے جانوروں اور اونٹ وغیرہ کو جتنا وقت درکار ہو اسی کو معیار بنایا جائے گا۔(191)

جلالہ جانور پر سواری کرنا:

جلالہ جانور پر بغیر کسی حائل کے بیٹھ کر سواری کرنا مکروہ ہے، اس لیے کہ حدیث شریف میں اس طرح کے جانور پر سواری کرنے کی ممانعت آئی ہے۔ جس کی وجہ یہ

---

190 رد المحتار على الدر المختار 1 / 149 ، بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 40)
الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 261)، الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 149)

191 بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 40)
ثم ليس لحبسها تقدير في ظاهر الرواية الخ
المغني لابن قدامة 9 / 413 –414 ط مكتبة القاهرة
والأخرى، تحبس الدجاجة ثلاثا، والبعير والبقرة ونحوهما يحبس أربعين. وهذا قول عطاء، في الناقة والبقرة؛ لحديث عبد الله بن عمرو، لأنهما أعظم جسما، وبقاء علفهما فيهما أكثر من بقائه في الدجاجة والحيوان الصغير. والله أعلم.

ہے کہ اس طرح بیٹھنے سے اس کے بدن سے نکلنے والے پسینے کے ساتھ اتصال کی وجہ سے تلوث کا خطرہ ہوتا ہے۔(192)

جلالہ جانور کا جھوٹا:

جلالہ جانور کا جھوٹا استعمال کرنا مکروہ ہے۔(193)

جلالہ جانور کا قربانی:

حنفیہ کے نزدیک جلالہ جانور کی قربانی کرنا جائز نہیں، بشرطیکہ اس کی خوراک صرف نجاست ہو۔(194)

---

192 المستدرك على الصحيحين للحاكم (2/ 46)

«نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الجلالة أن يؤكل لحمها، ويشرب لبنها، ولا يحمل عليها الأدم ولا يركبها الناس حتى تعلف أربعين ليلة» هذا حديث صحيح الإسناد ..... ولم يخرجاه "

الموسوعة الفقهية (15/ 262)

ولأنها ربما عرقت فتلوث بعرقها (المغني 8 / 594، وأسنى المطالب 1 / 568، وابن عابدين 1 / 149.)

193 الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 262) سؤر الجلالة:: صرح الحنفية بكراهية شرب سؤر الجلالة.(ابن عابدين 1 / 149.)

194 الموسوعة الفقهية الكويتية (15/ 262)

التضحية بالجلالة: صرح الحنفية: أن الجلالة لا تجزئ في الأضحية: إذا كانت لا تأكل غير النجاسة. (ابن عابدين 5 / 207.)

گھریلو پالتو حلال حیوانات جو کبھی کبھی نجس چیزیں کھا جاتے ہیں:

واضح رہے کہ ایسے گھریلو پالتو حلال حیوانات، مثلاً مرغی، بطخ، بھیڑ بکری، گائے بھینس اونٹ وغیرہ جو کبھی کبھی نجس چیزیں کھا جاتے ہیں، اس سے وہ جلالہ کے حکم میں داخل نہیں ہوتے اور اس کی وجہ سے ایسے حیوانات کے گوشت، دودھ، انڈوں وغیرہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

ایسے حیوانات مستقل طور پر نجاستیں نہیں کھاتے، بلکہ یا تو وہ ان نجاستوں میں اپنے لیے دانہ وغیرہ خوراک تلاش کرتی ہے اور یا پھر نجس چیزوں کو پاک چیزوں کو ساتھ ملا کر کے کھا جاتے ہیں۔(195)

حیوانات کو باامر مجبوری خالص نجس چیزیں کھلانا پلانا منع نہیں:

فقہ اسلامی میں اس حوالے سے مثالیں ملتی ہیں جس میں اس پر کلام کیا گیا ہے کہ بکری بھیڑ کے بچہ کو اگر مادہ خنزیز یا کتیا کا دودھ پلا کر بڑا کیا گیا تو وہ بھی جلالہ میں شامل ہے، لیکن اس کو بھی تطہیر (Ritual Purity & Cleansing) کے اسی طریقے (Process) سے گزارا جائے گا جس کا ذکر پہلے ہوا۔(196)

---

195 بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (5/ 40)

ولا يكره أكل الدجاج المخلي وإن كان يتناول النجاسة؛ لأنه لا يغلب عليه أكل النجاسة بل يخلطها بغيرها وهو الحب فيأكل ذا وذا، وقيل إنما لا يكره؛ لأنه لا ينتن كما ينتن الإبل والحكم متعلق بالنتن؛ ----- فهذا يدل على أن الكراهة في الجلالة لمكان التغير والنتن لا لتناول النجاسة.

الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 150-149)

ولا يكره أكل الدجاجة المخلاة وإن كانت تتناول النجاسة، لأنها لا يغلب عليها أكلها، بل تخلطها بالحب.

196 المحيط البرهاني في الفقه النعماني (6/ 75)

ان مواقع میں کسی نے بھی اس عمل کے جائز ناجائز ہونے کو نہیں چھیڑا، البتہ اس کے جلالہ ہونے یا نہ ہونے پر کلام ضرور کیا ہے۔(197)

سوال:

سوال یہ ہے کہ کیا آج کل کی غذائی ضروریات اور گوشت کے حوالے سے مارکیٹ کی طلب (Demand) اس درجے کی ہے کہ جس کو شرعی ضرورت قرار دے کر حیوانات کے لیے ایسی خوراک تیار کرنے اور کھلانے کی اجازت دی جائے کہ جس سے ان کو کم مدت میں بڑا کر کے ذبح کرنے کے لیے تیار کیا جائے۔ مثلاً حیوانات

وعن محمد في الجدي يغذى بلبن الحمار مرة أو مرتين أنه لا يكره، فإذا كثر كره؛ حتى يعلف مدة يحدث فيه مثل هذا السمن، وروي أنه لا يكره؛ لأنه يتغير، ويجب أن تكون مسألة الجدي غذي بلبن الخنزيرعلى الروايتين أيضا، وذكر الحسن في الشاة تشرب خمر أو ما فيه بول أنه يكره ذبحها ساعته حتى تحبس ثلاثة أيام

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (**6/ 340**)

ولو أكلت النجاسة وغيرها بحيث لم ينتن لحمها حلت كما حل أكل جدي غذي بلبن خنزير لأن لحمه لا يتغير، وما غذي به يصير مستهلكا لا يبقى له أثر.

(ولو سقي ما يؤكل لحمه خمرا فذبح من ساعته حل أكله ويكره) زيلعي وصيد وشرح ووهبانية ..... (قوله لأن لحمه لا يتغير إلخ) كذا في الذخيرة، وهو موافق لما مر من أن المعتبر النتن، لكن ذكر في الخانية أن الحسن قال: لا بأس بأكله، وأن ابن المبارك قال: معناه إذا اعتلف أياما بعد ذلك كالجلالة، وفي شرح الوهبانية عن القنية راقما أنه يحل إذا ذبح بعد أيام وإلا لا. **[فرع]**

في أبي السعود: الزروع المسقية بالنجاسات لا تحرم ولا تكره عند أكثر الفقهاء

(قوله حل أكله ويكره) ظاهره أن الكراهة تحريمية، وعليه ينظر الفرق بينه وبين الجلالة التي تأكل النجاسة وغيرها والجدي.

197 الموسوعة الفقهية الكويتية (**5/ 150**)

ويلحق بالجلالة ولدها الذي يوجد في بطنها بعد ذكاتها، إذا وجد ميتا وظهر فيه التغير، وكذلك العنز التي ربيت بلبن كلبة أو خنزيرة إذا تغير – لحمها. فإن علفت الجلالة، أو لم تعلف، فطاب لحمها حل بلا كراهة، لزوال علة الكراهة وهي التغير.

کی خوراک میں پروٹین وغیرہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اینیمل پروٹین پر مبنی غذاء کھلانا؟

جواب:

اس میں دو رائے ہو سکتی ہیں:

ایک یہ کہ اگر انڈسٹری اور مارکیٹ کی ضرورت کو دیکھا جائے کہ مختصر وقت میں زیادہ سے زیادہ مقدار میں گوشت کی پیداوار ہو جائے، اس کو دیکھتے ہوئے اس کی اجازت ہونی چاہیے اس لیے کہ اول تو ہماری معلومات کے مطابق موجودہ دور میں خالص نجاستیں نہیں کھلائی جاتیں، بلکہ ممکنہ طور پر اس میں نجس چیزوں کی ملاوٹ ہو سکتی ہے جس کی وجہ سے حیوانات کی مروجہ خوارک نجس نہیں، بلکہ متنجس میں داخل ہے اور متنجس کھلانا اکثر فقہاء کرام کے نزدیک جائز ہے، نیز اس میں نجاست کی مقدار فیصدی تناسب سے پاک و طاہر کے مقابلے میں بہت کم ہوتی ہے، مقدار کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

دوسری رائے یہ کہ نجاست حرام ہے اور حرام سے نفع اٹھانا منع ہے اس لیے حیوانات کی خوراک میں اس طرح کی نجاستیں ملانا اور ایسی نجس چیزیں حیوانات کو کھلانا جائز نہیں۔

اس میں خالص صورت میں نجس چیز بیچنے، خریدنے اور ملانے کی حد تک تو یہ بات درست ہے۔

لیکن تیار ہونے کے بعد کھلانے کے بارے میں یہ بات اس لیے درست نہیں کہ حیوانات کے لیے تیاری جانے والی خوراک نجس نہیں ہوتی، بلکہ متنجس ہوتی ہے اور انتفاع من النجس ناجائز ہے، انتفاع من المتنجس ہر وقت ناجائز نہیں۔

اس میں یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ شاید یہ تعاون علی الاثم کا سبب بنے، لیکن یہ بات درست نہیں اس لیے کہ جانور مکلف نہیں تو اس میں گناہ کا تصور جانور کے نقطہ نظر سے نہیں آسکتا۔

حیوانات کے لیے تیار کی جانے والی موجودہ خوراک کا شرعی حکم:

عالمی معیارات اور مارکیٹ پریکٹس کے مطابق یہ بات تقریباً حتمی (Confirm) ہے کہ حیوانات کے لیے تیار کی جانے والی خوراک میں ناپاک و نجس چیزیں مغلوب اور پاک و طاہر چیزیں غالب ہوتی ہیں؛ اس لیے متنجس کی جزئیات کو ذہن میں رکھتے ہوئے شرعی طور پر اس کی گنجائش ہے، تاہم اس میں ماہرینِ حیوانات کی آراء مقدم ہوں گی کہ ایسی خوراک کھانے کی وجہ سے اس طرح کی فارمی جانوروں اور مرغیوں کا گوشت انسانی صحت کے لیے مضر نہ ہو۔

اس لیے میری رائے میں اگرچہ اصولی طور پر موجودہ دور میں تیار ہونے والی حیوانات کی مروجہ تیار غیر مضر خوراک (Processed Animal safe Feed) حیوانات کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہونا چاہیے۔ لیکن جائز متبادل اور پاک و حلال خوراک بسہولت تیار ہونے کی وجہ سے اس سے بچنا چاہیے۔ واللہ اعلم(198)

---

198 أسنى المطالب شرح روض الطالب 1 / 568 ط دار الكتاب الإسلامي

بدبوزائل کرنے لیے جلالہ حیوان کا گوشت دھونا یا اس کو پکانا کافی نہیں:

جلالہ کو اگر پاک خوراک کھلا کر بنیاد سے پاک صاف نہیں کیا گیا تو ذبح کرنے کے بعد اس کے گوشت کو دھونے یا پکانے کے مرحلے (Process) سے گزار کر پاک نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی اس کا شرعاً اعتبار ہے۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حلال حرام کے عمومی مسائل کی طرح اس مسئلہ میں بھی خام حالت (Raw Form) کا اعتبار ہوگا ، اس کے تیار شدہ حالت (Processed Form) کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ واللہ اعلم(199)

جلالہ کے انڈوں کا شرعی حکم:

جلالہ کے انڈوں کے بارے میں فقہاء کرام کی مختلف آراء ہیں:(200)

وهذا في مرور الزمان على اللحم فلو مر على الجلالة أيام من غير أن تأكل طاهرا فزالت الرائحة حلت، وإنما ذكر العلف بطاهر؛ لأن الغالب أن الحيوان لا بد له من علف، ووافقه الزركشي قال: ومقتضى قولهم علفت بطاهر أنها لو علفت بمتنجس كشعير أصابه ماء نجس فطاب لحمها لم تحل أي حلا مستوي الطرفين، وليس كذلك قلت: وقد يقال بل لو علفت بنجس العين فطاب لحمها لم تكره، وهو ظاهر كلام المصنف.(ايضاً الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 150)

الفقه الإسلامي وأدلته للزحيلي (4/ 2598)

ولو أكلت الجلالة النجاسة وغيرها بحيث لم ينتن لحمها، حلت، كما حل أكل جدي غذي بلبن خنزير؛ لأن لحمه لا يتغير، وما غذي به يصير مستهلكاً لا يبقى له أثر.

199 الموسوعة الفقهية الكويتية (5/ 150)

ولا يكفي الغسل أو الطبخ للحكم بطيب اللحم. وإذا حرم أو كره أكل الجلالة حرم أو كره سائر أجزائها كبيضها ولبنها، ويكره ركوبها من غير حائل...(نهاية المحتاج 8 / 147 – 148)

200 الموسوعة الفقهية الكويتية (8/ 266) بيض الجلالة: اختلف الفقهاء في حكم أكل بيض الجلالة (وهي التي تتبع النجاسات وتأكلها إذا كانت مخلاة تجول في القاذورات)

جمہور (فقہ حنفی، فقہ شافعی اور فقہ حنبلی) کا موقف:

جمہور یعنی فقہ حنفی، فقہ شافعی اور فقہ حنبلی کے مطابق جلالہ کے انڈے کھانا مکروہ ہے، شوافع کے نزدیک صحیح قول کے مطابق حرام ہیں۔ کیوں کہ یہ انڈے خبائث میں سے ہیں اور حدیث شریف میں جلالہ کے گوشت دودھ سے منع کیا گیا ہے لہٰذا اس کے انڈے کھانا بھی درست نہیں۔

حنابلہ اور شوافع کے ہاں کراہتِ تنزیہی کی روایت بھی ذکر ہے۔ تاہم راجح کراہتِ تحریمی یا حرمت ہے۔(201)

فقہ مالکی کا موقف:

جلالہ کے انڈوں کے بارے میں مالکیہ کا موقف یہ ہے کہ یہ حلال ہے کیوں کہ یہ ایک پاک زندہ جانور سے پیدا ہوتے ہیں۔

---

201 الموسوعة الفقهية الكويتية (8/ 266)

فبنى الحنفية والشافعية في الصحيح الحكم على تغير لحمها ونتنه، فإن تغير ووجدت منها رائحة منتنة كره أكل بيضها عند الحنفية، وحرم الأكل في الصحيح عند الشافعية؛ لأنها صارت من الخبائث، ولنهي النبي صلى الله عليه وسلم عن أكل لحم الجلالة وشرب لبنها. (أخرجه أبو داود) وقيد الحنابلة وبعض الشافعية حرمة أكل بيض الجلالة بما إذا كان أكثر علفها النجاسة للحديث الوارد في ذلك. وقال بعض الشافعية: يكره أكل بيض الجلالة كراهة تنزيه؛ لأن النهي إنما هو لتغير اللحم، وهو لا يوجب التحريم. قالوا: وهو الأصح، وهو رواية عند الحنابلة. (البدائع 5 / 40 وابن عابدين 5 / 195، 216، ومراقي الفلاح ص 18، والحطاب 1 / 92، ونهاية المحتاج 8 / 147، ومغني المحتاج 4 / 304، وشرح منتهى الإرادات 3 / 399، والمغني 8 / 593، 594.)

واضح رہے کہ اگر کوئی حلال حیوان جلالہ نہیں، بلکہ کبھی کبھی نجاست کھاتا ہے، جس کی وجہ سے اس میں بدبو پیدا نہیں ہوتی تو اس کے انڈے بالاتفاق حلال ہیں۔(202)

شوافع اور حنابلہ کے ہاں علت ممانعت للجلالہ نجاست ہے کہ استحالہ کو وہ مانتے نہیں اور نجس یہاں برقرار ہے اس لیے اس میں انھوں نے عدمِ جواز کی تعلیل نجس سے کی۔(203)

جلالہ کے دودھ کا شرعی حکم:

جلالہ کے دودھ کا وہی حکم ہے جو اس کے گوشت کا ہے، لہٰذا جمہور یعنی فقہ حنفی، شافعی اور حنبلی کے مطابق جلالہ کا دودھ استعمال کرنا مکروہ ہے۔ شوافع اور حنابلہ کی بعض روایتوں کے مطابق حرام ہے لیکن کراہت کو قول زیادہ راجح ہے۔

سوال: جلالہ کے گوشت، دودھ، انڈوں وغیرہ کی کراہت سے مراد مکروہِ تحریمی ہے یا تنزیہی؟

---

202 الموسوعة الفقهية الكويتية (8/ 266)

والمختار عند المالكية، أنه يحل أكل بيضها لتولده من حي، وكل حي طاهر. وإن لم يتغير لحم الجلالة ولم ينتن، بأن كانت تخلط ولم يكن أكثر علفها النجاسة حل أكل بيضها باتفاق.(الدسوقي 1 / 50)

203 الموسوعة الفقهية الكويتية (29/ 107)

فذهب الشافعية والحنابلة إلى أنه لا يطهر نجس العين بالاستحالة، لأن النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن أكل الجلالة وألبانها ؛ لأكلها النجاسة، ولو طهرت بالاستحالة لم ينه عنه.

الموسوعة الفقهية الكويتية (30/ 63)

وأما كراهة عرق الدجاجة المخلاة فلعدم تحاميها النجاسة، ويصل منقارها إلى ما تحت رجليها، ويلحق بها الإبل والبقر الجلالة،

جواب: دونوں طرح کے اقوال ملتے ہیں لیکن زیادہ ترجیح کراہتِ تحریمی کو دی گئی ہے۔(204)

جلالہ کے حکم میں جمہور اور فقہ مالکی کے درمیان اختلاف کی وجہ:

سوال: جلالہ جمہور کے ہاں ناجائز ہے، اور فقہ مالکی میں بلا کراہت جائز ہے، اس اختلاف کی وجہ کیا ہے؟

جواب: جلالہ کے حکم میں جمہور اور فقہ مالکی کے درمیان اختلاف کی اصل وجہ اثرِ صحابی یعنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت اور قیاس کا آپس میں تعارض (Conflict) ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلالہ اونٹ کے گوشت کانے، اور اس پر سواری کرنے منع کیا ہے۔

جبکہ اس کے مقابلے میں قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ جو چیز بھی حیوان کے پیٹ میں چلا جاتا ہے وہ ہضم ہو کر گوشت میں تبدیل (Convert) ہو جاتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ

---

204 الموسوعة الفقهية الكويتية (35/ 197)

الجلالة ذات اللبن مما يؤكل لحمه كالإبل أو البقر أو الغنم التي يكون أغلب أكلها النجاسة كره شرب لبنها الحنفية والحنابلة وهو الأصح عند الشافعية – كما قال النووي – إذا ظهر نتن ما تأكله في ريحها وعرقها. ومقابل الأصح عند الشافعية أن شرب لبنها حرام، والأصل في ذلك ما رواه ابن عمر رضي الله عنهما قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن أكل الجلالة وألبانها (أخرجه الترمذي) ". ولأن لحمها إذا تغير يتغير لبنها. وعند المالكية لبن الجلالة طاهر، ولا يكره شربه، كما رخص الحسن في لحومها وألبانها، لأن الحيوانات لا تنجس بأكل النجاسات بدليل أن شارب الخمر لا يحكم بتنجيس أعضائه.

(3 بدائع الصنائع 5 / 40، وحاشية ابن عابدين 5 / 216، وجواهر الإكليل 1 / 216 – 217، ومغني المحتاج 4 / 304، وأسنى المطالب 1 / 568، والمغني 8 / 593 – 594)

خوراک کوئی بھی ہو لیکن جب وہ حلال جانور کا جزء بن گیا تو وہ بھی حلال ہونا چاہیے۔

اس لیے:

- مالکیہ نے قیاس پر عمل کرتے ہوئے انقلابِ ماہیت کے پیشِ نظر اس کو حلال قرار دیا۔
- حنابلہ نے حضرت ابنِ عمرؓ کی روایت میں وارد ممانعت کو حرمت پر محمول کیا اور اس کو حرام قرار دیا، ان کے نزدیک جب گوشت نجس کھانے سے پیدا ہوا تو وہ بھی نجس ہے، جیسا کہ ان کے نزدیک جلی ہوئی نجس چیز کی راکھ بھی نجس ہے۔
- حنفیہ اور شافعیہ نے روایت اور قیاس کے تعارض کے پیشِ نظر اس ممانعت کو کراہت پر محمول کیا۔ جس کی تفصیل گزر چکی ہے۔(205)

---

205 الفقه الإسلامي وأدلته للزحيلي (4/ 2597)

وسبب اختلافهم معارضة القياس للأثر. أما الأثر فهو ما روى ابن عمر: «نهى النبي صلّى الله عليه وسلم عن أكل الجلالة وألبانها» (رواه أحمد وأبو داود والترمذي) ...عن عبد الله بن عمرو: «نهى رسول الله صلّى الله عليه وسلم عن الإبل الجلالة أن يؤكل لحمها، ولا يحمل عليها إلا الأدمُ (الجلود المدبوغة)، ولا يركبها الناس حتى تعلف أربعين ليلة».

الفقه الإسلامي وأدلته للزحيلي (4/ 2598)

وأما القياس المعارض لهذا: فهو أن ما يرد جوف الحيوان ينقلب إلى لحم، فالمالكية القائلون بالحل نظروا إلى الانقلاب أو التحول إلى لحم، كانقلاب الدم لحماً. والحنابلة أخذوا بظاهر النهي المقتضي للتحريم، ولأن اللحم يتولد من النجاسة، فيكون نجساً، كرماد النجاسة. والحنفية والشافعية حملوا الحديث على الكراهة التنزيهية. وعبارة الحنفية: يكره لحم الجلالة ولبنها، كما يكره لحم الأتان ولبنها ولبن الخيل، وبول الإبل، وأجازه (أي بول الإبل ولحم الفرس) أبو يوسف للتداوي به. وتحبس الجلالة حتى يذهب نتن لحمها، وقدر بثلاثة أيام لدجاجة، وأربعة لشاة، وعشرة لإبل وبقر على الأظهر.

الفقه الإسلامي وأدلته للزحيلي (4/ 2598)

جلالہ کے بارے میں بحث کا خلاصہ

- اللہ تعالیٰ نے انسان کو عقل کی نعمت سے نوازا کر اشرف المخلوقات بنایا۔ اور اسی عقل کی وجہ سے تمام مخلوقات میں صرف انسان کو مکلف بنایا۔
- حیوانات شرعی احکام کے مکلف نہیں۔
- تمام حیوانات اپنی جبلی و فطری شعور کے تحت زندگی گزارتے ہیں۔ اور اپنی فطرت سے حیوانات روگردانی نہیں کرتے۔
- حیوانات شریعت کے مخاطب نہیں، اس لیے شریعت نے مقصود بالذات حیوانات کی خوارک سے بحث نہیں کی۔
- حیوانات کی خوراک کے معاملے میں جہاں کہیں بھی انسان خصوصاً مسلمان کی مداخلت (Involvement) ہوگی وہاں شریعت متوجہ ہوگی۔
- اگر حیوانات کی خوارک میں انسان کا عمل دخل تو نہیں لیکن اس کی وجہ سے انسانوں کی خوراک کا مسئلہ پیش آسکتا ہے تو وہاں پر بھی شریعت نے راہنمائی کی ہے۔
- انسان جو کچھ کھاتا ہے اس کی اثر اس کے جسم میں آجاتا ہے، لہٰذا جس قسم کے حیوانات کا گوشت انسان کھائے گا اسی حیوان کا اثر اس کی فطرت و عادت میں ظاہر ہوگا۔
- کچھ حیوانات کا نام لے کر حکم بتایا گیا اور باقی حیوانات کی حلت و حرمت کے لیے اصول وضوابط بیان کیے۔
- حیوانات کی خوراک کے بارے میں شرعی نقطہ نظر سے بنیادی طور پر تین جہات سے بحث کرنا ضروری ہے۔ حیوانات کے لیے مختلف قسم کی خوراک کی تیاری، کاروبار، حیوانات کو کھلانا اور کھلانے کے بعد ان کے گوشت وغیرہ کا شرعی حکم

- حیوانات کی خوراک میں نجاست کی ممانعت انسان کی مداخلت اور فوڈ سیفٹی کی وجہ سے ہے۔
- "جلالہ" شریعت میں واحد مثال ہے جس میں شریعت نے کسی حیوان کی ذات، نوع یا نسل پر براہِ راست حکم نہیں لگایا، بلکہ یہ وہ حلال حیوانات ہیں، جو اصلاً تو حلال ہیں لیکن ان کی خوراک کی وجہ سے شریعت نے اس کے بارے میں تفصیلی احکام بیان کیے۔
- "جلالہ" حیوانات کے احکام جدید فوڈ انڈسٹری، مثلاً میٹ انڈسٹری، ڈیری انڈسٹری، کنفیکشنری انڈسٹری، لیدر انڈسٹری، آئل انڈسٹری، را میٹیریل انڈسٹری، فارما انڈسٹری وغیرہ کی طرف متوجہ ہیں۔
- اصطلاح میں "جلالہ" اس حیوان کو کہتے ہیں جس کی مستقل خوراک ناپاک اور گندی چیزیں ہوں، چاہے وہ مستقل طور پر خود کھاتا ہو یا کسی حیوان کو کھلایا جاتا ہو۔ جس کے نتیجے میں اس کے جسم سے اس کے گوشت دودھ وغیرہ متغیر ہو کر ان کے ذائقہ، رنگ یا بو (Taste, color, Smell) میں بدبو پیدا آنے لگے۔ بدبو کا علم ابتدائی طور پر اس کے پسینے سے ہوتا ہے۔
- بدبو سے مراد اسی نجاست کی بدبو ہے جو کھائی ہے، مطلقاً بدبو مراد نہیں۔
- واضح رہے کہ اگر کسی جانور نے ایک آدھ دفعہ کوئی گندی چیز خود کھائی یا اسے کھلائی گئی تو وہ "جلالہ" نہیں، بلکہ جلالہ کے لیے ضروری ہے کہ اس کی مستقل یا غالب خوراک نجس اور غلیظ چیزیں ہوں اور ان کی وجہ سے بدبو پیدا ہو۔
- جمہور فقہاء کرام کے نزدیک جب نجاست کھانے کے وجہ سے "جلالہ" حیوان سے بدبو آنے لگے تو اس کا گوشت کھانا، اس کا دودھ پینا، اس کا انڈہ کھانا وغیرہ مکروہ ہے۔ شوافع

کے ایک قول اور حنابلہ کی ایک روایت کے مطابق جلالہ کا گوشت کھانا اور اس کا دودھ پینا حرام ہے۔

- مالکیہ کے نزدیک "جلالہ" کے اندر کوئی کراہت نہیں، چاہے اس کی خوراک کچھ بھی ہو اور چاہے اس سے بدبو آئے یا نہ آئے۔
- حضرت حسن بصریؒ کے قول کے مطابق "جلالہ" جانوروں کے گوشت، دودھ وغیرہ کا استعمال جائز ہے۔
- اگر کوئی حلال حیوان ناپاک و گندی چیزیں کھاتا ہو لیکن اس کی وجہ سے اس میں بدبو پیدا نہ ہو تو اس صورت میں شوافع کے نزدیک وہ مکروہ نہیں، اگرچہ اس کی خوراک صرف نجس چیزیں ہی کیوں نہ ہوں۔
- شوافع نے مدار حیوان کی خوراک کو نہیں بنایا، بلکہ اس کے اوپر مرتب ہونے والے اثرات کو مدار بنایا کہ اگر بدبو ہے تو جلالہ ہے، بدبو نہیں تو جلالہ نہیں۔
- حنابلہ کے نزدیک اگر کسی حیوان کی مکمل یا اکثر خوراک نجاست و گندگی ہو تو وہ "جلالہ" ہے اور اس کا گوشت کھانا، دودھ پینا، انڈے کھانا وغیرہ سب منع ہے، چاہے اس سے بدبو آئے یا نہ آئے۔
- حنابلہ نے مدار حیوان کی خوراک کو بنایا ہے اس کے اوپر مرتب ہونے والے اثرات کو نہیں بنایا۔ اگر خوراک نجاست ہے تو یہ جلالہ اور ناجائز ہے، خوراک نجاست نہیں تو ناجائز نہیں۔
- مالکیہ کے نزدیک "جلالہ" کے اندر کوئی کراہت نہیں، چاہے اس کی خوراک کچھ بھی ہو اور چاہے اس سے بدبو آئے یا نہ آئے۔

- احناف کے نزدیک بھی اگر گندگی و نجاست کھانے کی وجہ سے حلال حیوان کے اندر بدبو پیدا ہو تو اس کا گوشت، دودھ، انڈے وغیرہ مکروہ ہیں۔
- احناف نے مدار اس حیوان کی خوراک و نتائج دونوں کو بنایا ہے۔
- شوافع کے نزدیک اونٹ کو چالیس دن، گائے بھینس کو تیس دن، بھیڑ بکری کو سات دن اور مرغی وغیرہ کو تین دن تک بند رکھا جائے گا۔
- اور اس کو اس دوران پاک صاف خوراک کھلا کر بعد میں ذبح کر کے گوشت کھانا یا اس کا دودھ وغیرہ استعمال کرنا جائز ہے۔
- احناف کے نزدیک اونٹ، گائے بھینس کو دس دن، بھیڑ بکری کو چار دن اور مرغی وغیرہ کو تین دن تک بند رکھا جائے گا۔ اور اس کو اس دوران پاک صاف خوراک کھلا کر بعد میں ذبح کر کے گوشت کھانا یا اس کا دودھ وغیرہ استعمال کرنا جائز ہے۔
- امام ابو حنیفہ اور صاحبین کی ایک روایت کے مطابق اس مسئلہ میں کوئی خاص مدت متعین نہیں، بلکہ ہر جانور کو اس کی جسامت کے حساب سے اس وقت تک بند رکھا جائے گا، جب تک اس کی بدبو زائل نہ ہو۔
- حنابلہ کی ایک روایت کے مطابق ہر قسم کے جلالہ حیوان کو تین دن بند رکھا جائے گا چاہے وہ جانور ہو یا پرندہ، چھوٹا ہو یا بڑا،
- دوسری روایت یہ ہے کہ اونٹ اور گائے کو چالیس روز تک بند رکھا جائے گا اور اس کو اس دوران پاک صاف خوراک کھلا کر بعد میں ذبح کر کے گوشت کھانا یا اس کا دودھ وغیرہ استعمال کرنا جائز ہے۔

- اس مسئلہ میں امام ابو حنیفہ اور صاحبین کی یہ رائے زیادہ راجح ہے کہ اس مسئلہ میں کوئی خاص مدت متعین نہیں، بلکہ ہر جانور کو اس کی جسامت کے حساب سے اس وقت تک بندر کھا جائے گا، جب تک اس کی بدبو زائل نہ ہو۔
- بندہ کی رائے میں عصرِ حاضر میں علومِ حیوانات (veterinary sciences) اور ماہرینِ حیوانات (veterinarians) کی آراء کی روشنی میں متعلقہ حیوان کے نظام انہضام اور جسامت وغیرہ کے حساب سے نجاست کے اثرات کو زائل کرنے کے لیے جلالہ پرندوں، چھوٹے جانوروں، بڑے جانوروں اور اونٹ وغیرہ کو جتنا وقت درکار ہو اسی کو معیار بنایا جائے گا۔
- جلالہ جانور پر بغیر کسی حائل کے بیٹھ کر سواری کرنا مکروہ ہے۔
- حنفیہ کے نزدیک جلالہ جانور کا جھوٹا استعمال کرنا مکروہ ہے۔
- حنفیہ کے نزدیک جلالہ جانور کی قربانی کرنا جائز نہیں، بشرطیکہ اس کی خوراک صرف نجاست ہو۔
- گھریلو پالتو حلال حیوانات، مثلاً مرغی، بطخ، بھیڑ بکری، گائے بھینس اونٹ وغیرہ جو کبھی کبھی نجس چیزیں کھا جاتے ہیں، جلالہ کے حکم میں داخل نہیں۔
- گھریلو پالتو حلال حیوانات کے گوشت، دودھ، انڈوں وغیرہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور ان کا استعمال جائز ہے۔
- فقہ اسلامی میں ایسی مثالیں ملتی ہیں کہ بکری بھیڑ کے بچہ کو اگر مادہ خنزیز یا کتیا کا دودھ پلا کر بڑا کیا گیا تو وہ بھی جلالہ میں شامل ہے۔
- آج کل کی غذائی ضروریات اور گوشت کے حوالے سے مارکیٹ کی طلب (Demand) اس درجے کی ہے کہ جس کو شرعی ضرورت قرار دے کر حیوانات

کے لیے ایسی خوراک تیار کرنے اور کھلانے کی اجازت دی جائے کہ جس سے ان کو کم مدت میں بڑا کر کے ذبح کرنے کے لیے تیار کیا جائے۔ مثلاً حیوانات کی خوراک میں پروٹین وغیرہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پروٹین پر مبنی غذاء کھلانا۔

- موجودہ دور میں رائج معیارات کے مطابق خالص نجاستیں نہیں کھلائی جاتیں، بلکہ ممکنہ طور پر اس میں چیزوں کی ملاوٹ کے بعد متنجس میں داخل ہے اور متنجس کھلانا اکثر فقہاء کرام کے نزدیک جائز ہے، نیز اس میں نجاست کی مقدار فیصدی تناسب سے پاک وطاہر کے مقابلے میں بہت کم ہوتی ہے۔
- عالمی معیارات اور مارکیٹ پریکٹس کے مطابق یہ بات تقریباً حتمی (Confirm) ہے کہ حیوانات کے لیے تیار کی جانے والی خوراک میں نجس مغلوب ہوتا ہے اور طاہر چیزیں غالب ہوتی ہیں؛ اس لیے متنجس کی جزئیات کو ذہن میں رکھتے ہوئے شرعی طور پر اس کی گنجائش ہے، تاہم اس میں ماہرینِ حیوانات کی آراء مقدم ہوں گی کہ ایسی خوراک کھانے کی وجہ سے اس طرح کی فارمی جانوروں اور مرغیوں کا گوشت انسانی بدن کے لیے مضر نہ ہو۔
- حیوانات کی خوراک میں خنزیر کے اجزاء کسی بھی مقصد کے لیے ملانا اور ایسی خوراک کھلانا جائز نہیں۔
- بندہ کی رائے میں اگرچہ اصولی طور پر موجودہ دور میں تیار ہونے والی حیوانات کی مروجہ تیار خوراک (Processed Animal Feed) حیوانات کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہونا چاہیے۔ لیکن جائز متبادل اور پاک وحلال خوراک بسہولت تیار ہونے کی وجہ سے اس سے بچنا چاہیے۔

- جلالہ کو اگر شروع سے پاک صاف نہیں کیا گیا تو ذبح کرنے کے بعد اس کے گوشت کو دھونے یا پکانے کے مرحلے (Process) سے گزار کر پاک نہیں کیا جاسکتا۔ اور نہ ہی اس کا شرعاً اعتبار ہے۔
- حلال حرام کے عمومی مسائل کی طرح اس مسئلہ میں بھی خام حالت (Raw Form) کا اعتبار ہو گا، اس کے تیار شدہ حالت (Processed Form) کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ واللہ اعلم
- جمہور یعنی فقہ حنفی، فقہ شافعی اور فقہ حنبلی کے مطابق جلالہ کے انڈے کھانا مکروہ ہے۔
- حنابلہ اور شوافع کے ہاں کراہتِ تنزیہی کی روایت بھی ذکر ہے۔ تاہم راجح کراہتِ تحریمی یا حرمت ہے۔
- جلالہ کے انڈوں کے بارے میں مالکیہ کا موقف یہ ہے کہ یہ حلال ہے کیوں کہ یہ ایک پاک زندہ جانور سے پیدا ہوتے ہیں۔
- شوافع اور حنفیہ کے ہاں علت ممانعت للجلالہ استخباث ہے۔
- حنابلہ کے ہاں علت ممانعت للجلالہ نجاست ہے کہ استحالہ کو وہ مانتے نہیں اور نجس یہاں برقرار ہے تو جلالہ بھی نجس ہے۔
- جلالہ کے دودھ کا وہی حکم ہے جو اس کے گوشت کا ہے۔
- جلالہ کے گوشت، دودھ، انڈوں وغیرہ کی کراہت سے مراد مکروہِ تحریمی ہے یا تنزیہی، دونوں طرح کے اقوال ملتے ہیں لیکن زیادہ ترجیح کراہتِ تحریمی کو دی گئی ہے۔
- جلالہ کے حکم میں جمہور اور فقہ مالکی کے درمیان اختلاف کی اصل وجہ اثرِ صحابی یعنی حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت اور قیاس کا آپس میں تعارض ہے۔

- حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلالہ اونٹ کے گوشت کانے، اور اس پر سواری کرنے منع کیا ہے۔
- اس وجہ سے حنابلہ نے ابنِ عمر کی روایت میں وارد ممانعت کو حرمت پر محمول کیا اور اس کو حرام قرار دیا، ان کے نزدیک جب گوشت نجس کھانے سے پیدا ہوا تو وہ بھی نجس ہے، جیسا کہ ان کے نزدیک جلی ہوئی نجس چیز کی راکھ بھی نجس ہے۔
- حنفیہ اور شافعیہ نے روایت اور قیاس کے تعارض کے پیشِ نظر اس ممانعت کو کراہت پر محمول کیا۔
- روایت کے مقابلے میں قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ جو چیز بھی حیوان کے پیٹ میں جاتی ہے وہ ہضم ہو کر گوشت میں تبدیل (Convert) ہو جاتی ہے۔ اور ظاہر ہے کہ خوراک کوئی بھی ہو لیکن جب اس سے حلال جانور کا گوشت بن گیا تو وہ بھی حلال ہونا چاہیے۔ اس لیے مالکیہ نے قیاس پر عمل کرتے ہوئے انقلابِ ماہیت کے پیشِ نظر اس کو حلال قرار دیا۔
- اشیاء کے اندر قلبِ ماہیت اور اس کی بنیاد پر ناپاک اشیاء کے پاک ہونے کا فیصلہ شریعت کے ماہر مفتیانِ کرام کرینگے۔
- واضح رہے کہ حیوانات (جلالہ وغیرہ) کی درجِ بالا تفصیل خوراک بنانے اور کھلانے کے بارے میں تھی لیکن ایسے حیوانات کا گوشت حلال ہے جن کی خوراک میں اگرچہ نجاست یا متنجس کی کچھ مقدار موجود ہو ہو مگر اس کی وجہ سے ان کے گوشت میں بدبو پیدا نہ ہوئی ہو۔
- اگر حلال حیوانات کے گوشت میں حرام غذا اور نجاست وغیرہ کھانے سے بدبو پیدا ہو جائے، تو ان کو اتنی مدت بند رکھ کر اور حلال غذا دینا ضروری ہے کہ بدبو زائل

ہو جائے، بدبو زائل ہونے سے قبل ذبح کر دیا تو اس کا گوشت کھانا مکروہ اور ناجائز ہو گا۔

- طبی ماہرین کی رائے میں اگر کسی چیز کا مضر صحت ہونا ثابت ہو جائے تو وہ شرعاً بھی ممنوع ہے اور حکومت اس چیز کے استعمال پر نہ صرف پابندی لگا سکتی ہے، بلکہ بسا اوقات ضروری ہے۔
- موجودہ دور میں کسی جانور یا مرغی کو اس کے لیے تیار خوراک کی بنیاد پر جلالہ قرار دینا مشکل ہے اس لیے موجودہ فارمی حیوانات پر جلالہ کے احکام جاری کرنا درست نہیں۔

ساتواں باب

حیوانات کی خوراک سے متعلق

مروجہ معیارات کا جائزہ:

حیوانات کی خوراک مختلف ذرائع سے حاصل ہوتی ہے ان میں نباتات، حیوانات ، جمادات ومعدنیات وغیرہ شامل ہیں۔ دیگر ذرائع کی طرح حیوانات کی خوراک میں حیوانات ہی سے حاصل شدہ بعض چیزیں شامل کی جاتی ہیں۔

اس حوالے سے اقوامِ متحدہ کی ایک رپورٹ میں لکھا ہے کہ حیوانات سے حاصل شدہ پروٹین ماہرین کے نزدیک حیوانات کی خوراک میں شامل ہونے والی ایک اہم اور مفید چیز ہے۔(206)

مروجہ معیارات میں اجزائے ترکیبی کے اعتبار سے حیوانات کی خوراک درجِ ذیل چیزوں سے بن سکتی ہے:

206 http://www.fao.org/docrep/007/y5019e/y5019e0g.htm

Animal proteins are an important class of ingredients for animal nutritionists to use in feed formulas.

حیوانات کی خوراک کے لیے بارے میں پنجاب حکومت کے ایکٹ 2016 کا جائزہ:

حیوانات کی خوراک کے لیے جاری کی گئی پنجاب حکومت کے ایکٹ 2016

THE PUNJAB ANIMAL FEED STUFF AND COMPOUND FEED ACT 2016

کے مطابق حیوانات کی خوراک میں غذائی مواد اور اجزائے ترکیبی (جو حیوانات کو براہ راست بھی کھلائی جاسکتی ہیں اور ان سے حیوانات کی مرکب خوراک بھی تیار ہوسکتی ہے) کی تفصیل درجِ ذیل ہے:

- **گھاس/چارہ: (roughages)** اس میں ہری تازہ گھاس چارہ، اور خشک گھاس اور بھوسہ وغیرہ شامل ہیں۔

میکرو اجزاءترکیبی:(macro-ingredients)

- مختلف قسم کا اناج (cereals or coarse grains)، مثلاً مکئ، ٹوٹا چاوَل، گندم اور جو وغیرہ شامل ہیں۔
- نباتاتی پروٹین کے ذرائع: (vegetable protein) ان میں کپاس کے بیج، بنولہ کھل، کنولہ، سن فلاور، سویا بین، تِل، السی، مکئ، پام، وغیرہ کا تیل، کھل کیک ان سے تیار شدہ حیوانات کی خوراک، چاوَل، گندم، مختلف قسم کی

دالیں، روٹی کے ٹکڑے اور کنفیکشنری انڈسٹری کا بچا ہوا فضلہ (waste) اور ذیلی مصنوعات(byproducts) شامل ہیں۔

- حیواناتی پروٹین کے ذرائع: (animal protein) ان میں مچھلی، خون، گوشت، جانوروں کے پر، پولٹری کی ذیلی مصنوعات، گوشت اور ہڈیوں کا پس ماندہ(SCRAP) اور اس کی ذیلی مصنوعات وغیرہ سے تیار شدہ حیوانات کی خوراک شامل ہے۔
- انڈسٹریل اور زرعی اشیاء اور ان کی ذیلی مصنوعات (industrial and agricultural products or by-products) جن میں مولاسز، روغنیات، تیل، ڈائی کیلشیم فاسفیٹ، لائم سٹون، ماربل پاؤڈر، اوئیسٹر کے چھلکے(oyster shell)، گنے اور چقندر کا بھوسہ (bagasse)، مکئی کے بھٹے وغیرہ سے تیار شدہ خوراک شامل ہے۔(207)

---

207 THE PUNJAB ANIMALS FEED STUFF AND COMPOUND FEED ACT 2016 (LVII OF 2016)

3. Feed stuff or feed ingredient to be used in compound feed. – (1) The feed stuff or feed ingredient to be used for feeding the livestock or the manufacture of compound feed for poultry and livestock, may include the following:

(a) roughages:
green fodder, silage, hay, treated or untreated wheat straw;

(b) macro-ingredients:

(i) cereals or coarse grains:
maize or corn, broken rice (toota), nakoo, sorghum or milo, wheat, barley;

مائیکرو اجزاء ترکیبی:(micro-ingredients)

- وٹامنز (Vitamins) :

اس میں vitamin A, vitamin B3, vitamin D3, vitamin E, vitamin K3, thiamine, riboflavin, pantothenic acid, niacin, pyridoxine, biotin, choline, folacin, vitamin B12 شامل ہیں۔

- معدنیات اور نمکیات وغیرہ:

اس میں کیلشیم، فاسفورس، پوٹاشیم، سوڈیم، کلورین، کاپر، آیوڈین، آئرن، میگنیشیم، سیلینئم، زنک، فیرس، کوبالٹ وغیرہ۔(208)

(ii) vegetable protein sources which mean cotton seed meal or cake (Khal Banola), rapeseed or canola meal or cake, sunflower meal or cake, soybean meal, sesame cake (til cake) or meal, linseed cake, maize or corn oil cake, maize or corn gluten feed, maize or corn gluten meal, palm-kernel cake, rice polishing, rice protein meal, wheat bran, rice bran meal, matri, guar meal, pulses meal, Naan or roti tukra, confectionaries waste or byproducts;

(iii) animal protein sources which means fish meal, blood meal, meat meal, feather meal or poultry byproduct meal, meat and bone scraps or byproducts; and

(iv) industrial and agricultural products or by-products which mean molasses, fats and oils, di-calcium phosphate, limestone, marble powder, natural products, oyster shell, bone meal, bagasse, straws, stovers, hulls, cobs, fruit, barseem meal;

208 THE PUNJAB ANIMALS FEED STUFF AND COMPOUND FEED ACT 2016 (LVII OF 2016)

(c) micro-ingredients:

(i) vitamins:

- amino acids

فیڈ میں ڈھلنے والے اضافی اجزاء:(feed additives)

- اس میں مختلف قسم کے انزئمز، ایسٹ اور ڈرگز وغیرہ شامل ہیں۔
- پنجاب فیڈ ایکٹ کے مطابق حیوانات کی خوراک میں خنزیز کے کسی بھی قسم کے اجزاءِ ترکیبی شامل کرنا منع ہے۔(209)

نوٹ: ان اقسام کے شرعی احکام باب کے آخر میں آرہے ہیں۔

---

vitamin A, vitamin B3, vitamin D3, vitamin E, vitamin K3, thiamine, riboflavin, pantothenic acid, niacin, pyridoxine, biotin, choline, folacin, vitamin B12;

(ii) mineral compounds or salts:
calcium, phosphorus, potassium, sodium, chlorine, copper, iodine, iron, magnesium, manganese, selenium, zinc, ferrous, cobalt; and

(iii) amino acids;

209 THE PUNJAB ANIMALS FEED STUFF AND COMPOUND FEED ACT 2016 (LVII OF 2016)

(d) feed additives:

(i) coccidiostats, antioxidants, enzymes, anti-fungal or antitoxin products;

(ii) live yeast, by-pass fats;

(iii) premixes; and

(iv) drugs.

(2) The Government may, by notification, declare any feed stuff to be used in the manufacture of compound feed for poultry and livestock, other than those mentioned under subsection (1).

(3) The manufacturer shall include any feed stuff as mentioned in clauses (a), (b), (c) and (d) of subsection (1), in order to meet the nutritive requirements in the given animal compound feed.

(4) The use of any feed stuff of porcine origin in compound feed is prohibited.

"پاکستان سٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی" کی طرف سے تیار کردہ پولٹری فیڈز کے معیار PS: 233 کا جائزہ:

"پاکستان سٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی" کی طرف سے تیار کردہ پولٹری فیڈز کے معیار PS: 233 کے مطابق اجزاء ترکیبی اور خام مال کے اعتبار سے مرغیوں کی خوراک مختلف چیزوں سے تیار ہو سکتی ہے جن کی تفصیل ذیل میں ذکر کرتے ہیں:

مچھلیوں سے تیار ہونے مرغیوں کی خوراک (Fish Meal)

خون سے بننے والی مرغیوں کی خوراک (Blood Meal)

گوشت سے بننے والی مرغیوں کی خوراک (Meat Meal)

مرغی کی آلائشوں اور اس کے دوسرے اجزاء سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک (Poultry By Product Meal)

پولٹری فیڈز کے پاکستانی معیار PS: 233 کے مطابق مذکورہ اشیاء کی تفصیل درجِ ذیل ہے:

TABLE-IV

NUTRIENTS LEVELS OF ANIMAL PROTEIN SOURCES

Ingredients/ Feedstuffs	Moisture% (Max.)	Crude Protein % (Min.)	Crude Fat % (Min.)	Crude Fiber % (Max.)	Total Ash % (Max.)
Fish Meal	10	44	5	1.5	26
Blood Meal	10	60	15	3	6.2
Meat Meal	6	41	7	3.5	22
Poultry by Product Meal	10	45	10	1	8

مختلف قسم کے شیرہ جات / رس / عرق سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک

(Molasses)

مختلف قسم کے نباتاتی تیل سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک (Vegetable Oil)

پولٹری فیڈز کے پاکستانی معیار PS: 233 کے مطابق مذکورہ دو چیزوں کی تفصیل درجِ ذیل ہے:

NUTRIENTS LEVELS OF INDUSTRIAL & AGRICULTURAL PRODUCTS & BY PRODUCTS

Ingredients/ Feedstuffs	Moisture% (Max.)	Crude Protein % (Min.)	Crude Fat % (Min.)	Crude Fiber % (Max.)	Total Ash % (Max.)
Molasses	26	1	-	-	12
Vegetable Oil	0.1	0	99.9	-	-

مختلف قسم کے اناج، دانے وغیرہ سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک (Cereals / Coarse Grains)

پولٹری فیڈز کے پاکستانی معیار PS: 233 کے مطابق اس کی تفصیل درجِ ذیل ہے:

TABLE-II

NUTRIENTS LEVELS OF CEREALS / COARSE GRAINS

Ingredients/ Feedstuffs	Moisture% (Max.)	Crude Protein % (Min.)	Crude Fat % (Min.)	Crude Fiber % (Max.)	Total Ash % (Max.)	Aflatoxin B_1 (PPb) (Max.)
Maize	13	8	3	4	2.5	50
Rice Broken	12.5	7	1	4	2	10
Sorghum	12	9	2	4	2.7	10
Wheat	12.5	10	1	5	2.5	10
Barley	12.5	8	2	10	3.5	10

مختلف قسم کے نباتاتی پروٹین کے ذرائع سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک

(Vegetable Protein Sources)

پولٹری فیڈز کے پاکستانی معیار PS: 233 کے مطابق اس کی تفصیل درجِ ذیل ہے:

TABLE-III

NUTRIENTS LEVELS OF VEGETABLE PROTEIN SOURCES

Ingredients/ Feedstuffs	Moisture % (Max.)	Crude Protein % (Min.)	Crude Fat % (Min.)	Crude Fiber % (Max.)	Total Ash % (Max.)	Aflatoxin B_1 (PPb) (Max.)
Cotton Seed Meal	10	35	1	13	6	200
Rape Seed Meal	10	32	1	13	7	20
Canola Meal	10	32	1	12	7	20
Sunflower Meal	10	22	1	24	8	200
Soya bean Meal	12	42	1	8	7	20

Sesame Meal	10	35	1	8	12	20
Linseed Oil Cake	10	25	5	10	7	50
Maize Oil Cake	10	16	7	14	4	100
Maize Gluten Feed	10	20	1	9	8	100
Maize Gluten Meal	10	52	1	1	3	100
Rice Polishing	12	10	13	12	10	50
Rice Protein Meal	10	30	2	2.5	3.5	20
Wheat Bran	12	12	4	11	7.5	20
Rice Bran Meal	12	12	0.2	14	12	50
Matri	10	22	1.8	8	3.5	20
Guar Meal	10	38	4.5	12	7	50
Pulses Meal	10	18	2.5	20	8	50

تیزابی نمک سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک (Di calcium)

چونے کے پتھر سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک (Limestone)

ماربل پاؤڈر سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک (Marble Powder)

ہڈیوں سے بننے والی مرغیوں کی خوراک (Bone Meal)

پولٹری فیڈز کے پاکستانی معیار PS: 233 کے مطابق اس کی تفصیل درجِ ذیل ہے:

([210])

TABLE-VI

NUTRIENTS LEVELS OF MINERAL SOURCES

Ingredients	Calcium % (Min.)	Phosphorus (Available) % (Min.)	Total Ash % (Max.)
Di-calcium Phosphate	22	18	90
MDCP	24	20	90
Monocalcium Phosphate	15	18	90
Limestone	35	-	90

210 PS: 233-2012(R), ICS No: 67.120.20, PAKISTAN STANDARD POULTRY FEEDS (4TH REVISION)

Pakistan Standard and Quality Control Authority (PSQCA) Page No: 7-10

Marble powder	35	-	90
Bone meal	18	7	60
Bone Ash	34	15	99

نوٹ: ان اقسام کے شرعی احکام باب کے آخر میں آرہے ہیں۔

"فوڈ سیفٹی پر حیوانات کی خوراک کے اثرات" کے عنوان سے اقوام متحدہ کے ادارے FAO اور WHO کا کام:

Animal feed impact on food safety, Report of the FAO/WHO Expert meeting, FAO Head Quarters, Rome, 8-12 October 2007

8 تا 12 اکتوبر 2007 کو اقوام متحدہ کے ادارے FAO کے ہیڈ کوارٹرز اٹلی کے شہر روم میں FAO اور WHO کے ماہرین کی ایک مشترکہ میٹنگ ہوئی، جس میں FAO کے اینیمل پروڈکشن اینڈ ہیلتھ ڈویژن اور کنزیومر پروٹکشن ڈویژن، جبکہ WHO کے ڈیپارٹمنٹ آف فوڈ سیفٹی اور زونوسز اینڈ فوڈ برن ڈیزیز کے شعبے کے ماہرین نے شرکت کی۔(211)

اس میٹنگ کا عنوان تھا: "فوڈ سیفٹی پر حیوانات کی خوراک کے اثرات"۔

اس میٹنگ میں مذکورہ دو اداروں سے وابستہ دنیا کے مختلف ممالک سے اس موضوع سے متعلق ماہرین کو بلایا گیا تھا۔ جس میں امریکہ، اسرائیل، ڈنمارک، نیدر لینڈ، یورپین کمیشن، کینیڈا، روس، جرمنی، تنزانیہ، برازیل، اٹلی، ہندوستان، اسٹریلیا اور چائنہ کے ماہرین نے شرکت کی تھی۔ مذکورہ ممالک سے کل 16 ماہرین کو دعوت دی گئی تھی، جن میں سے 15 ماہرین نے شرکت کی، ان 15 میں سے بطورِ خاص درجِ ذیل چار ماہرین کو منتخب کیا گیا:

211 نوٹ: اس رپورٹ کو نقل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ حیوانات کی خوراک میں انسانی استعمال سے متعلق اصل مسئلہ فوڈ سیفٹی کا ہے۔ از مؤلف: عارف علی شاہ

Dr Keith Behnke

Dr. Keith C. Behnke. Professor of Feed Science, Department of Grain Science and Industry. Kansas State University. Manhattan, Kansas, USA.

Mr. Sergio Carlo Franco Morgulis

President Brazilian Association of Mineral Supplement Industries and Director of Feed Industry Union.

Dr Lea Pallaroni

Secretary General of the National Association of Feed Producers (ASSALZOO) in Italy

Mr. Bill Spooncer

Managing Director of a consulting firm. Technical Director of the Australian Renders Association.

ماہرین کے گروپ کی سفارشات:

ماہرین کے گروپ نے درجِ ذیل سفارشات مرتب کیں:

- حیوانات کی بہتر خوراک سے متعلق کوڈکس کوڈ کے معیار کو پروموٹ کیا جائے۔

CODE OF PRACTICE ON GOOD ANIMAL FEEDING. CAC/RCP 54-2004

- حیوانات کی خوراک سے متعلق خطرات کے کی تشخیص کے حوالے سے راہنما اصول اضوابط مرتب کرنا۔

- بین الاقوامی سطح پر حیوانات کی خوراک سے متعلق خطرات کی ترجیحی فہرست تیار کرنا۔
- خوراک کے ساتھ کیمیکل کے اختلاط کے حوالے سے کوڈکس کے موجودہ کوڈ

Code of Practice concerning Source Directed Measures to Reduce Contamination of Foods with Chemicals. (CAC/RCP 49-2001)

پر نظرِ ثانی کرنا اور اس میں حیوانات کی خوراک سے متلعق کیمیکل کے خطرات کو شامل کرنا

- حیوانات کی خوراک سے انسانی خوراک میں منتقل ہونے والے dioxins, dibenzofurance کی منتقلی کی شرح پر تحقیق کرنا۔
- حیوانات کی خوراک میں dioxins , dibenzofurance کی مقدار کی تشخیص کے لیے سستے اور درست طریقوں کو ترقی دینا۔
- حیوانات کی خوراک اور اس کے اجزاء ترکیبی میں Aflatoxin B1 کی تشخیص کے لیے سستے، آسان اور سادہ طریقے مرتب کرنا، تاکہ ایک عام نان ٹیکنیکل شخص بھی سہولت کے ساتھ اسے استعمال کر سکے۔
- بائیو فیولز پروسیسرز، لائیو سٹاک پروڈیوسرز اور فیڈ انڈسٹری کے درمیان رابطوں کو بڑھانا، تاکہ حیوانات کی خوراک میں خطرات کو کم سے کم کیا جا سکے۔
- ایمرجنسی صورتِ حال کے حوالے سے کوڈکس کے موجودہ کوڈ پر نظرِ ثانی کرنا۔
- انٹرنیشنل ایمرجنسی نوٹیفکیشن سسٹم فار فوڈ

The International Food Safety Authorities Network (INFOSAN) کو

حیوانات کی صحت سے متعلق عالمی تنظیم

OIE-World Organization for Animal Health کے ساتھ وسعت دینا

- قومی اور علاقائی سطح پر FAO اور WHO کے تعاون سے فوڈ اور فیڈ کے تحفظ کے لیے ایمر جنسی ریسپانس سسٹم تیار کرنا۔
- FAO اور WHO کے تعاون سے حیوانات کی خوراک سے متعلق ریگولیٹرز، انسپیکٹرز، مینوفیکچررز، لائیوسٹاک انڈسٹری، کسان اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے لیے ٹریننگ، گائیڈ لائینز اور مینولز تیار کرنا۔
- FAO اور WHO حیوانات کی خوراک سے متعلق ریگولیٹرز کی باہمی مجالس اور معلومات کے تبادلے کا اہتمام کریں گے۔ (212)

عالمی سطح پر قائم اس مجلس نے حیوانات کی خوراک کے حوالے جن مشہور خطرات کی نشاندہی کی، جس کے نتیجے میں انسانی خوراک متاثر ہو سکتی ہے۔اس کا خلاصہ درجِ ذیل ہے:

- کیمیکل مواد: (chemical substances)

حیوانات کی خوراک میں کیمیکل مواد کے حوالے سے موجود خطرات میں سے dibenzofurance , dioxins اور Dioxin-like PCBs قابلِ ذکر ہیں۔

---

212 Animal feed impact on food safety, Report of the FAO/WHO Expert meeting, FAO Head Quarters, Rome, 8-12 October 2007, Page: XVI/XVII

- پیپ وغیرہ: (mycotoxins)

اس میں حیوانات کی صحت کے لیے مضر مواد میں Aflatoxin B1, Ochratoxin A, Zearalenone, Fumonisin B1, Deoxynivalenol, T-2, HT-2 زیادہ تر مشہور ہیں۔

- بھاری دھات: (Heavy Metals)

بھاری دھات مثلاً سنکھیا (arsenic) اور پارہ (mercury) کی مقدار معدنیات اور کان کنی اور پگھلانے والی جگہوں کے قریب اگنے والی گھاس وغیرہ حیوانات کی خوراک میں زیادہ ہوتی ہے۔

- جانوروں کی ادویات: (Veterinary Drugs)

جانوروں کی ادویات کی وجہ سے بھی حیوانات کی خوراک میں خطرات پیدا ہو سکتے ہیں لہٰذا اس کے لیے مرتب شدہ معیارات کے مطابق ادویات استعمال کرنا ضروری ہے۔

- جراثیم کش ادویات: (Organochlorine Pesticides)

آس پاس کے ماحول میں جراثیم کش ادویات کی مسلسل موجودگی کی وجہ سے بھی حیوانات کی خوراک غیر محفوظ ہو سکتی ہے۔

- حیاتیاتی خطرات: (Microbiological Hazards)

حیوانات کی خوراک میں حیاتیاتی خطرات کا براہ راست سبب میدانی چراہ گاہ، چاہ، گھاس، اینیمل اور ویجیٹیبل پروٹین سے تیار شدہ خوراک ہے۔

- مذکورہ بالا خطرات کے علاوہ Salmonella, Brucella, endoparasites وغیرہ نیز زہریلے پودے (Toxic Plants) بھی حیوانات کی خوراک اور اس کے نتیجے میں انسانی خوراک کے لیے باعثِ خطرہ ہیں۔ (213)

ISO 6869:2000 Animal feeding stuffs کا جائزہ

اس بین الاقوامی معیار میں حیوانات کی خوراک کے حوالے سے calcium (Ca), copper (Cu), iron (Fe), magnesium (Mg), manganese (Mn), potassium (K), sodium (Na) and zinc (Zn) کی مقدار وغیرہ کے بارے میں گفتگو کی گئی ہے۔ (214)

مروجہ معیارات کے شرعی احکام:

گزشتہ ابواب میں مذکورہ بالا اشیاء کے بارے میں شریعہ کی تفصیلی مباحث کی روشنی میں پنجاب فیڈ ایکٹ، پولٹری فیڈز سے متعلق پاکستانی معیار PS: 233 اور ان جیسے دیگر معیارات کے شرعی احکام حسبِ ذیل ہے: واضح رہے! کہ

- حیوانات کی خوراک (Animal Feeds) اگر پاک اور حلال چیزوں سے تیار کی گئی ہے تو یہ خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔

---

213 Animal feed impact on food safety, Report of the FAO/WHO Expert meeting, FAO Head Quarters, Rome, 8-12 October 2007, Page: 13-16
214 https://www.iso.org/obp/ui/#iso:std:iso:6869:ed-1:v1:en

- حیوانات کی خوراک(Animal Feeds) کی تیاری کے وقت ناپاک اجزاء کے اندر اگر" قلبِ ماہیت "ہو گئی ہے تو اس صورت میں بھی یہ خوراک حلال اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔ مثلاً خون کو جلا کر حیوانات کی خوراک کا حصہ بنایا گیا۔
- حیوانات کی خوراک(Animal Feeds) اگر ناپاک اشیاء سے تیار کی گئی ہو اور خوراک کی تیاری کے وقت ناپاک اجزاء کے اندر " قلبِ ماہیت " بھی نہ ہوئی ہو، تو یہ خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانے اور اس کا کاروبار کرنے میں یہ تفصیل ہے کہ ناپاک دو طرح کا ہے: نجس اور متنجس۔
- پہلی صورت یعنی جب حیوانات خود ایسی گندی چیزیں کھائیں، اس صورت میں اگرچہ جانوروں کے گندگی کھانے سے متعلق جواز یا عدم جواز کا سوال نہیں ہو گا ، مگر "جلاّلہ " ہونے کی بناء پر خود ایسے جانور کی حلّت یا کراہت کا مسئلہ ہو گا جس کی تفصیل چوتھی فصل میں مذکور ہے۔
- دوسری صورت یعنی حیوانات کو اپنے اختیار سے گندگی کھلائی جائے، اس میں یہ تفصیل ہے:
- ناپاک کی پہلی قسم یعنی خالص نجس حیوانات کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز نہیں۔
- دوسری قسم یعنی "متنجس" "ناپاک چیزیں" اس شرط کے ساتھ کہ نجاست مغلوب ہو، حیوانات کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔

خون سے بننے والی مرغیوں کی خوراک(Blood Meal) کا شرعی حکم:

- تمام حیوانات کی رگوں سے نکلنے والا بہتا ہوا خون بالاجماع ناپاک اور حرام ہے، خواہ جانور حلال ہوں یا حرام، شرعی طریقہ پر ذبح شدہ ہوں یا غیر شرعی طریقہ پر، لہٰذا خالص خون کی بیع ناجائز ہے اور اس کی کمائی بھی حرام ہے، البتہ اگر فیکٹری میں خون لایا گیا اور اُسے پاک چیزوں کے ساتھ ملایا گیا تو خون خریدنے اور ملانے کا عمل ناجائز ہے، اس کا گناہ ہو گا البتہ ایسی پاک اور ناپاک چیزوں کے مجموعہ سے بنی خوراک میں اگر خون مغلوب ہو اور دوسری پاک چیزیں غالب ہوں، تو ایسی خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہو گا ورنہ نہیں۔

مچھلیوں سے تیار ہونے مرغیوں کی خوراک(Fish Meal) کا شرعی حکم:

- مچھلیوں کے مختلف اجزاء سے تیار ہونے والی خوراک مطلقاً پاک ہے، اس لئے ایسی خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔

گوشت سے بننے والی مرغیوں کی خوراک(Meat Meal) کا شرعی حکم:

- شرعی طور پر ذبح شدہ حلال جانور کے(خون کے علاوہ)تمام اجزاء مثلاً گوشت وغیرہ سے تیار کردہ خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔

- مردار جانور کا گوشت چربی وغیرہ کسی صورت مال نہیں لہذا اس کی بیع جائز نہیں، البتہ اگر یہ چیزیں دوسری پاک چیزوں کے ساتھ ملا کر خوراک تیار کی جائے تو ایک مسلمان کے لیے یہ ملانا جائز نہ ہو گا مگر ایسی خوراک جانوروں / مرغیوں کو کھلانا اور اس کا کاروبار اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ پاک چیزیں غالب ہوں۔
- سڑے ہوئے پاک گوشت اور چربی وغیرہ سے تیار کردہ خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانا اور اس کی بیع کرنا جائز ہے۔
- شرعی طریقہ پر ذبح شدہ اور مردار جانور کی کھال دباغت کے بعد اسی طرح مردار کی ہڈیاں خشک ہونے کے بعد پاک ہیں، لہذا اس کی بیع جائز ہے، اور اس سے بننے والی خوراک جانورں / مرغیوں کو کھلانا جائز ہے۔
- خنزیر کے علاوہ تمام "غیر ماکول اللحم" جانوروں کو اگر اسلامی طریقہ پر ذبح کیا جائے تو اُن کا گوشت، چربی وغیرہ سب اجزاء پاک ہو جاتے ہیں، لہذا ان کی خرید وفروخت بھی جائز ہے اور اُن سے بننے والی خوراک جانوروں / مرغیوں کو کھلانا بھی جائز ہے۔ اس لئے کہ حیوانات کو خالص نجس چیزیں کھلانا جائز نہیں۔ جو چیزیں پاک ہیں وہ جانوروں کو کھلانے میں کوئی حرج نہیں، بشرطیکہ ان سے ضرر نہ ہو۔

ہڈیوں سے بننے والی مرغیوں کی خوراک(Bone Meal) کا شرعی حکم:

- شرعی طریقہ پر ذبح شدہ حلال جانورں کی ہڈیاں حلال ہیں، لہٰذا ان سے تیار کردہ خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔
- خنزیر کے علاوہ دوسرے مردار جانور کی ہڈیاں خشک اور صاف ہو جائیں، تو خشک ہو جانے کے بعد انسانوں کے حق میں کھانے کے علاوہ ہر استعمال کو فقہاء کرام نے جائز لکھا ہے۔ لہٰذا ایسی ہڈیوں کی بیع بھی جائز ہے اور جانوروں / مرغیوں کو اس سے بنائی گئی خوراک کا کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا بھی جائز ہے۔

مرغی کی آلائشوں اور اس کے دوسرے اجزاء سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک(Poultry By Product Meal) کا شرعی حکم:

- مردار یا غیر شرعی طریقہ پر ذبح شدہ مرغی حرام ہے؛ لہٰذا اس کا کاروبار کرنا ناجائز اور حرام ہے۔
- شرعی طریقہ پر ذبح شدہ مرغی کا خون حرام ہے؛ لہٰذا اس کا کاروبار کرنا ناجائز اور حرام ہے، البتہ اگر فیکٹری میں خون لایا گیا اور پاک چیزوں کے ساتھ ملایا گیا تو یہ خریدنا اور ملانا ناجائز ہے، ایسا کرنے والوں کو اس عمل کا گناہ ہو گا، تاہم ایسی خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانا اور اس کی بیع کرنا جائز ہے۔ بشرطیکہ ایسی خوراک پر حلال چیزیں غالب ہوں اور حرام و نجس مغلوب۔

- مرغی کی آنتوں میں موجود گندگی نجس ہے اس لئے بذاتِ خود اس کی بیع جائز نہیں البتہ اگر آنتوں سے نجاست کو نکال لیا جائے تو مرغی کی آنتیں پاک ہیں اور ان کی بیع جائز ہے، لیکن اگر نجاست نکالے بغیر بھی آنتوں کی بیع کی جائے تو یہ بیع بھی اس بناء پر جائز ہو گی کہ اصل آنتوں کو سمجھا جائے گا اور گندگی تابع ہو گی۔ اسی بناء پر اس مجموعہ سے بننے والی خوراک جانوروں / مرغیوں کو کھلانا بھی جائز ہے، بشرطیکہ گندگی آنتوں وغیرہ پاک چیزوں سے زیادہ نہ ہو۔

مختلف قسم کے شیرہ جات /رس / عرق سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک (Molasses) کا شرعی حکم:

- مختلف قسم کے شیرہ جات، رس، عرق Molasses وغیرہ اگر مضر نہیں تو یہ چیزیں اور ان سے تیار کردہ خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔

مختلف قسم کے اناج، دانے (Cereals / Coarse Grains)، نباتاتی پروٹین کے ذرائع (Vegetable Protein Sources) اور مختلف قسم کے نباتاتی تیل سے تیار کردہ حیوانات کی خوراک (Vegetable Oil) کا شرعی حکم:

- مختلف قسم کے اناج، دانے، نباتاتی پروٹین کے ذرائع اور نباتاتی تیل سے تیار کردہ غیر مضر خوراک حیوانات کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔

تیزابی نمک سے تیار کردہ حیوانات کی خوراک (Di calcium) کا شرعی حکم:

- تیزابی نمک Di calcium وغیرہ اگر مضر نہیں تو یہ چیزیں اور ان سے تیار کردہ خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔

چونے کے پتھر سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک (Limestone) کا شرعی حکم:

- چونے کا پتھر Limestone وغیرہ اگر مضر نہیں تو یہ چیزیں اور ان سے تیار کردہ خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔

ماربل پاؤڈر سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک کا شرعی حکم:

- ماربل پاؤڈر Marble Powder وغیرہ اگر مضر نہیں تو اس سے تیار کردہ خوراک مرغیوں یا دوسرے جانوروں کو کھلانا اور اس کا کاروبار کرنا جائز ہے۔

چند ضروری تنبیہات:

ناپاک اشیاء کے اندر قلبِ ماہیت کی بنیاد پر طہارت کا فیصلہ مستند مفتیانِ کرام کرینگے۔

- واضح رہے کہ مرغیوں کی درجِ بالا تفصیل خوراک بنانے اور کھلانے کے بارے میں تھی لیکن ایسی مرغیوں کا گوشت حلال ہے جن کی خوراک میں غالب حرام ہو مگر حرام غذا اور نجاست وغیرہ کھانے سے ان کے گوشت میں بدبو پیدا نہ ہوئی ہو،

البتہ بہتر یہ ہے کہ ایسی مرغیوں کو تین روز تک بند رکھ کر حلال غذا دی جائے، پھر ذبح کیا جائے۔

- اگر حیوانات کے گوشت میں نجاست کھانے سے بدبو پیدا ہو جائے، تو ان کو اتنی مدت بند رکھ کر اور حلال غذا دینا ضروری ہے کہ بدبو زائل ہو جائے، بدبو زائل ہونے سے قبل ذبح کر دیا تو اس کا گوشت کھانا ناجائز ہو گا۔

ضرر کی بنیاد پر حکومتِ وقت بعض پاک چیزوں پر بھی پابندی لگا سکتی ہے:

عرفِ عام میں ضرر کا لفظ بہت وسیع معانی کے لیے استعمال ہوتا ہے، چھوٹی چھوٹی چیزوں کو احتمالِ بعید یا بسا اوقات وہم کی وجہ سے کہتے ہیں کہ یہ چیز انسانی صحت کے لئے مضر ہے ظاہر ہے کہ ضرر اتنے وسیع مفہوم میں کسی چیز کے حرام ہونے کا سبب نہیں بنتا، بلکہ اس کے لیے شریعت کی روشنی میں کچھ شرائط و ضوابط ہیں جن کا خلاصہ درجِ ذیل ہے:

پہلی شرط:

اس بات پر تمام فقہاء کرام کا اتفاق ہے کہ تمام مفید چیزیں حلال ہیں اور تمام مضر چیزیں ضرر کی وجہ سے حرام ہیں لیکن جیسا کہ یہ بات معلوم ہے کہ مضر چیزیں ضرر کی علت کی وجہ سے حرام ہیں، لہٰذا شرعی اصول کے مطابق جہاں شرعی علت ہو گی وہاں شرعی حکم لگے گا اور جہاں علت نہیں ہو گی وہاں حکم بھی نہیں لگے گا۔ لہٰذا ضرر کی وجہ

سے حرام چیزوں کے اندر بھی جب ضرر کی علت ختم ہو گی تو حرمت کا حکم بھی ختم ہو گا۔ چاہے یہ علت سرے سے ہی ختم ہو جائے یا استعمال کرنے والے (User) کے اعتبار سے مفقود ہو جائے۔ اس حوالے فقہی عبارات گزشتہ بحث فوڈ سیفٹی کے ذیل میں گزر گئی۔

دوسری شرط:

ضرر کی وجہ سے حرام چیزوں کے اندر ضرر کی علت کا یقینی یا ظنِ غالب کے درجے میں موجود ہونا ضروری ہے چاہے یہ ضرر فوری طور پر ہلاکت و نقصان کا باعث ہو، جیسے زہر کا کھانا پینا، یا آہستہ آہستہ ہلاکت و نقصان کا باعث ہو، مثلاً سلو پوائزن (Slow Poison) وغیرہ۔(215)

تیسری شرط:

جیسا کہ معلوم ہوا کہ ضرر کی وجہ سے حرام چیزوں کے اندر بھی جب ضرر کی علت استعمال کرنے والے (User) کے اعتبار سے مختلف ہو سکتی ہے کہ کسی کے لیے

215 لا يحل أكل السم القاتل ببطء أو تعجيل --- ولا الإكثار من طعام يمرض الإكثار منه الخ.(الإعلاء: 465/7)

کوئی چیز مضر ہو کسی کے لیے نہ ہو۔ جیسا کہ کسی خاص حالت می ڈاکٹر کسی کو کسی چیز منع کرے تو اس شخص کے لیے اس چیز کا کھانا شرعاً بھی درست نہیں ہو گا۔(216)

چوتھی شرط:

حرمت کا معیار بننے کے لیے مضر چیز کا بلا واسطہ یعنی براہِ راست مضر ہونا شرط ہے، بالواسطہ مضر ہونا موجبِ حرمت نہیں۔

پانچویں شرط:

حرمت کا معیار بننے کے لیے کسی چیز کا خالص مضر ہونا شرط ہے یعنی کسی چیز میں صرف ضرر و نقصان ہی ہو۔ اگر کوئی چیز خالص مضر نہ ہو، بلکہ اس میں فائدہ بھی ہو تو ایسی صورت میں غالب کا اعتبار ہو گا کہ جن چیزوں میں ضرر و نقصان کا پہلو غالب ہو، وہ ناجائز ہوں گی اور جن چیزوں میں ضرر و نقصان کا پہلو مغلوب ہو، وہ جائز ہوں گی۔(217)

---

216 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (6/ 460)

(قوله ربما أضر بالبدن) الواقع أنه يختلف باختلاف المستعملين ط.

العقود الدرية في تنقيح الفتاوى الحامدية (2/ 332)

إثبات حرمته أمر عسير لا يكاد يوجد له نصير نعم لو أضر ببعض الطبائع فهو عليه حرام ولو نفع ببعض وقصد به التداوي فهو مرغوب ولو لم ينفع ولم يضر هذا ما سنح في الخاطر إظهارا للصواب من غير تعنت ولا عناد في الجواب.

217 العقود الدرية في تنقيح الفتاوى الحامدية (2/ 332)

الأصل في المضار التحريم، والمنع لقوله – عليه الصلاة والسلام – «لا ضرر ولا ضرار في الإسلام» وأيضا ضبط أهل الفقه حرمة التناول إما بالإسكار كالبنج وإما بالإضرار بالبدن كالتراب، والترياق

چھٹی شرط:

کسی چیز کا مضر ہونا غیر منصوص چیزوں کے لیے حرمت کا معیار ہے، جن چیزوں کا حکم قرآن وسنت میں منصوص یعنی واضح طور پر (Categorically) موجود ہو ان کے بارے میں ضرر کے ہونے یا نہ ہونے کی علت نہیں چلے گی۔(218)

ساتویں شرط:

جن چیزوں کے حرام ہونے کی علت ضرر ہے، ایسی چیزوں کی قلیل غیر مضر مقدار کا استعمال جائز ہے۔ (219)

أو بالاستقذار كالمخاط، والبزاق وهذا كله فيما كان طاهرا وبالجملة إن ثبت في هذا الدخان إضرار صرف خال عن المنافع فيجوز الإفتاء بتحريمه وإن لم يثبت انتفاعه فالأصل حله.

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (6/ 459)

فإنه لم يثبت إسكاره ولا تفتيره ولا إضراره، بل ثبت له منافع، فهو داخل تحت قاعدة الأصل في الأشياء الإباحة وأن فرض إضراره للبعض لا يلزم منه تحريمه على كل أحد، فإن العسل يضر بأصحاب الصفراء الغالبة وربما أمرضهم مع أنه شفاء بالنص القطعي.

218 الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (6/ 449)

(قوله لعينها إلخ) أي لا لعلة الإسكار فتحرم القطرة منها.

219 وأمّا السم فإذا خرج عن كونه مضرًا لقلته أو عجنه بغيره فلا يحرم. (احياء العلوم:151/2)

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (4/ 42)

ونظير ذلك ما كان سميا قتالا كالمحمودة وهي السقمونيا ونحوها من الأدوية السمية فإن استعمال القليل منها جائز، بخلاف القدر المضر فإنه يحرم، فافهم واغتنم هذا التحرير.

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (6/ 457)

وهكذا يقول في غيره من الأشياء الجامدة المضرة في العقل أو غيره، يحرم تناول القدر المضر منها دون القليل النافع، لأن حرمتها ليست لعينها بل لضررها.

آٹھویں شرط:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس بھی حکمران (امیر، گورنر، افسر وغیرہ) کو مسلمانوں کے امور سپرد کیے گئے اور اس کے بعد وہ رعایا کے مفاد کے لیے کوشش نہیں کرتا اور ان کی خیر خواہی نہیں چاہتا، وہ مسلمانوں کے ساتھ جنت میں داخل نہیں ہو گا۔(220)

جو چیزیں ضرر کی وجہ سے حرام ہیں ان میں مذکورہ شرائط کی رو سے حکومتِ وقت کے لیے نہ صرف جائز، بلکہ ضروری ہے، کہ اس چیز پر پابندی لگائے، لیکن اس کے لیے ایک اضافی شرط یہ ہے کہ کسی چیز کو ضرر کی بناء پر حکومتِ صرف اس وقت پابندی لگا سکتی ہے جب اس چیز کا عوام الناس کے لیے شرعی درجے کا مضر ہونا غیر جانبدار مستند ذرائع سے ثابت ہو اور اس میں نیک نیتی کے ساتھ واقعی عوام کی فلاح وبہود مقصود ہو، کسی خاص فرد یا ادارے کو بے جا فائدہ یا نقصان پہنچانا مقصود نہ ہو۔(221)

---

220 صحيح مسلم (3/ **1460**)

221 الأشباه والنظائر لابن نجيم (ص: **104**)

القاعدة الخامسة: تصرف الإمام على الرعية منوط بالمصلحة... وأصلها ما أخرجه سعيد بن منصور عن البراء قال: قال عمر رضي الله عنه: (إني أنزلت نفسي من مال الله تعالى بمنزلة ولي اليتيم إن احتجت أخذت منه فإذا أيسرت رددته فإن استغنيت استعففت...فعلى هذا لا يجوز له التفضيل ولكن قال في المحيط من كتاب الزكاة: والرأي إلى الإمام من تفضيل، وتسوية من غير أن يميل في ذلك إلى هوى، ولا يحل لهم إلا ما يكفيهم، ويكفي أعوانهم بالمعروف، وإن فضل من المال شيء بعد إيصال الحقوق إلى أربابها قسمه بين المسلمين، وإن قصر في ذلك كان الله عليه حسيبا... تنبيه: إذا كان فعل الإمام مبنيا على المصلحة فيما يتعلق بالأمور العامة لم ينفذ

طبی ماہرین کی رائے میں اگر کسی چیز کا حیوانات یا انسانوں کے لیے مضر صحت ہونا ثابت ہو جائے تو حکومت حیوانات کی خوراک میں اس چیز کے استعمال پر پابندی لگا سکتی ہے اور شرعاً اس کی اجازت نہیں ہو گی۔

أمره شرعا إلا إذا وافقه، فإن خالفه لم ينفذ، ولهذا قال الإمام أبو يوسف رحمه الله في كتاب الخراج من باب إحياء الموات: وليس للإمام أن يخرج شيئا من يد أحد إلا بحق ثابت معروف (انتهى)

المنثور في القواعد الفقهية (1/ 309)

[تصرف الإمام على الرعية منوط بالمصلحة] نص عليه: قال (الفارسي) في عيون المسائل: قال الشافعي رحمه الله: منزلة الوالي من الرعية: منزلة الولي من اليتيم انتهى. وهو نص في كل وال.

مقاصد الشريعة الإسلامية (3/ 534)

كل مؤتمن على حق فتصرفه فيه منوط بالمصلحة بحسب اجتهاده المستند إلى الوسائل المعروفة في استجلاب المصالح. فليس له أن يكون في تصرفه جبارا ولا مضياعا.

الأشباه والنظائر للسيوطي (ص: 121)

القواعد الفقهية وتطبيقاتها في المذاهب الأربعة (1/ 493)

تصرف الإمام على الرعية منوط بالمصلحة. منزلة الإمام من الرعية منزلة الولي من اليتيم.

التوضيح: إن نفاذ تصرف الراعي على الرعية، ولزومه عليهم شاؤوا أو أبوا معلق ومتوقف على وجود الثمرة والمنفعة في ضمن تصرفه، دينية كانت أو دنيوية، فإن تضمن منفعة ما وجب عليهم تنفيذه، وإلا ردّ، لأن الراعي ناظر، وتصرفه حينئذٍ متردد بين الضرر والعبث وكلاهما ليس من النظر في شيء. والمراد من الراعي: كل من ولي أمراً من أمور العامة، عاماً كان كالسلطان

الأعظم، أو خاصاً كمن دونه من العمال، فإن نفاذ تصرفات كل منهم على العامة مترتب على وجود المنفعة في ضمنها، لأنه مأمور من قبل الشارع صلى الله عليه وسلم أن يحوطهم بالنصح، ومتوعد من قبله على ترك ذلك بأعظم وعيد.

وهذه القاعدة ترسم حدود الإدارات العامة والسياسة الشرعية في سلطان الولاة وتصرفاتهم على الرعية، فتفيد أن أعمال الولاة النافذة على الرعية يجب أن تبنى على المصلحة للجماعة وخيرها، لأن الولاة من الخليفة فمن دونه ليسوا عمالاً لأنفسهم،وإنما هم وكلاء عن الأمة في القيام بأصلح التدابير لإقامة العدل، ودفع الظلم، وصيانة الحقوق والأخلاق، وضبط الأمن، ونشر العلم، وتطهير المجتمع من الفساد، وتحقيق كل خير للأمة بأفضل الوسائل، مما يعبر عنه بالمصلحة العامة،فكل عمل أو تصرف من الولاة على خلاف هذه المصلحة مما يقصد به استثمار أو استبداد، أو يؤدي إلى ضرر أو فساد، هو غير جائز.

ان تمام مسائل کی شرعی اور فقہی بحث اور حوالاجات گزشتہ ابواب میں گزر چکی ہے۔

آٹھواں باب

حیوانات کی خوراک سے متعلق مطبوعہ فتاویٰ کا خلاصہ

نوٹ: ان مسائل میں بندہ نے اکابر کے فتاویٰ سے مفہوم نقل کرنے کی کوشش کی ہے، الفاظ کا ایک ہونا ضروری نہیں۔

- خنزیر کے علاوہ دیگر تمام زندہ بری، بحری یا برمائی، حیوانات کی خرید و فروخت اور ان کی کمائی اس شرط پر جائز ہے، کہ اس جگہ اس کی قیمت (Value) اور اس کی خرید و فروخت کا رواج ہو۔(امداد الاحکام:03/390)
- حیوانات کو انسانی دودھ پلانا درست نہیں، تاہم انسانی دودھ پلانے کی وجہ سے حلال جانور کا گوشت حرام نہیں ہوتا، بشرطیکہ انسانی دودھ پلانے کے فوری بعد اسے ذبح نہ کیا گیا ہو۔(امداد الاحکام:04/301)
- خون کو جلا کر راکھ کر دینے کے بعد اس کی خرید و فروخت جائز ہے۔(امداد الاحکام:03/370)(فتاویٰ حقانیہ:06/54)
- خون اگرچہ مال متقوم نہیں، کہ اس کو فروخت کیا جائے، لیکن بسا اوقات عرف کی وجہ سے ضرورت کے تحت ایک غیر مال بھی مال بن جاتا ہے، اور

فقہاء اسلام نے اس کی بیع کو جائز قرار دیا ہے، مثلاً گوبر وغیرہ۔ آج کل جانوروں کے خون سے چونکہ فارمی مرغیوں کی خوراک بنتی ہے اور ضرورت کے تحت عموماً اس کا کاروبار ہوتا ہے اس لیے بناء بر عرف اس کو مال سمجھا جائے گا۔(فتاویٰ حقانیہ:06/54)

- اگر کسی وقت خون کی بھی قیمت عرفاً جائے تو اس کی خرید و فروخت درست ہے(فتاویٰ حقانیہ:06/54)
- مردار جانوروں کے خون اور دوسرے اجزاء سے تیار کردہ مرغیوں کی خوراک کی خرید و فروخت اور مرغیوں کو کھلانا جائز نہیں، البتہ ایسی مرغیاں حلال ہیں، گوشت کی حرمت کے لیے شرط یہ ہے کہ نجس غذاء کی وجہ سے گوشت میں بدبو پیدا ہو جائے، جو یہاں موجود نہیں۔ (احسن الفتاویٰ:08/126) (222)
- شریعت نے چند اصولوں کی بنیاد پر جن جانوروں کی حلت و حرمت کا حکم دیا ہے اس میں ان جانوروں کے تمام انواع واقسام شامل ہیں، کسی نوع کی آپس میں جسامت، قدو قامت، وغیرہ میں فرق کی وجہ سے اس کے شرعی حکم پر کوئی اثر نہیں پڑتا، مثلاً بھیڑ حلال ہے تو بھیڑ کے تمام انواع حلال ہیں۔ (فتاویٰ بینات:04/589)
- خنزیر کا گوشت ودیگر اجزاء، خون، شراب یا دیگر خالص نجس العین چیزیں جانوروں کو کھلانا حرام ہے۔(عزیز الفتاویٰ:01/722)

---

(222) احسن الفتاویٰ کا یہ فتویٰ نجاست کی غالب مقدار کے ساتھ مشروط کرنا مناسب ہے۔ از مؤلف:عارف علی شاہ

- تحقیق کرنے سے یہ معلوم ہوا ہے کہ مرغیوں کی غذاء میں خون یا دوسرے نجس اجزاء نہایت کم مقدار میں ہوتے ہیں، دوم یہ کہ اس غذاء کی تیاری میں کیمیکلز استعمال ہوتے ہیں جس کی وجہ سے خون اور دیگر نجس اجزاء کی ماہیت بدل جاتی ہے، لہٰذا قلبِ ماہیت اور ناپاک اجزاء کے مغلوب ہو جانے کی وجہ سے فارمی مرغیوں کا کھانا، ان کی خرید وفروخت اور ہبہ وغیرہ سب درست اور جائز ہے۔(فتاویٰ حقانیہ:06/112)
- اگر مرغی کے گوشت میں حرام غذاء اور نجاست وغیرہ کھانے سے بدبو پیدا ہو جائے، تو اس کو اتنی مدت بند رکھ کر حلال غذاء دیناضروری ہے، کہ بدبو زائل ہو جائے، بدبو زائل ہونے سے پہلے ذبح کر دیا تو اس کا گوشت حلال نہیں ہو گا۔(احسن الفتاویٰ:07/408)
- اگر حلال جانور اس قدر نجاست کھاتا ہے کہ اس سے بدبو آنے لگے تو اس کا کھانا جائز نہیں، جب تک کہ اس کو اتنے روز بند نہ کیا جائے کہ بدبو زائل ہو جائے۔ دودھ کا بھی یہی حکم ہے۔(امداد الاحکام:04/300)،(فتاویٰ حقانیہ :06/53)(فتاویٰ حقانیہ:06/112)،(فتاویٰ محمودیہ:17/305)
- اگر حلال جانور میں گندی چیزیں کھانے کی وجہ سے بدبو پیدا نہیں ہوئی، تو اس کا کھانا جائز ہے، مگر مکروہِ تنزیہی ہے، اس لیے چند روز بند رکھنا چاہیے۔ دودھ کا بھی یہی حکم ہے۔　(امداد الاحکام:04/300)
- آوارہ مرغی کو تین دن بند رکھ کر حلال وپاک چیزیں کھلا کر ذبح کرنا افضل ہے تاہم اگر بند کیے بغیر بھی ذبح کر لیا تب بھی جائز ہے۔(امداد الاحکام:04/315)

- حلال جانور کو خنزیر کا گوشت کھلایا گیا، تو ذبح کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ چند روز تک اس کو حلال غذاء دی جائے تا کہ خنزیر کے گوشت کا اثر زائل ہو۔(امداد الفتاویٰ:04/105)
- مرغی کی غذاء کا غالب حصہ اگر ناپاک اور نجس ہو تو اس کا کھانا مکروہ ہے، اس کو تین دن بند رکھا جائے اور حلال غذاء دی جائے اس کے بعد ذبح کر کے کھایا جائے اور ان کی خوراک میں حلال غالب ہو تو کھانا جائز ہے۔ اور جو حکم مرغی کے گوشت کا ہے وہی حکم اس کے انڈے کا ہے۔
(آپ کے مسائل اور ان کا حل:05/508)
- ناپاک پانی پینے والے حلال جانور کا گوشت، دودھ اور اس سے بننے والی چیزیں، گھی، پنیر وغیرہ پاک اور حلال ہیں۔(تسہیلِ بہشتی زیور:02/271)
- بکری یا گائے کے بچے نے کتیاں کا دودھ پی کر پرورش پائی ہو تو اس کا گوشت حلال ہے، بشرطیکہ کہ نجس دودھ پلانے کے چند روز بعد پاک خوراک کھلا کر اسے ذبح کیا جائے۔(عزیز الفتاویٰ:01/700)(فتاویٰ حقانیہ:06/113)
- بکری کا بچہ خنزیر کا دودھ پی کر پرورش پائے، تو اس کا گوشت حلال ہے، وہ خنزیر کے حکم میں نہیں، بشرطیکہ کہ نجس دودھ پلانے کے چند روز بعد پاک خوراک کھلا کر اسے ذبح کیا جائے۔(فتاویٰ محمودیہ 08/243)
- سور کا گوشت اور چربی وغیرہ مل ہوئی پولٹری فیڈ کھلانے کے بعد اگر اس نجاست کا اثر گوشت میں آتا ہے اور گوشت میں بدبو پیدا ہوتی ہے تو ایسے مرغیوں کا کھانا جائز نہ ہوتا، لیکن چونکہ اس سے گوشت میں بدبو پیدا نہیں

ہوتی اور یہ مشاہدہ ہے، لہٰذا فارمی مرغیاں اور ان کے انڈے حلال ہیں اور ان کے کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں۔(فتاویٰ عباد الرحمٰن:01/275)

- "جلالہ" عربی لغت میں کھانے کے لیے نجاست تلاش کرنے والی گائے کو کہتے ہیں۔(کتاب الفتاویٰ:04/191)
- فقہاء کی اصطلاح میں "جلالہ "اس جانور کو کہتے ہیں جو نجاست ہی کو اپنی خوراک بناتا ہو اور دوسری چیزیں نہ کھاتا ہو۔(کتاب الفتاویٰ:04/191)
- اگر کوئی جانور صرف نجاست ہی کے کھانے پر اکتفاء نہ کرتا ہو، بلکہ پاک وناپاک دونوں طرح کی چیزیں کھاتا ہو، تو وہ "جلالہ "نہیں ہو گا۔(کتاب الفتاویٰ:04/191)
- جانور کی خوراک میں اگر فضلہ وغیرہ ملا دیا جائے تو پھر ایسی مخلوط غذاء کھانے والا جانور "جلالہ "شمار نہیں کیا جائے گا۔(کتاب الفتاویٰ:04/191)
- "جلالہ "کا حکم یہ ہے کہ اس کے کھانے کی ممانعت اس وقت ہو گی جب کہ جانور کے گوشت میں بدبو پیدا ہو جائے، علامہ شامیؒ نے نقل کیا ہے کہ "جلالہ "کا حکم اس جانور پر ہو گا کہ قریب ہو تو بدبو آئے۔(کتاب الفتاویٰ:04/191)
- "جلالہ "اونٹ کے لیے چالیس دن، گائے، بیل ہو تو بیس دن، بکری وغیرہ کو دس دن، مرغی کو تین دن، اور کوریا ایک دن روکا جائے اس کے بعد اس کو ذبح کر کے اس کے گوشت میں کراہت نہیں۔(کتاب الفتاویٰ:04/192)
- "جلالہ " کی کراہت وممانعت دائمی نہیں، بلکہ ایک متعین وقفہ جس میں جانور کو ایسی گندی چیزیں کھانے سے بچایا جائے، تو اس کے گوشت کی کراہت ختم ہو جاتی ہے۔(کتاب الفتاویٰ:04/192)

نواں باب

حلال حیوانات کو مختلف قسم کی خوراک کھلانے کے بعد ان کے گوشت وغیرہ کے شرعی حکم

اب تک کی تفصیل حیوانات کے لیے مختلف قسم کی خوراک (Animal Feed) تیار کرنے، اس کا کاروبار کرنے اور حیوانات کو ایسی خوراک کھلانے سے متعلق تھی۔ تاہم اس طرح کی خوراک کھلانے کے بعد ایسے حلال حیوانات کو اگر شرعی طریقے پر ذبح کیا گیا تو ان کا گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں؟

اس کا جواب یہ ہے کہ حیوانات کی طرف "جلالہ" کا شرعی حکم متوجہ ہو گا کہ اگر کوئی حیوان خوراک کے نتیجے میں "جلالہ" کے زمرے میں داخل ہوتا ہے تو اس کا گوشت کھانا جائز نہیں۔

"جلالہ" حلال حیوانات کو ذبح کرنے سے پہلے تین روز تک یا حسبِ ضرورت بند رکھ کر پاک صاف غذا دی جائے، پھر ذبح کیا جائے۔

اس لیے کہ اگر مرغیوں کے گوشت میں حرام غذا اور نجاست وغیرہ کھانے سے بدبو پیدا ہو جائے، تو اس کو اتنی مدت بند رکھ کر اور حلال غذا دینا ضروری ہے کہ بدبو زائل ہو جائے، بدبو زائل ہونے سے قبل ذبح کر دیا تو اس کا گوشت کھانا مکروہ اور ناجائز ہو گا۔


عصرِ حاضر کے فارمی حلال مذبوحہ حیوانات کا گوشت حلال ہے، بشر طیکہ خوراک کی وجہ سے ان کے گوشت میں ضرر پیدا نہ ہو۔(223)


ایک ضروری وضاحت:


واضح رہے کہ اس مسئلہ کے بارے میں اب تک جتنی بھی تفصیل بندہ نے پیش کی ہے وہ بالکل حتمی رائے نہیں، بلکہ کئی سالوں سے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس شعبے کو قریب سے دیکھنے، کچھ عملی کام کرنے اور بڑوں کی دعاؤں کے نتیجہ میں محض ایک طالب علمانہ رائے اور اس موضوع پر میری ابتدائی سوچ میری فہم کا نتیجہ ہے جس کا مقصد مزید تحقیق کے لیے بنیاد فراہم کرنا ہے، میری ناقص معلومات کے مطابق حیوانات کی خوارا ک کے بارے میں خالص فقہی نقطہ نظر سے اب تک شاید کسی نے اس پر بحث کی ہو۔


دلیل کی بنیاد پر اختلافِ رائے کا حق ہر کسی کو ہوتا ہے، میں اپنی رائے میں غلطی کے امکان کو یکسر مسترد نہیں کرتا، ممکن ہے کہ کسی کی رائے ہمارے موقف کے خلاف ہو، اور اس کی رائے درست بھی ہوسکتی ہے، لہٰذا ہم اس کی رائے کا بھی احترام کریں گے، اسی وجہ سے ہم یہ درخواست کرتے ہیں کہ عصرِ حاضر میں فقہی میدان میں کام کرنے والے علماء کرام کو چاہیے کہ اس موضوع پر مزید تحقیق فرمائیں اور ان کی طرف سے مضبوط شرعی دلائل کی روشنی میں ہماری رائے کے علاوہ کوئی اور مضبوط شرعی موقف سامنے آئے، اس کو بخوشی قبول کرنے میں کسی کو بھی کوئی تامل نہیں ہونا چاہیے۔"


223 فتویٰ:943-1434943/ M=8/، دارالافتاء، دارالعلوم دیوبند
http://www.darulifta-deoband.com/home/ur/Food--Drinks/46011


نظر ثانی واضافہ شدہ دوسرا ایڈیشن
ماکولات مشروبات، ادویات اور کاسمیٹکس سے متعلق
حلال سرٹیفکیشن
شریعت کی روشنی میں
HALAAL CERTIFICATION
In the light of Shari'ah
مؤلف
مفتی سید عارف علی شاہ الحسینی
ناشر
SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN


الکوحل سے متعلق
شرعی احکام
مؤلف
مفتی سید عارف علی شاہ الحسینی
ناشر:
SANHA HALAL ASSOCIATES PAKISTAN


The Shari'ah Laws Regarding
HALAAL
FOODS
Other Than Meat
Mufti Shoaib Alam
Shari'ah Advisor
SANHA HALAAL ASSOCIATES
PAKISTAN
PUBLISHER:
SANHA Halal Associates Pakistan


The Shari'ah Laws Regarding
ALCOHOL
In Light of the Quran, Sunnah and
Islamic Jurisprudence
800
600
400
Author:
Mufti Syed Arif Ali Shah
Shariah scholar
PUBLISHER:
SANHA Halal Associates Pakistan


HALĀL
CERTIFICATION
in The Light of The Sharī'ah
Author:
Mufti Syed Arif Ali Shah
Shariah scholar
Jamia Darul Uloom Karachi
MPhil/PhD Scholar (Unified World Halaal Standard)
University of Karachi Pakistan
Halaal Certification Manager
SANHA Halaal Associates Pakistan.
Member (as Sharia Expert/Mufti)
National Standardization Committee for Halal. (NSC Halal)
Pakistan Halal Standardization Technical Committees:
Pakistan Standard Quality and Control Authority (PSQCA)
Federal Ministry of Science and Technology Govt. of Pakistan
PUBLISHER:
SANHA Halal Associates Pakistan